★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعتہ المبارک 5 شوال 1446ھ، 4 اپریل 2025ء، 20 چیت 2081 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 153

ملک کو بھٹو ویژن کے مطابق خودمختار اور ترقی یافتہ بنائیں گے

صدر زرداری

صدر مملکت کا ذوالفقار علی بھٹو کی برسی پر تعزیتی پیغام، شاندار الفاظ میں خراج تحسین، پاکستان کے عظیم رہنما شہید ذوالفقار علی بھٹو کی برسی کے موقع پر ان کی خدمات، جدوجہد اور قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں

شہید بھٹو ایک عظیم مدبر، جرات مند رہنما، اور عوام کے حقیقی نمائندہ تھے، شہید ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان کے ایٹمی پروگرام کی بنیاد رکھی، ملک کی خارجہ پالیسی کو ایک آزاد اور خودمختار تشخص دیا: بیان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ ہم شہید ذوالفقار علی بھٹو کے مشن کو جاری رکھیں گے اور پاکستان کو ان کے وژن کے مطابق ترقی یافتہ، خودمختار عوام دوست ملک بنائیں گے۔ نجی ٹی وی کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے شہید ذوالفقار علی بھٹو کی برسی پر پیغام میں کہا کہ پاکستان کے عظیم رہنما شہید ذوالفقار علی بھٹو کی برسی کے موقع پر ان کی خدمات، جدوجہد اور قربانیوں کو خراجِ عقیدت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر1)

غزہ، اسرائیلی طیاروں کی بمباری کے بعد تباہ شدہ عمارتوں سے زخمیوں کو نکالا جا رہا ہے

تجاوزات کے خاتمے اور منشیات کیخلاف گرینڈ آپریشن کلین اپ کی منظوری

وزیراعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر پولیس حکام کو راولپنڈی ڈویژن کو منشیات سے پاک کرنے کا ٹاسک، سرحدی علاقوں میں نگرانی اور گشت بڑھانے کا حکم

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت راولپنڈی شہر سمیت پورے ڈویژن کی خوبصورتی، صفائی اور پارکس کی بہتری کے لئے جامع اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر مری روڈ کی بیوٹیفکیشن، اپ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

عمران خان کو عید کی نماز نہیں پڑھنے دی گئی، کیسے اسلامی ملک میں رہ رہے ہیں؟ عمر ایوب

اگر ججز اپنے احکامات پر عمل درآمد نہ رکوا سکے تو بہتر ہے استعفیٰ دیکر گھر چلے جائیں، ہمیں عدالتی حکم کے باوجود بانی سے ملاقات نہیں کرنے دی گئی: رہنما پی ٹی آئی

پتا نہیں کس کے کہنے پر ملاقات کی اجازت نہیں دی جا رہی، بانی کی اڑھائی ماہ سے بچوں سے بات نہیں ہونے دی گئی، بہنوں سے ملاقات نہیں کرنے دی گئی: اپوزیشن لیڈر

راولپنڈی (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے الزام لگایا ہے کہ عمران خان کو عید کی نماز نہیں پڑھنے دی گئی، ہم کیسے مملکت اسلامی پاکستان میں رہ رہے ہیں؟ جہاں بانی پی ٹی آئی کو عید کی نماز نہیں پڑھنے دی گئی، اگر ججز اپنے احکامات پر عمل درآمد نہ رکوا سکے تو بہتر ہے استعفیٰ دیکر گھر چلے جائیں۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

پیپلز پارٹی گھر کی لڑائی میڈیا پر لڑنے کی کوشش نہ کرے، عظمیٰ بخاری

پنجاب نہ کسی کا حق چھینتا ہے نہ کسی کو اپنا حق کھانے دیتا ہے، وزیراعلیٰ پنجاب سے سوال کرنے کی بجائے صدر پاکستان سے پوچھ لیں تو بہتر ہوگا: وزیر اطلاعات پنجاب

وزیراعلیٰ پنجاب سے سوال کرنے کی بجائے صدر پاکستان سے پوچھ لیں تو بہتر ہوگا، پیپلز پارٹی گھر کی لڑائی میڈیا پر لڑنے کی کوشش نہ کرے: گفتگو

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب نہ کسی کا حق چھینتا ہے نہ کسی کو اپنا حق کھانے دیتا ہے، ہمیشہ نہروں پر سیاست کرنا سندھ کا کام رہا ہے لیکن یہاں یہ نہیں ہوتا۔ انہوں نے پیپلز پارٹی کے رہنما چودھری منظور احمد کی پریس کانفرنس پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سندھ والے کہتے ہمارا پانی ہے آپ کہتے یہ پنجاب کا پانی ہے، پیپلز پارٹی پہلے آپس میں طے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

وزیراعظم کا قوم کو تحفہ

بجلی کی قیمت میں فی یونٹ 7 روپے سے زائد کمی کا اعلان

منشور میں کئے گئے وعدے کو پورا کرنے کا وقت آگیا، معیشت میں بنیادی استحکام آچکا ہے،، معیشت کی بہتری کیلئے سرجری کرنی ہوگی، اینٹی بائیوٹک سے کام نہیں چلے گا، اسلام آباد میں بجلی قیمتوں میں کمی بارے منعقدہ تقریب سے خطاب

اللہ کے فضل سے وہ وعدہ پورا ہوا جس کا نواز شریف نے (ن) لیگ کے منشور میں اعلان کیا تھا، گھریلو صارفین کو 34 روپے 37 پیسے فی یونٹ بجلی ملے گی، صنعتی صارفین کیلئے فی یونٹ 40 روپے 60 پیسے ہوگیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے گھریلو صارفین کیلئے بجلی کی فی یونٹ قیمت میں 7 روپے 41 پیسے کی کمی کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ منشور میں کئے گئے وعدے کو پورا کرنے کا وقت آگیا، معیشت میں بنیادی استحکام آچکا ہے، ان مسائل جنہوں نے 77 سال ملک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر3)

الحمدللہ_کر_دکھایا

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

عاصم افتخار نے یو این میں پاکستان کے مستقل مندوب کا منصب سنبھال لیا

اپنی سفارتی اسناد سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کو پیش کر دیں، پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ

نیویارک (این این آئی) سفیر عاصم افتخار احمد نے اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب کا منصب سنبھال لیا، انہوں نے اپنی سفارتی اسناد سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کو پیش کر دیں۔ ملاقات کے دوران، سفیر عاصم افتخار احمد نے اقوام متحدہ کے منشور اور کثیر الجہتی سفارت کاری کے لیے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے سفیر عاصم کو ان کے نئے منصب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر2)

یوسف رضا گیلانی انٹر پارلیمانی اسپیکرز کانفرنس کے بانی چیئرمین نامزد

یہ اہم فیصلہ چیئرمین سینیٹ کے حالیہ کامیاب دورہ کوالالمپور، ملائشیا کے دوران کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ آف پاکستان، سید یوسف رضا گیلانی کو انٹر پارلیمانی اسپیکرز کانفرنس (آئی ایس سی) کا بانی چیئرمین نامزد کر دیا گیا۔ یہ عالمی فورم سیول (جنوبی کوریا) میں قائم ہے دنیا بھر میں پارلیمانی مکالمے کو فروغ دینے، پائیدار ترقی کے اہداف کو آگے بڑھا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر5)

والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کے زیراہتمام

”میلہ بہاراں“ (آج) سے شروع

لاہور (این این آئی) والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی اور گورنمنٹ آف پنجاب کی جانب سے آج (جمعہ) 4 سے 6 اپریل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر6)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی سہولت آن دی گو بازار پراجیکٹ کے بارے میں بریفنگ دی جا رہی ہے

نواز شریف کی وزیراعظم کو بلوچستان میں امن قائم کرنے کی ہدایت

وزیراعظم شہباز شریف نے پارٹی صدر کو وزیراعلی بلوچستان سرفراز بگٹی سے ہونے والی تفصیلی گفتگو پر بھی بریفنگ دی

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے وزیراعظم شہباز شریف کو ہدایت دی ہے کہ بلوچستان میں ہر حال میں امن قائم کیا جائے۔ یہ ہدایات انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف کو جاتی امرا میں ملاقات کے دوران دیں۔ نواز شریف نے کہا کہ پنجاب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر4)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف پاور ٹاسک فورس میں نمایاں کردار ادا کرنیوالوں میں شیلڈز تقسیم کر رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہ کروانا عدالت کے فیصلے کی کھلم کھلا توہین ہے، شبلی فراز

راولپنڈی (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر شبلی فراز نے کہا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر12)

پاکستان کو درپیش معاشی و معاشرتی اور دہشت گردی جیسے مسائل کا حل اتحاد ہے، ملک افضل کھوکھر

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی ملک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

قائد عوام ذوالفقار بھٹو کی 46 ویں برسی (آج) منائی جائے گی

ملک بھر کی تقاریب میں انکی خدمات کو یاد کرتے ہوئے خراج عقیدت پیش کیا جائے گا

راجووال (این این آئی) قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو پاکستان کے سابق وزیراعظم تھے جن کی برسی ہر سال 4 اپریل کو منائی جاتی ہے، وہ پاکستانی سیاست کے ایک نمایاں راہنما تھے جنہوں نے نہ صرف ملک میں عوامی سیاست کو فروغ دیا بلکہ کئی اہم اصلاحات متعارف کرائیں، ان کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر11)

اعظم سواتی کے الزامات کے بعد حماد اظہر پارٹی عہدوں سے مستعفی

میرا یہ استعفیٰ ناقابل واپسی ہے، آئندہ کسی عہدے کا خواہشمند نہیں‘ بیان

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف پنجاب کے قائمقام صدر حماد اظہر پارٹی رہنما اعظم سواتی کے الزامات کے بعد پارٹی عہدے سے مستعفی ہو گئے اور انہوں نے پارٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر14)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کون سی نہر بند کرکے چولستان کینال کو پانی دیں گے؟ پیپلز پارٹی

سندھ اور دیگر صوبوں کے مطالبے کے باوجود مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس کیوں نہیں بلایا جا رہا، میڈیا سے گفتگو

نئی نہروں پر سندھ میں بہت احتجاج ہو رہا ہے‘ ممبر ایگزیکٹو کمیٹی پاکستان پیپلز پارٹی چودھری منظور احمد کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) ممبر سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی پاکستان پیپلز پارٹی اور انچارج پیپلز لیبر بیورو چودھری منظور احمد نے وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر اعلی پنجاب مریم نواز سے سوال کیا ہے کہ سندھ اور دیگر صوبوں کے مطالبے کے باوجود مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس کیوں نہیں بلایا جا رہا اور کون سی نہر بند کر کے چولستان کینال کو پانی دیں گے؟۔ وہ پی پی وسطی پنجاب سیکرٹیریٹ ماڈل ٹاؤن میں پارٹی رہنماؤں عثمان ملک، چودھری ریاض، راو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر28)

عیدالفطر کی تعطیلات کے بعد دفاتر، تعلیمی اور مالیاتی ادارے کھل گئے

تعطیلات ختم ہوگئیں، پہلے دن دفاتر میں حاضری کا تناسب کم دیکھا گیا

اسلام آباد (این این آئی) عیدالفطر کی تعطیلات کے بعد دفاتر، تعلیمی اور مالیاتی ادارے کھل گئے۔ حکومت کی جانب سے عیدالفطر کی 3 یوم کی تعطیلات 31 مارچ سے 2 اپریل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر15)

صدر زرداری کو چند روز میں ہسپتال سے چھٹی ہو گی، ڈاکٹر عاصم

خون کے ٹیسٹ کی رپورٹس بھی بہتری کے اشارے دے رہی ہے، صدر زرداری کو علاج کے لیے نوابشاہ سے کراچی منتقل کرنا اچھا فیصلہ تھا

شعبہ انفیکشنز ڈیزیز کے ماہرین روز 3 بار صدر آصف زرداری کا معائنہ کرتے ہیں، صدر مملکت کے ذاتی معالج ڈاکٹر عاصم حسین کی گفتگو

کراچی (این این آئی) صدر مملکت کے ذاتی معالج ڈاکٹر عاصم حسین نے کہا ہے کہ آصف زرداری کی طبیعت میں بہتری آ رہی ہے، چند روز میں ہسپتال سے چھٹی ہو گی۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صدر مملکت کے معالج ڈاکٹر عاصم حسین نے کہا کہ صدر آصف زرداری کی طبیعت میں بہتری آ رہی ہے، خون کے ٹیسٹ کی رپورٹس بھی بہتری کے اشارے دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر زرداری کو علاج کے لیے نوابشاہ سے کراچی منتقل کرنا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر16)

اقوام متحدہ سے سبکدوش مستقل مندوب منیر اکرم کے اعزاز میں الوداعی استقبالیہ

استقبالیہ میں مستقل مندوب منیر اکرم کو ان کی شاندار خدمات پر خراج تحسین پیش کیا گیا

نیویارک (این این آئی) پاکستان کے اقوام متحدہ میں سبکدوش ہونے والے مستقل مندوب منیر اکرم کے اعزاز میں پروقار الوداعی استقبالیہ کا انعقاد کیا گیا۔ استقبالیہ میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر30)

راولپنڈی: دارالفلاح کے عید کے حوالے سے پروگرام میں سابق صوبائی وزیر ڈاکٹر جمال ناصر بچے کو پیار کر رہے ہیں

سکیورٹی خدشات‘ کوئٹہ میں موبائل انٹرنیٹ دوسرے روز بھی معطل

کوئٹہ (این این آئی) سکیورٹی خدشات کی وجہ سے شہر میں موبائل انٹرنیٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر29)

چینی حکومت کی میانمار کو فراہم کردہ امدادی سامان کی دوسری کھیپ روانہ

بیجنگ (این این آئی) چین کی حکومت کی جانب سے میانمار کو دی جانے امداد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر31)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں صحت کا عالمی دن ”ورلڈ ہیلتھ ڈے“ 7 اپریل کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں صحت کا عالمی دن ”ورلڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر32)

Diesel Multiple U

اسلام آباد: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نیشنل ریلوے سسٹم بارے بریفنگ لے رہے ہیں

امریکہ یورپ سے اپنی افواج نہیں نکالے گا، نیٹو کا واضح پیغام

یوکرین میں جنگ بندی کے معاہدے تک پہنچنے کے لیے ٹرمپ کی کوششوں کو سراہتے ہیں، گفتگو

برسلز (این این آئی) نیٹو کے سیکرٹری جنرل مارک روٹے نے کہا کہ امریکہ یورپ سے اپنی افواج نہیں نکالے گا۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے برسلز میں ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر20)

نیتن یاہو حکومت مفاد کی خاطر یرغمالیوں کو قربان کر رہی ہے، اہل خانہ کا موقف

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر دفاع یسرائیل کاتز نے غزہ میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر18)

ہم فلسطینی اتھارٹی کو مغربی کنارے پر کنٹرول نہیں کرنے دیں گے، اسرائیل

غزہ (این این آئی) کئی مہینوں سے جاری اسرائیلی جھڑپوں اور مغربی کنارے میں دراندازی کے بعد اسرائیلی وزیر دفاع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر19)

ٹرمپ نے پاکستان سمیت 180 ممالک پر جوابی ٹیرف کا اعلان کر دیا

پاکستان کی جانب سے امریکہ پر 58 فیصد ٹیرف عائد ہے، امریکی صدر کا خطاب

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پاکستان سمیت متعدد ممالک پر جوابی محصولات عائد کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وائٹ ہاؤس میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ہاتھ میں ایک فہرست (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر17)

بنوں: کمانڈر بنوں بریگیڈیئر نوید احمد یتیموں میں کھانا تقسیم کر رہے ہیں

لکی مروت‘ گاؤں والوں نے مسجد میں گھسنے والے دہشتگردوں کو گھیر لیا

قرآن پر حلف لیکر جان بخشی‘ دہشت گردوں کو دوبارہ نہ آنے کی شرط پر چھوڑ دیا گیا

لکی مروت (این این آئی) لکی مروت کے علاقے لنگر خیل پکہ میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر22)

اسرائیل کی اقوام متحدہ کے پناہ گزین کیمپ پر وحشیانہ بمباری، 80 فلسطینی شہید

بیت حنون اور بیت لاحیہ سے جبری بیدخل کیے گئے فلسطینی عارضی پناہ گزین کیمپ میں رہائش پذیر تھے، خبر ایجنسی

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیلی فوج نے غزہ میں وحشیانہ بمباری کرتے ہوئے اقوام متحدہ کی پناہ گزین ایجنسی کے طبی مرکز پر حملہ کر دیا، جس میں 22 معصوم بچوں سمیت 80 سے زائد فلسطینی شہید ہو گئے، جن میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ خبر ایجنسی کے مطابق بیت حنون اور بیت لاحیہ سے جبری بیدخل کیے گئے فلسطینی عارضی پناہ گزین کیمپ میں رہائش پذیر تھے جب اسرائیلی فضائی حملے نے انہیں نشانہ بنایا۔ اسرائیلی فوج کی تازہ بمباری میں مجموعی طور پر 80 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، جبکہ سینکڑوں زخمی ہیں۔ اسرائیل نے غزہ کے بڑے حصے پر قبضہ کر لیا اور رفح اور خان یونس کے علاقوں کو الگ کر کے اسے ”موراج کوریڈور“ کا نام دے دیا۔ اسرائیلی فوج نے لبنان اور شام پر بھی فضائی حملے کیے۔ شام کے صوبے دارا میں 11 افراد جاں بحق جبکہ متعدد زخمی ہو گئے، جبکہ لبنان میں ہونے والے حملے میں کوئی جانی نقصان رپورٹ نہیں ہوا۔

ٹرمپ انتظامیہ نے 2 سعودی طلبہ کے ویزے منسوخ کر دیئے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی حکومت نے نارتھ کیرولائینا اسٹیٹ یونیورسٹی کے دو سعودی طلبہ کے ویزے منسوخ کر دیے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر21)

وقف ترمیمی بل کا مقصد مسلمانوں کو پسماندہ اور جائیداد حقوق کو غصب کرنا ہے، راہول گاندھی

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں مسلمانوں کی کھربوں روپے کی وقف املاک کو ہڑپنے کے لیے مودی حکومت کا ”وقف ترمیمی بل“ ”لوک سبھا میں پیش کر دیا گیا، راہول گاندھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر24)

میجر محمد اکرم شہید کا 87 واں یوم پیدائش آج منایا جائے گا

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) میجر محمد اکرم شہید کا 87 واں یوم پیدائش آج مورخہ 4 اپریل کو منایا جائے گا، میجر محمد اکرم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر25)

سیول: چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی سے ملائشین ہاؤس کے اسپیکر ملاقات کر رہے ہیں

عید کی چھٹیاں ختم ہونے پر پردیسیوں کی آبائی علاقوں سے واپسی شروع

مختلف شہروں سے پردیسی اپنے پیاروں کو چھوڑنے کا غم اور اداس چہروں کے ساتھ واپس لاہور پہنچ رہے

لاہور (این این آئی) عیدالفطر اپنے پیاروں کے ساتھ منانے کے بعد پردیسیوں کی آبائی علاقوں سے واپسی کا سلسلہ شروع ہو گیا جس کے باعث بس اڈوں اور ریلوے سٹیشن پر مسافروں کا رش بڑھ گیا۔ مختلف شہروں سے پردیسی اپنے پیاروں کو چھوڑنے کا غم اور اداس چہروں کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر23)

کشمور، کسٹم چیک پوسٹ پر ڈاکوؤں کا حملہ، انسپکٹر سمیت تین افراد اغوا

ڈاکوؤں نے ویڈیو بھی جاری کر دی، مغویان کی ڈاکوؤں کے گرفتار رشتہ دار رہا کرنے کی اپیل

کشمور (این این آئی) کشمور میں انڈس ہائی وے پر قائم کسٹم چیک پوسٹ پر ڈاکوؤں نے حملہ کر کے کسٹم انسپکٹر سمیت تین افراد کو اغوا کر لیا۔ پولیس کے مطابق یاسین ماچھی گینگ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر26)

علیمہ خان کا بانی سے مخصوص لوگوں کی ملاقات پر اعتراض

جیل حکام نے کہا تھا عید کی چھٹیوں میں کسی کی ملاقات نہیں ہوگی، پھر چند لوگوں کو ملنے بھی دیا گیا

لاہور (این این آئی) علیمہ خان نے بانی پی ٹی آئی سے مخصوص لوگوں کی ملاقات پر سوال اٹھا دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ملنے نہیں دیا گیا، دوسرے کیسے مل رہے ہیں؟ علیمہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر27)

ڈیرہ غازیخان: ڈپٹی کمشنر عثمان خالد عید کے تیسرے روز اہم شاہراہوں اور مقامات کا دورہ کر رہے ہیں

لاہور: ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیہ کمیٹی روم میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

چین کے پیداواری شعبے میں اختراعی صلاحیت میں اضافہ

بیجنگ (شنہوا) چائنا سنٹر فار انفارمیشن انڈسٹری ڈویلپمنٹ کے جاری کردہ صنعتی انڈیکس کے مطابق چین کے پیداواری شعبے میں اختراعی صلاحیتوں میں اضافہ ہوا ہے۔ چینی وزارت صنعت و اطلاعاتی ٹیکنالوجی سے منسلک مرکز کی ایک رپورٹ سے پتہ چلتا ہے کہ ملک کے معروف پیداواری کاروباری اداروں کے لئے اختراعی انڈیکس میں مسلسل اضافہ ہوا ہے اور 2013-2023 کے دوران سالانہ اوسط شرح نمو 11.6 فیصد رہی۔ رپورٹ کے مطابق چینی اداروں کے اختراعی اثرات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور تعاون بھی تیزی سے بڑھا ہے۔ رپورٹ میں صنعتوں، کالجز اور تحقیقی اداروں کے درمیان تعاون کو فروغ دینے اور اختراعی ماحول کو بہتر بنانے کے لئے مزید کوششوں کا مشورہ بھی دیا گیا ہے۔ چین کی صنعتی پیداوار نے 2024 کے دوران تیز رفتار ترقی کی ہے جو ملک کے صنعتی سہولیات کو بہتر بنانے کی مسلسل کوششوں کی وجہ سے ممکن ہوئی تھی۔ پیداواری صنعت نے بھی مسلسل 15 برس تک حجم کے اعتبار سے عالمی سطح پر پہلی پوزیشن کو برقرار رکھا ہے۔

چین، کوئلہ کان کے جان لیوا حادثے کے 43 ذمہ داروں کو سزائیں دی جائیں، تفتیشی رپورٹ

ہاربن (شنہوا) چین کے شمال مشرقی صوبے حئی لونگ جیانگ میں کوئلہ کان میں جان لیوا حادثے اور اس کے بعد پردہ پوشی میں ملوث 43 افراد کو سزا دینے کی سفارش کی گئی ہے۔ جمعرات کو جاری کردہ ایک تفتیشی رپورٹ کے مطابق یہ حادثہ 20 دسمبر 2023 کو جی شی میں واقع کن یوآن کوئلہ کان میں پیش آیا تھا جس میں 12 افراد ہلاک اور 13 زخمی ہوئے تھے۔ صوبائی حکومت کی قائم کردہ تفتیشی ٹیم کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق یہ حادثہ غیر قانونی کان کنی کے نتیجے میں پیش آیا جس میں خراب تاروں کے ساتھ نامناسب آلات کا استعمال کیا گیا تھا جو محنت کشوں کے غیر قانونی مال بردار ٹرین میں سوار ہونے پر زائد وزن سے ٹوٹ گئے۔ حادثے کے فوری بعد کان کے مالکان نے جان بوجھ کر واقعے اور متاثرین کی لاشوں کو چھپایا اور فوری طور پر اطلاع دینے کے بجائے شواہد ضائع کئے۔ اس کے علاوہ ہنگامی ردعمل کا بھی غلط طریقے سے استعمال ہوا۔ رپورٹ کے مطابق عدالتی حکام کے ساتھ ساتھ نظم وضبط، معائنہ اور نگران اداروں نے 14 افراد کے خلاف کارروائی کی ہے جبکہ 29 دیگر کو پارٹی نظم ونسق یا انتظامی سزاؤں کا سامنا ہے۔

چین کے شمال مشرقی شہر میں طبی مقصد کے لئے سرحد پار سفر فروغ پا رہا ہے

چھانگ چھون (شنہوا) 57 سالہ ایلکسی لیونوف نے روس کی سرحد سے متصل شمال مشرقی چینی شہر کے ہون چھون روایتی چینی ادویات (ٹی سی ایم) ہسپتال میں صحت کا بنیادی معائنہ کرانے کے بعد متوازن اور صحت مند کھانا تناول کیا۔ صوبہ جی لن کے مشرق میں واقع ہون چھون شہر روسی سیاحوں میں طبی مقصد کے لئے ایک مقبول سفری مقام کے طور پر ابھرا ہے۔ لیونوف ایک ٹور گروپ کے ساتھ بغیر ویزا کے چین میں آئے تھے۔ لیونوف نے ٹی سی ایم مساج اور آکوپنکچر تھراپی کرائی جبکہ ہسپتال کے ریزارٹ ہوٹل میں خطاطی سمیت چینی ثقافت کا بھی مشاہدہ کیا۔ وہ شام کے وقت ٹی سی ایم فارمولے کے تحت پیروں کو پانی سے بھگونے کی خدمت سے خاص طور پر متاثر ہوئے جس سے سونے سے قبل ان کے جسم اور دماغ کو سکون ملا۔ روسی سیاح نے کہا کہ مجھے کوئی سنگین بیماری نہیں لیکن مجھے گھٹنیا ہے اور یہاں علاج سے مجھے جسمانی اور ذہنی سکون ملتا ہے۔ میں سال کی دوسری ششماہی میں دوبارہ یہاں آؤں گا۔ لیونوف کی جانب سے منتخب کردہ ریزارٹ ہسپتال کا نرسنگ سروس سنٹر ہے، جسے گزشتہ سال روسی سیاحوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کی طبی ضروریات کے پیش نظر تعمیر کیا گیا تھا۔

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق جنرل ہسپتال لاہور کا دورہ کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا جنرل ہسپتال لاہور اور پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز کا اچانک دورہ

او پی ڈی میں مریضوں سے ملاقات کی اور طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈائریکٹر

ڈائریکٹر او پی ڈی کو کارکردگی بہتر بنانے کا آخری موقع دیا گیا

وزیر اعلیٰ کمپلینٹ سیل پر ایک اہل کار کو موبائل فون استعمال کرنے پر ہٹا دیا گیا

جنرل ہسپتال میں مریضوں کی آسانی کیلئے ریڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ میں 4 مزید الٹراساؤنڈ مشینیں فراہم کر دی گئی ہیں خواجہ سلمان رفیق

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے جنرل ہسپتال لاہور اور پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز کا اچانک دورہ کیا، او پی ڈی میں مریضوں سے ملاقات کی اور طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈائریکٹر او پی ڈی کو کارکردگی بہتر بنانے کا آخری موقع دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ کمپلینٹ سیل پر ایک اہل کار کو موبائل فون استعمال کرنے پر ہٹا دیا گیا۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ جنرل ہسپتال میں مریضوں کی آسانی کیلئے ریڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ میں 4 مزید الٹراساؤنڈ مشینیں فراہم کر دی گئی ہیں اور مریضوں کی آسانی کیلئے کیومینجمنٹ سسٹم فعال کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنز میں مریضوں کی قطاروں کے رش میں کمی کیلئے بھی کیو مینجمنٹ سسٹم کا نظام فعال کر رہے ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے ایمرجنسی، وزیر اعلیٰ کمپلینٹ کاؤنٹر، نیورولوجی، پرچی کاؤنٹرز، میڈیسن سٹور و دیگر شعبہ جات کا دورہ کیا۔ اس موقع پر پرنسپل پروفیسر سردار الفرید ظفر، ایم ایس جنرل ہسپتال ڈاکٹر فریاد اور ایم ایس پنز ڈاکٹر عمر اسحاق بھی پہنچ گئے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں کے حالات مسلسل مانیٹرنگ سے بہتری کی طرف جا رہے ہیں۔ ایم ایس حضرات مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کریں۔ ہسپتالوں کے روزانہ کی بنیاد پر دورے کئے جا رہے ہیں۔ ہسپتالوں میں ادویات کی فہرستیں اور ڈیوٹی روسٹرز ہر وارڈ میں آویزاں ہونے چاہئیں۔ سرکاری ہسپتالوں کے حالات بہتر کرنے کی پوری کوشش کی جا رہی ہے۔ مریضوں کے علاج و معالجہ میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا رہا۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں کے وزٹس کا سلسلہ جاری رہے گا۔ ہسپتالوں کا دورہ کر کے مریضوں سے طبی سہولیات بارے براہ راست فیڈ بیک لیا جا رہا ہے اور مریضوں کی شکایات پر موقع پر ہی ایم ایس صاحبان کو ہدایات جاری کی جا رہی ہیں۔

ایل ڈبلیو ایم سی صفائی آپریشن بلاتعطل جاری، شہر کی 197 کمرشل مارکیٹس اور عوامی مقامات پر خصوصی صفائی انتظامات

شہر لاہور میں بہترین صفائی انتظامات کیلئے 15 ہزار ورکرز، 1400 سے زائد گاڑیاں تینوں شفٹوں میں متحرک ہیں: بابر صاحب دین

لاہور (شہباز احمد بھٹی سے) سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی بابر صاحب دین کی ہدایت پر شہر بھر میں صفائی آپریشن بلاتعطل جاری ہے۔ لاہور کی 197 کمرشل مارکیٹس میں صفائی ستھرائی یقینی بنانے کیلئے عملہ تینوں شفٹوں میں تعینات ہے جبکہ رکشہ ٹیمیں گھر گھر سے کوڑا اٹھا رہی ہیں۔ عید منا کر واپس آنے والے پردیسیوں کی آمد کے پیش نظر بس اسٹینڈ، لاری اڈوں اور عوامی رش کے مقامات پر خصوصی صفائی اقدامات کے لیے اضافی عملہ تعینات ہے۔ سی ای او بابر صاحب دین کا کہنا ہے کہ شہر لاہور میں بہترین صفائی انتظامات کیلئے ایل ڈبلیو ایم سی افسران، 15 ہزار ورکرز، 1400 سے زائد گاڑیاں تینوں شفٹوں میں فیلڈ میں متحرک ہیں۔ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ہی ادارے کی اولین ترجیح ہے۔ عید کے موقع پر سالڈ ویسٹ سے متعلق شکایات کا فوری ازالہ کیا گیا۔ سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی بابر صاحب دین کا مزید کہنا ہے کہ ہمارے ورکرز ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں۔ شہریوں سے گزارش ہے کہ ایل ڈبلیو ایم سی کے عملے سے ہر موقع اور تہوار پر تعاون کریں۔ صفائی سے متعلق شکایات وتجاویز کیلئے شہری ہیلپ لائن 1139 پر رابطہ کریں۔

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی میں اہم اجلاس منعقد

وی سی کے ای ایم یو پروفیسر محمود ایاز، وی سی یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر مسعود صادق اور سی ای او پی ایچ آئی ایم سی ڈاکٹر علی رزاق سمیت دیگر افسران کی شرکت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی میں اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز، وائس چانسلر یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر مسعود صادق اور سی ای او پی ایچ آئی ایم سی ڈاکٹر علی رزاق سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اجلاس کے دوران چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام، چیف منسٹرز ڈائیلسز پروگرام اور چیف منسٹرز سپیشل انشی ایٹو فار ٹرانسپلانٹ پروگرام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈاکٹر علی رزاق نے اس حوالہ سے بریفنگ بھی دی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام، چیف منسٹرز ڈائیلسز پروگرام اور چیف منسٹرز سپیشل انشی ایٹو فار ٹرانسپلانٹ پروگرام حکومت پنجاب کے فلیگ شپ پروگرامز ہیں۔ چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کے تحت ابھی تک 3100 سے زائد معصوم بچوں کی ہارٹ سرجریز کر چکے ہیں۔ بچوں کی ہارٹ سرجری پنجاب کے 6 سرکاری جبکہ 9 نجی ہسپتالوں میں کی جا رہی ہے۔ چیف منسٹرز سپیشل انشی ایٹو فار ٹرانسپلانٹ پروگرام کے تحت مریضوں کو کڈنی/رینل، لیور، بون میرو، کورنیل اور کوکلیئر ٹرانسپلانٹ کی مفت سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ چیف منسٹرز سپیشل انشی ایٹو فار ٹرانسپلانٹ پروگرام کے تحت رینل ٹرانسپلانٹ کیلئے 14 نجی جبکہ 4 سرکاری، لیور ٹرانسپلانٹ کیلئے 4، بون میرو ٹرانسپلانٹ کیلئے 2 جبکہ کوکلیئر ٹرانسپلانٹ کیلئے 5 ہسپتالوں کو منتخب کیا گیا ہے۔

انجمن تاجران مصطفیٰ آباد پرانا دھرم پورہ خدمت گروپ کے عہدداران نے جناب ایم پی اے شعیب صدیقی صاحب سے ملاقات کی اور انہیں عید کی مبارکباد دی

پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں عیدالفطر کی 3 چھٹیوں کے دوران 2 ہزار سے زائد مریضوں کو علاج و معالجہ کی مفت سہولیات فراہم کی گئیں

لاہور (خبر نگار) پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں عیدالفطر کی 3 چھٹیوں کے دوران 2 ہزار سے زائد مریضوں کو علاج و معالجہ کی مفت سہولیات فراہم کی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق دو سو سے زائد مریضوں کو داخل، 60 سے زائد مریضوں کی پرائمری انجیو پلاسٹی، 30 سے زائد مریضوں کی ایمرجنسی انجیو پلاسٹی، 27 مریضوں کی انجیوگرافی، 15 مریضوں کو عارضی پیس میکرز اور 8 مریضوں کو آئی سی یو میں داخل کیا گیا۔ ایم ایس ڈاکٹر عامر رفیق بٹ کا کہنا ہے کہ ایمرجنسی میں 5830 جبکہ 809 ان ڈور مریضوں کی پیتھالوجی لیب رپورٹس پبلش کی گئیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کر رہے ہیں۔

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے عیدالفطر کے ایام میں بہترین سکیورٹی انتظامات پر پولیس فورس کو شاباش دی

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے عیدالفطر کے ایام میں بہترین سکیورٹی انتظامات پر پولیس فورس کو شاباش دی ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ سی سی پی او لاہور، آر پی اوز، ڈی پی اوز اور ٹریفک افسران سمیت سینئر افسران فیلڈ میں موجود رہے۔ موثر پٹرولنگ، مانیٹرنگ اور مربوط سکیورٹی انتظامات کی وجہ سے عیدالفطر پُرامن گزری۔ ون ویلنگ، ہوائی فائرنگ، منشیات فروشی، پتنگ بازی میں ملوث افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ عیدالفطر پر لاہور سمیت صوبہ بھر سے ون ویلنگ میں ملوث 147 قانون شکن گرفتار اور 135 مقدمات درج کیے گئے۔ ہوائی فائرنگ میں ملوث 07 قانون شکن گرفتار اور 12 مقدمات درج کر کے ناجائز اسلحہ برآمد کیا گیا۔ عیدالفطر کے ایام میں 203 منشیات فروش گرفتار اور 199 مقدمات درج کیے گئے۔ منشیات فروشوں کے قبضہ سے 39 کلو گرام سے زائد چرس، 03 کلوگرام ہیروئن، 2 کلوگرام کے قریب آئس اور 4 ہزار لیٹر شراب برآمد کی گئی۔ انسداد پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 101 ملزمان گرفتار اور 98 مقدمات درج کئے گئے۔

گرینڈ ہیلتھ الائنس پنجاب کا اجلاس جناح ہسپتال لاہور میں منعقد ہوا

اجلاس میں شعبہ صحت سے تعلق رکھنے والی تمام تنظیموں کی شرکت

گرینڈ ہیلتھ الائنس کے اجلاس کے بعد چیرمین وائے ڈی اے ڈاکٹر سلمان حسیب کے ہمراہ شرکاء کا گروپ فوٹو

لاہور (خبر نگار) گرینڈ ہیلتھ الائنس پنجاب کا اجلاس جناح ہسپتال لاہور میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں شعبہ صحت سے تعلق رکھنے والی تمام تنظیموں نے شرکت کی۔ اجلاس میں پرائمری سیکنڈری ہیلتھ کیئر کے ساتھ جناح ہسپتال کی نجکاری کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی۔ فیصلہ کیا گیا طے شدہ پروگرام کے عین مطابق سات اپریل کو لاہور میں پنجاب اسمبلی کے سامنے بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔ جس می نجکاری کے خاتمے تک تمام تنظیمیں دھرنا دیں گی۔ اس حوالے سے شعبہ صحت سے تعلق رکھنے والی تمام تنظیموں سے شرکت کی بھرپور اپیل کی جاتی ہے۔

رمضان المبارک اور عید کی چھٹیوں کے دوران بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے پر چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر کی اپنی ٹیم کو شاباش

لاہور (خبرنگار) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے جاری ہونیوالے اعلامیے کے مطابق چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر نے رمضان المبارک اور عید کی چھٹیوں میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے پر تمام سٹاف کو شاباش دی۔ انجینئر شاہد حیدر کا کہنا تھا کہ افسران اور عملے نے عید کی چھٹیوں اور سحر و افطار کے اوقات کے دوران ذمہ داریاں ادا کر کے صارفین کو مشکلات سے بچایا، جس پر لیسکو اپنے افسران و ملازمین کی خدمات کی قدر کرتا ہے۔ خیال رہے کہ چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر کی جانب سے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی تھیں جو عید کی چھٹیوں کے دوران فرائض سرانجام دیتی رہیں، خصوصی ٹیمیں فیلڈ کے ساتھ ساتھ ہیڈکوارٹر میں بھی موجود رہیں جبکہ پاور ڈسٹری بیوشن سنٹر سے تمام آپریشن کو مانیٹر کیا جاتا رہا جس کی نگرانی خود چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر نے کی۔

یو ایم ٹی نے عالمی تعلیمی سطح پر ایک اور سنگ میل عبور کر لیا

یو ایم ٹی کی کیو ایس سبجیکٹ رینکنگز 2025 میں شمولیت ہمارے لیے باعثِ فخر ہے، ابراہیم حسن مراد

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی) نے ایک بار پھر QS ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ 2025 نمایاں پوزیشن حاصل کر کے اپنی علمی برتری کو ثابت کر دیا ہے۔ یہ بین الاقوامی سطح پر ایک اہم اعزاز ہے جو یو ایم ٹی کی بڑھتی ہوئی عالمی شناخت اور پاکستان میں نجی تعلیمی اداروں میں اسے نمایاں کرتا ہے۔ ہر سال QS دنیا بھر کی ہزاروں یونیورسٹیوں کا مختلف تعلیمی شعبہ جات میں جائزہ لیتا ہے۔ سال 2025 کی رینکنگ میں یو ایم ٹی نے دو نمایاں شعبہ جات ریاضی (Mathematics) میں رینکنگ (501600) اور معاشیات (Economics) میں رینکنگ (551700) میں پوزیشن حاصل کی ہے۔ یہ رینکنگز پانچ جامع اشاریوں کی بنیاد پر دی جاتی ہیں، جن میں علمی شہرت (Academic Reputation)، اداروں کی ساکھ (Employer Reputation)، ہر مقالہ جات (Citations per Paper)، ایچ انڈیکس (H-Index) اور بین الاقوامی تحقیقی نیٹ ورک (International IRN - Research Network) شامل ہیں۔ یو ایم ٹی کی اس بین الاقوامی درجہ بندی میں شمولیت اس کی مضبوط تعلیمی بنیاد، موثر تحقیق، اساتذہ، محققین اور طلباء کی انتھک محنت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ صدر یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد نے اس شاندار کامیابی پر یو ایم ٹی فیملی کو مبارکباد دی اور کہا کہ کیو ایس سبجیکٹ رینکنگز 2025 میں ہماری شمولیت باعثِ فخر ہے۔ یہ ہماری تدریس، تحقیق اور جدت کے عزم منہ بولتا ثبوت ہے۔ ابراہیم مراد نے مزید کہا کہ یہ کامیابی یو ایم ٹی کو پاکستان صف اول کی نجی یونیورسٹی کو برقرار رکھتی ہے۔ یو ایم ٹی تعلیمی برتری اور عالمی قیادت کی طرف اپنا سفر جاری رکھے ہوئے ہے۔

بجلی کی قیمتوں میں کمی خوش آئند، عوام کو پیٹرول اور گیس میں ریلیف دیا جائے، ڈاکٹر مزمل ہاشمی

بجلی کی قیمت میں 7 روپے سے زائد کی کمی کے اعلان کو خوش آئند قرار دیا، یہ اقدام عوام اور صنعتوں کے لیے ایک مثبت پیش رفت ہے

لاہور (خبر نگار) پاکستان مرکزی مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی نے وزیر اعظم کی جانب سے بجلی کی قیمت میں 7 روپے سے زائد کی کمی کے اعلان کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام عوام اور صنعتوں کے لیے ایک مثبت پیش رفت ہے۔ پاکستان میں بجلی سرپلس ہونے کے باوجود عوام کو مہنگی بجلی فراہم کی جا رہی ہے، جس کی اصل وجہ آئی پی پیز مافیا ہے۔ جب تک حکومت اس مافیا سے نجات حاصل نہیں کرتی، تب تک عوام پر اضافی مالی بوجھ برقرار رہے گا۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بجلی کے شعبے میں طویل مدتی اصلاحات کی جائیں تاکہ عوام کو مستقل بنیادوں پر سستی بجلی میسر آ سکے۔ ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی نے واضح کیا کہ مرکزی مسلم لیگ تنقید برائے تنقید کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی بلکہ تعمیری تجاویز کے ذریعے عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کو بجلی کی قیمتوں میں کمی کے ساتھ ساتھ تنخواہ دار طبقے پر عائد بھاری ٹیکسوں میں بھی ریلیف دینا چاہیے تاکہ متوسط طبقہ معاشی دباؤ سے باہر آ سکے۔ مرکزی مسلم لیگ عوامی فلاح و بہبود کے ہر اقدام کی حمایت کرتی ہے اور مطالبہ کرتی ہے کہ حکومت دیگر بنیادی سہولیات میں بھی عوام کو ریلیف فراہم کرے تاکہ عام آدمی کی زندگی میں آسانی پیدا ہو۔

کاہنہ کے علاقہ میں 7 سالہ کمسن بچی سے زیادتی کی کوشش

لاہور (کرائم رپورٹر) کاہنہ کے علاقہ میں 7 سالہ کمسن بچی سے زیادتی کی کوشش۔ کاہنہ پولیس کی 15 کال پر فوری کارروائی واقعہ میں ملوث ملزم خرم گرفتار کر لیا 7 سالہ قرۃ العین مسجد سے پانی لینے جا رہی تھی ملزم نے ورغلا کر زیادتی کی کوشش کی بچی کے شور کرنے پر ملزم کی فرار ہونے کی کوشش تعاقب کر کے گرفتار کیا ملزم کیخلاف مقدمہ درج، جینڈر سیل کے حوالے کر دیا گیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ کی ایس ایچ او کاہنہ انسپکٹر ناصر حمید و ٹیم کو شاباش دی۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ نے کہا کہ بچوں کا استحصال کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

عوامی سہولت اور بروقت انصاف، ڈی آئی جی آپریشنز دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد

کھلی کچہری میں لین دین، فراڈ، جھگڑوں اور دیگر عوامی مسائل بارے شکایات موصول ہوئیں



لاہور (خبر نگار، کرائم۔رپورٹر) عوامی سہولت اور بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے ڈی آئی جی آپریشنز دفتر میں کھلی کچہریوں کا تسلسل جاری ہے۔ کھلی کچہری میں لین دین، فراڈ، جھگڑوں اور دیگر عوامی مسائل بارے شکایات موصول ہوئیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کھلی کچہری میں آئے شہریوں کی شکایات پر سخت ایکشن لیتے ہوئے فوری کارروائیوں کے احکامات جاری کئے۔ انہوں نے شہریوں کی موجودگی میں افسران کو براہ راست کالز، فوری حل کے لیے احکامات دیے گئے۔ پولیس ملازمان کے خلاف شکایات پر ایس ایس پی آپریشنز کو انکوائری مارک کرتے ہوئے قصورواروں کے خلاف قانونی کارروائی کے ساتھ محکمانہ کاروائی کا بھی حکم دیا۔ فیصل کامران نے کہا کہ جرائم کا خاتمہ اور انصاف کی فراہمی لاہور پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انصاف کی راہ میں کسی رکاوٹ کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں نے مسائل کے حل کیلئے اقدامات پر اظہار اطمینان کیا۔

صنعت زاروں کی بہتری کے لیے اجلاس کا انعقاد

لاہور (پ ر) پنجاب میں صنعت زاروں کی بہتری اور جدید تقاضوں کے مطابق ان کی تنظیم نو کے حوالے سے صنعت زار لاہور میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب جاوید اختر محمود اور ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب طارق قریشی نے کی۔ اجلاس میں محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب کے افسران اور تھنک ٹینک کے نمائندگان نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران اس بات پر زور دیا گیا کہ صنعت زاروں کو مزید فعال اور موثر بنانے کے لیے 1979 کے مینول کو جدید تقاضوں کے مطابق اپ گریڈ کرنا ناگزیر ہے۔ اس اقدام سے موجودہ دور میں صنعت زاروں کی کارکردگی میں نمایاں بہتری لائی جا سکے گی۔ سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب نے ہدایت کی کہ تمام رجسٹرڈ ورکرز کی تربیت کے بعد ان کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے تاکہ معلوم ہو کہ انہوں نے صنعت زاروں کی بہتری میں کوئی عملی قدم اٹھایا ہے یا انہیں کسی مالی معاونت کی ضرورت ہے۔ ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب نے اس بات کا عندیہ دیا کہ صنعت زاروں کے انتظامی امور کو موثر اور پائیدار بنانے کے لیے محکمہ میں نئی قانون سازی کی جائے گی۔ اجلاس کے اختتام پر سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب اور ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب نے دیگر افسران کے ہمراہ صنعت زار لاہور کا دورہ کیا اور وہاں دستیاب سہولیات اور انتظامات کا جائزہ لیا۔

آئی جی ریلویز کی سربراہی میں ویڈیو لنک کانفرنس کا انعقاد

ریلوے سگنل آلات کی چوری کی روک تھام زیر بحث، ناکامی پر متعلقہ ایس ایچ او ذمہ دار ہوگا۔ آئی جی ریلویز پولیس



لاہور (صابر غوری) آئی جی ریلویز پولیس رائے طاہر (ہلال شجاعت، ستارہ امتیاز) کی سربراہی میں سینٹرل پولیس آفس ریلویز میں ویڈیو لنک کانفرنس کا انعقاد ہوا جس میں تمام ایس پیز نے شرکت کی۔ آئی جی نے عید کے موقع پر سیکیورٹی کے بہترین انتظامات پر تسلی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عیدالفطر کے موقع پر ریلویز پولیس نے ملک بھر کے ریلوے اسٹیشنز اور عید اسپیشل ٹرینز میں بہترین سیکیورٹی فراہم کی۔ آئی جی نے تمام ایس پیز سے مخاطب ہو کر کہا کہ ریلوے میٹریل چوری کی روک تھام انتہائی اہم ہے اور ریلوے سگنل آلات کی چوری کی روک تھام کے لئے ضروری احکامات بھی جاری کئے اور کہا کہ سگنل آلات کی چوری کی روک تھام میں ناکامی پر متعلقہ ایس ایچ او ذمہ دار ہوگا۔ اس کے علاوہ آئی جی نے ہدایت جاری کی کہ جیب تراشی کی روک تھام کے لیے متحرک ہو کر کام کرنا ہوگا اور ریکارڈ یافتہ ملزمان کی سی ڈی آر کی مدد سے گرفتاری یقینی بنانی ہوگی۔ انکا مزید کہنا تھا کہ جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے جیب تراشی جیسی واردات سے نجات حاصل کی جا سکتی ہے۔ مزید برآں ٹرین اسکارٹ ڈیوٹی اہلکار مسافروں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے اور تمام ایس پی ریلویز کو بذات خود ٹرین ایسکارٹ ملازمین کے ساتھ سفر کرنے کے احکامات جاری کئے گئے۔ آئی جی نے اس امر پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ملازمین ڈیوٹی پر اپنی حاضری کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ اپنے ٹرن آؤٹ کو بہترین اور مثالی بنائیں۔ جدید ٹیکنالوجی پر مبنی پالیسنگ پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ریلویز پولیس ٹیموں میں کمیونیکیشن کے لئے وائرلیس سسٹم کو مزید فعال اور جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔

ضلعی انتظامیہ لاہور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف متحرک

لاہور: (شہباز احمد بھٹی سے) تفصیلات کے مطابق ڈی سی لاہور کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر راوی ٹاؤن طارق شبیر کی قیادت میں ٹیموں کی کارروائی۔ لاہور: راوی پل ایریا میں غیر قانونی تعمیرات کو مسمار کر دیا گیا، ڈی سی لاہور۔ لاہور: غیر قانونی تعمیرات کے خلاف سخت ایکشن جاری ہے، ڈی سی لاہور لاہور: غیر قانونی تعمیرات کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، ڈی سی لاہور۔ لاہور: غیر قانونی تعمیرات میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔

مستی گیٹ کے علاقہ میں معمولی تلخ کلامی پر نوجوان کو گولیاں مار کر قتل کر دیا گیا

واردات کے وقت قاتل جمشید نے شراب پی رکھی تھی جس کی محلے دار نوید کے ساتھ معمولی تلخ کلامی ہوئی جس نے اپنے دستی پسٹل سے مقتول نوید پر سیدھی فائرنگ کر دی



لاہور (خالد صدانی سے) مستی گیٹ کے علاقہ میں معمولی تلخ کلامی پر نوجوان کو گولیاں مار کر قتل کر دیا گیا ذرائع کے مطابق قتل کی واردات کے وقت قاتل جمشید نے شراب پی رکھی تھی جس کی محلے دار نوید کے ساتھ معمولی تلخ کلامی ہوئی جس نے اپنے دستی پسٹل سے مقتول نوید پر سیدھی فائرنگ کر دی جس کو شدید زخمی حالت میں مقامی ہسپتال منتقل کیا گیا جو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا پولیس نے واقعے کا مقدمہ مقتول کے بھائی ندیم کی مدعیت میں درج کر لیا اور ملزم کی تلاش شروع کر دی ایس ایچ او مستی گیٹ نجم عباسی نے بتایا ملزم کے موبائل فون کا ڈیٹا حاصل کر لیا گیا ہے جس کو جلد گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچائیں گے دوسری جانب ایس پی سٹی آپریشن کیپٹن ریٹائرڈ قاضی علی رضا نے ملزم کی گرفتاری کے لیے دو رکنی ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

حکومت کسان دشمن پالیسیاں ترک کرے: جماعت اسلامی پاکستان

جو سبسڈی ہمیشہ حکومتیں کسان کو دیتی تھیں وہ فوائد انہوں نے اپنے منظور نظر لوگوں کے دے دیئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی پاکستان کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری جنرل رانا تحفہ دستگیر نے یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں جب بھی ن لیگ کی حکومت آئی انہوں نے ہمیشہ کسان دشمن پالیسیاں بنائیں۔ چھوٹے کسانوں کا ہمیشہ استحصال ہوا۔ جبکہ انکی حکومت فارم 47 پر کھڑی ہے۔ پچھلے سال بھی جب گندم آنے لگی تو انہوں نے انہیں دنوں کے اندر گندم باہر سے منگوالی۔ جو سبسڈی ہمیشہ حکومتیں کسان کو دیتی تھیں وہ فوائد انہوں نے اپنے منظور نظر لوگوں کے دے دیئے پچھلے سال والی گندم میں جو کرپشن ہوئی آج تک انکوائری کمیٹی کی رپورٹ سامنے نہیں آسکی اور افسوس کی بات یہ ہے کہ ملک کا چالیس فیصد حصہ ان کسانوں پر مشتمل ہے، جنھوں نے گندم کی فصل پر اپنے تمام معاملات چلانے ہیں۔ اگر حکومت اسی طرح کسانوں اور کاشتکاروں کے ساتھ زیادتی کرتی رہی تو یہ کسان کس طرح اپنے بچوں کی خوشیاں منائیں گے اور کس طرح بچوں کا پیٹ پالیں گے۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے پچھلے سال بھی عوام کے لئے دھرنا دیکر آئی پی پیز کو بے نقاب کیا اور اسکے نتیجہ میں حکومت نے عوام کو آج تھوڑا سا ریلیف دیا ہے۔ یہ حکمران قوم کو جس طرح لولی پاپ دے رہے ہیں ہم اسکو تسلیم نہیں کرتے۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ جتنے کا یہ یونٹ بنتا ہے اتنے میں ہی بجلی دی جائے۔ اس وقت کھاد کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہو چکا ہے جبکہ گندم کا ریٹ پچیس سو روپے ہے اور اگر گورنمنٹ گندم کی قیمت مقرر نہیں کرتی تو کسان کی فصل پر آئی لاگت بھی پوری نہیں ہوگی جس سے ملک میں گندم کا زبردست بحران پیدا ہوگا۔ میں اوپر بیٹھے ہوئے مگرمچھوں سے کہتا ہوں کہ اگر تم کسان کی ریڑھ کی ہڈی توڑ دو گے تو یہ ملک کیسے آگے چلے گا۔ اس وقت ارکان اسمبلی نے اپنی تنخواہیں تو بڑھا لی ہیں لیکن یہ غریب آدمی کو کچھ دینے کو تیار نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ 8 اپریل سے کسانوں کے ساتھ مل کر جماعت اسلامی پنجاب اسمبلی کے سامنے دھرنا دے گی اور کسانوں کے مطالبے پورے ہونے تک احتجاج جاری رہے گا اور وزیر اعلیٰ ہاؤس کا گھیراؤ بھی کیا جائے گا۔

محکمہ لائیوسٹاک عارف والہ نے لمپی اسکن بیماری سے بچاؤ کے لیئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات شروع کر دیئے

ایک چیک پوسٹ چوک مرلے اور دوسری اڈہ محمد نگر پٹرولنگ پولیس چوکی پر قائم کر دی اور اسٹاف تعینات کر دیا

عارفوالا (نمائندہ قوت) محکمہ لائیوسٹاک عارف والہ نے لمپی اسکن بیماری سے بچاؤ کے لیئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات شروع کر دیئے اس سلسلے میں بین الاضلاع چیک پوسٹیں قائم کر دی گئیں۔ ایک چیک پوسٹ چوک مرلے اور دوسری اڈہ محمد نگر پٹرولنگ پولیس چوکی پر قائم کر دی اور اسٹاف تعینات کر دیا۔ چیک پوسٹوں پر ملحقہ ضلعوں سے آنے والے جانوروں کو چیک کیا جائے گا کہ ان میں لمپی اسکن سے متاثرہ جانور تو نہ ہے اس کے علاوہ جانوروں کو بچھڑوں کی سپرے کی جائے گی چیک پوسٹوں کے علاوہ محکمہ لائیوسٹاک کی جانب سے دیہاتوں میں مویشی پال حضرات کے لیئے لمپی اسکن بیماری اور اس سے بچاؤ کے اقدامات کی آگاہی کے لیئے کسان لائیوسٹاک بیٹھکیں منعقد کی جا رہی ہیں۔ ڈپٹی ڈائیریکٹر لائیوسٹاک عارف والہ ڈاکٹر سید علی عمار کا کہنا ہے کہ سیکرٹری لائیوسٹاک ثاقب علی عطیل کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے محکمہ لائیوسٹاک اپنی تمام تر صلاحیتوں کے ساتھ فارمرز حضرات کے قیمتی جانوروں کو اس مرض سے محفوظ رکھنے کے لیئے مصروف عمل ہے اور اس کے لیئے تمام تر ضروری اقدامات کیئے جا رہے ہیں۔

ضلع بھر میں عید کے تین روز ٹریفک کے مختلف حادثات وواقعات میں 135 افراد زخمی ہوئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع بھر میں عید کے تین روز ٹریفک کے مختلف حادثات وواقعات میں 135 افراد زخمی ہوئے تفصیلات کے مطابق ضلع بھر میں گزشتہ عیدالفطر کے تین دنوں میں پنجاب ایمرجنسی سروس نے 112 روڈ ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کرتے ہوئے 135 زخمی افراد کو ریسکیو کیا۔ زخمی مردوں کی تعداد 101 جبکہ خواتین کی تعداد 34 ہے ان 135 زخمی افراد میں سے 83 افراد کو موقع پر ہی ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی جبکہ 52 افراد کو ہسپتال منتقل کیا گیا ان روڈ ٹریفک حادثات میں زیادہ تر تعداد موٹر سائیکلز 124، رکشے 4، وین 2، کاریں 5 اور دوسری قسم کی 7 گاڑیاں شامل ہیں۔

پیر اسلم نوشاہی انسان دوست شخصیت ہیں: آصف خان

بطور چیئرمین شاہین میڈیا لازوال خدمات انجام دیں۔ عدیل خان

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) چیئرمین شاہین میڈیا گروپ پیر محمد اسلم نوشاہی ایک انسان دوست شخصیت ہیں جنہوں نے ہر کڑے وقت میں نا صرف اپنے رفقاء بلکہ معتقدین وعوام الناس کا ہمیشہ ساتھ دیا ہے بطور چیئرمین شاہین میڈیا انکی لازوال خدمات کے معترف ہیں۔ ان باتوں کا اظہار سیکرٹری جنرل شاہین میڈیا پاکستان وگروپ لیڈر شاہین میڈیا عدیل خان نے صحافیوں کیساتھ ایک اہم نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے مخلص ساتھیوں پر فخر ہے جو ہر خوشی وغمی میں ہمیشہ ایک ہو کر چلے۔ چیئرمین پیر محمد اسلم نوشاہی نے ہمیشہ بڑکپن کا ثبوت دیتے شاہین میڈیا عہدیداران اور تمام ممبران کو عزت دی اور معاملہ فہمی میں بہترین معاون ساتھی اپنا مثبت عملی کردار ادا کیا۔ دونوں صحافی رہنماؤں نے مزید کہا کہ ہمارے لئے اپنے مخلص رفقاء ہمیشہ سے اہم رہے ہیں اور ہم سب ایک دوسرے کے ساتھی ہیں۔

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج شاہدہ سعید نے قتل کے مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج شاہدہ سعید نے قتل کے مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا عدالت نے جرم ثابت ہونے پر قاتل تصور عباس کو سزائے موت اور دس لاکھ روپے جرمانہ کی سزا سنا دی ملزم تصور عباس نے چک نمبر 209 ج ب میں فائرنگ کر کے اللہ دتہ کو قتل کیا تھا واقعہ کی بابت تھانہ لنگرانہ میں قتل کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا، پولیس نے معیاری تفتیش کیساتھ ثبوتوں کو بہترین انداز میں عدالت کے سامنے پیش کر کے سزا دلوائی ڈی پی او عبداللہ احمد کا کہنا ہے قتل کیسز میں ملوث ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کیے گئے ہیں۔

جنرل بس اسٹینڈ پر ایمرجنسی ریلیف/کمپلینٹ سیل قائم کر دیا گیا

زائد کرایہ وصولی کی شکایت پر فوری ایکشن لیا جائے گا: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ایوب بخاری

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مسافروں کی سہولت کیلئے جنرل بس اسٹینڈ پر ایمرجنسی ریلیف/کمپلینٹ سیل قائم کر دیا گیا، زائد کرایہ وصولی کی شکایت پر فوری ایکشن لیا جائے گا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ایوب بخاری نے جنرل بس اسٹینڈ کے دورہ کے دوران ایمرجنسی ریلیف/کمپلینٹ سیل کا معائنہ کرتے ہوئے بتایا کہ عید پر مسافروں کی سہولت کیلئے ریلیف سیل چاند رات گئے تک قائم رہے گا جس کا مقصد مقررہ کرایوں پر عملدرآمد کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اب تک 490 مسافروں کو مجموعی طور پر 1 لاکھ 85 ہزار روپے کرایہ واپس دلایا جا چکا ہے۔

حافظ آباد میں بڑا قبرستان ریلوے لائن والہ آوارہ کتوں کی آماجگاہ بن گیا

آوارہ کتوں کی بھرمار سے قبروں کے تقدس کی پامالی کے ساتھ ساتھ سینکڑوں قبریں بھی مسمار ہونے لگیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں بڑا قبرستان ریلوے لائن والہ آوارہ کتوں کی آماجگاہ بن گیا۔ آوارہ کتوں کی بھرمار سے قبروں کے تقدس کی پامالی کے ساتھ ساتھ سینکڑوں قبریں بھی مسمار ہونے لگیں۔ جس کی وجہ سے شہری پریشان ہو کر رہ گئے۔ تفصیلات کے مطابق قبرستان ریلوے لائن والہ جو کہ شہر کا سنگم میں واقع ہے یہاں پر ہمہ وقت آوارہ کتے قبروں پر اچھلتے کودتے اور بیٹھے دکھائی دیتے ہیں جس کی وجہ اب تک یہاں پر کثیر تعداد میں قبریں مسمار ہو چکی ہیں اور یہ سلسلہ رکتا دکھائی نہیں دے رہا ہے۔ یہ آوارہ کتے روزانہ قبروں سے مٹی ہٹا کر وہاں خود بیٹھ کو خواب خرگوش کے مزے لینے لگتے ہیں جس سے قبرستان میں اپنے عزیز واقارب کی قبروں پر فاتحہ خوانی کرنے والے احباب کو سخت پریشانی اور کوفت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے مذکورہ قبرستان کی ناگفتہ بہ صورت پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق سے مطالبہ کیا ہے کہ مذکورہ قبرستان کو آواہ کتوں سے سے پاک کیا جائے اور یہاں پر میونسپل کمیٹی کی جانب سے چوکیدار مقرر کیئے جائیں تاکہ قبرستان اور قبروں کا تقدس پامال نہ ہو۔

وچھوکی خورد کے قریب تیز رفتار مسافروین کی موٹر سائیکل کو ٹکر۔ ایک نوجوان جاں بحق

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) وچھوکی خورد کے قریب تیز رفتار مسافروین کی موٹر سائیکل کو ٹکر۔ ایک نوجوان جاں بحق۔ خاتون سمیت دو افراد شدید زخمی۔ تفصیلات کے مطابق امیر حسن ولد محمد افضل موٹر سائیکل پر محمد ارشاد بی بی اور محمد افضل کے ہمراہ سوار ہو کر آرہا تھا کہ وچھوکی کے قریب تیز رفتار مسافر وین نے موٹر سائیکل کو ٹکر دے ماری جس کے نتیجہ میں محمد افضل موقع پر جاں بحق جبکہ امیر حسن اور ارشاد بی بی شدید زخمی ہو گئے۔ جنھیں فوری طور پر ٹراما سنٹر منتقل کر دیا گیا۔

ڈپٹی کمشنر نے عید کے موقع پر صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لیا

سینٹری ورکرز میری ٹیم کا اہم حصہ ہیں، سینٹری ورکرز اچھی کارکردگی کا سلسلہ برقرار رکھیں اور شہری بھی سینٹری ورکرز کی محنت کی پاسداری کریں

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب کی جانب سے پر عیدالفطر کے موقع پر ضلع میں صفائی ستھرائی و سیکورٹی کے بہترین انتظامات کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے عید کے دن ضلع کے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے صفائی کے بہترین انتظامات کرنے پر سینٹری ورکرز کو گلے لگایا اور ان میں مٹھائی بھی تقسیم کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے کہا کہ سینٹری ورکرز میری ٹیم کا اہم حصہ ہیں، سینٹری ورکرز اچھی کارکردگی کا سلسلہ برقرار رکھیں اور شہری بھی سینٹری ورکرز کی محنت کی پاسداری کریں۔ ڈی سی محمد تسلیم اختر راو نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں مریضوں کو عیادت کی، مریضوں اور ان کے لواحقین کو عید کی مبارکباد دیتے ہوئے ان میں مٹھائی اور گفٹس تقسیم کیے اور انکی جلد صحتیابی کے لیے دعا بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ ضلع بھر میں عید کے روز بھی ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف عوام الناس کو طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی ڈیوٹی پر موجود ہیں اور ضلع کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کا عمل جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے عید کے روز ضلعی دارالامان کا دورہ کیا، وہاں پر مقیم خواتین کے ہمراہ عید کا کیک کاٹا اور ان میں چوڑیاں، مہندی اور عید گفٹس تقسیم کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ دارالامان وزٹ کا مقصد بے سہارا اور لاچار خواتین کو عید کی خوشیوں میں شامل کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے ریسکیو 1122 کے ضلعی دفتر کا دورہ بھی کیا۔ دفتر آمد پر ریسکیورز نے ڈی سی ننکانہ کو سلامی پیش کی۔ ڈی سی نے ریسکیورز کو گلے لگا کر عید کی مبارکباد دی اور ڈیوٹی پر موجود ریسکیورز میں گفٹس بھی تقسیم کیے۔ انہوں نے ریسکیو 1122 کے کنٹرول روم سمیت دیگر شعبہ جات کا معائنہ بھی کیا اور اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھانے پر ملازمین کو شاباش بھی دی۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے اپنے دفتر میں ضلعی افسران کے ہمراہ عیدالفطر کا کیک بھی کاٹا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایت پر عید کے ایام میں ضلع کی تینوں تحصیلوں میں صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کیے گئے۔ ضلع کے تمام شہروں، قصبوں اور دیہاتوں میں صفائی ٹیموں کی مانیٹرنگ کے لیے اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر متعلقہ افسران فیلڈ میں موجود رہے کر صفائی ستھرائی کے انتظامات کو یقینی بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گراں فروشوں کو نکیل ڈالنے کے لیے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس بھی فیلڈ میں موجود ہیں جو چیکنگ کے عمل کو یقینی بنا رہے ہیں۔ انہوں نے سیکورٹی انتظامات کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں 1200 سے زائد پولیس افسران و جوان سیکورٹی ڈیوٹی کے فرائض سر انجام دے رہے ہیں، ضلع بھر میں 522 مساجد، امام بارگاہوں پر و دیگر مقامات پر سیکورٹی ڈیوٹی لگائی گئی ہے اور شہریوں کی حفاظت کے لیے سپیشل ناکہ جات بھی لگائے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ضلع بھر میں 7 تفریحی پارک ہائے پر بھی سیکورٹی ڈیوٹی لگائی گئی ہے۔ عیدالفطر کے موقع پر صفائی ستھرائی اور سیکورٹی کے بہترین انتظامات کرنے پر ضلع ننکانہ کے باسیوں نے حکومت پنجاب اور ضلعی انتظامیہ کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ دوران وزٹ اسسٹنٹ کمشنر وجیہہ ثمرین، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محمد شبیر سمیت دیگر افسران بھی ہمراہ تھے۔

کمشنر مریم خان نے اپنے دفتر میں عید کے بعد کھلی کچہری کا انعقاد کیا

عید تعطیلات کے بعد کمشنر دفتر کے دروازے شہریوں کیلئے پھر کھول دیئے گئے ہیں



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت کمشنر مریم خان کی جانب سے اوپن ڈور پالیسی کے تحت عید تعطیلات کے بعد کمشنر دفتر کے دروازے شہریوں کیلئے پھر کھول دیئے گئے ہیں۔ چھٹیوں کے بعد پہلے ورکنگ ڈے پر کمشنر نے خود اپنے دفتر میں مقررہ اوقات کار کے دوران کھلی کچہری کا انعقاد کر کے نہ صرف شہریوں کی محکموں سے متعلق شکایات سنیں بلکہ متعلقہ محکموں سے درخواستوں پر فیڈ بیک بھی لیا۔ کمشنر مریم خان کا کہنا ہے کہ عوامی شکایات اور مسائل کے حل کیلئے زیرو ٹالرنس پالیسی کا نفاذ عمل میں لایا گیا ہے اور افسران پر واضح کر دیا گیا ہے کہ شہریوں کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں۔ کمشنر نے بتایا کہ چاروں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز اور محکموں کے ہیڈز پر بھی واضح کر دیا گیا ہے کہ مقررہ اوقات کے دوران دفاتر میں اپنی حاضری یقینی بنائیں۔

رکن صوبائی اسمبلی اعجاز عالم آگسٹین کی فیصل آباد آمد

نجی تنظیم پاکستان پارٹنر شپ انیشیٹو کے تعاون سے مشین سے اینٹوں کی تیاری کے منصوبہ کا افتتاح کیا

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) رکن صوبائی اسمبلی اعجاز عالم آگسٹین کی فیصل آباد آمد، نجی تنظیم پاکستان پارٹنر شپ انیشیٹو کے تعاون سے مشین سے اینٹوں کی تیاری کے منصوبہ کا افتتاح کیا۔ برک کلن مشین کے ذریعے کم لیبر کے ساتھ اینٹوں کی زیادہ پروڈکشن حاصل کی جا سکتی ہے۔ تقریب میں امریکی تاجر مائک برکلی، سی ای او پاکستان پارٹنر شپ انیشیٹو اشرف مل سمیت بھٹہ مالکان و بھٹہ مزدوروں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ برک کلن مشین چک 113 میں طارق مسیح بھٹہ خشت پر نصب کی گئی ہے۔ رکن صوبائی اسمبلی اعجاز عالم آگسٹین کا اس موقع پر کہنا تھا کہ برک کلن مشین کی بدولت اچھی اور سستی مشین بنائی جا سکے گی۔ مشین مختلف اقسام کی اینٹیں بنانے کی صلاحیت رکھتی ہے جس کی بدولت ایکسپورٹ میں بھی مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت بھٹہ مزدوروں کو مقررہ اجرتیں دلانے کی پالیسی پر سختی کیساتھ عمل پیرا ہے عجاز عالم آگسٹین نے برک کلن مشین کے ذریعے اینٹوں کی تیاری کے عمل کا بھی جائزہ لیا اور اس اقدام کو سراہا۔

محکمہ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی شہر بھر میں کاروائیاں جاری

ضلع بھر میں مسافر گاڑیوں میں کرایوں پر عملدرآمد کی چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محکمہ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی شہر بھر میں کاروائیاں جاری تفصیلات کے مطابق ضلع بھر میں مسافر گاڑیوں میں کرایوں پر عملدرآمد کی چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ سیکرٹری ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی عمر علی نے مختلف شاہرات اور بس سٹینڈز میں کرایوں پر عملدرآمد کو چیک کیا اور زائد کرایہ وصول کرنے والوں کو جرمانے جبکہ مسافروں کو زائد وصول کیا گیا کرایہ واپس کرا دیا۔ انہوں نے کہا کہ وہیکلز کی انسپکشن کا عمل مستقل بنیادوں پر جاری ہے اور خلاف ورزی کرنے والوں سے سختی سے نمٹا جا رہا ہے

عید پر ماڈل ٹاؤن پارک میں ممبران کا جم غفیر رہا: محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

پارک کی خوبصورتی و نئے جھولوں و بہترین انتظامات وفول پروف سیکیورٹی پر ممبران سوسائٹی وعلاقہ مکینوں کا زبردست خراج تحسین

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کا سابق صدر سوسائٹی سجاول علی وسیم ایڈووکیٹ و عہدیداران و ممبران کے ہمراہ ماڈل ٹاؤن اگوکی فیملی پارک کا وزٹ۔ بچوں میں گھل مل گئے۔ پارک کی خوبصورتی و نئے جھولوں و بہترین انتظامات و فول پروف سیکیورٹی پر ممبران سوسائٹی وعلاقہ مکینوں کا زبردست خراج تحسین۔ خالد وسیم زندہ باد کے فلک شگاف نعروں سے عوامی لیڈر کی آمد پر استقبال کیا گیا۔ عیدالفطر کے تیسرے روز بھی ماڈل ٹاؤن پارک اگوکی میں بچوں اور فیملیز کا پر ہجوم رش ہے بچے بھرپور انجوائے کر رہے ہیں آسمانوں کو چھوتے ہوئے جھولے ماڈل ٹاؤن پارک اگوکی ایک مثالی جاذب نظر، دیدہ زیب اور" اچھوتا شاہکار بنانے" ہوئے ہیں ڈویژن بھر میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا پارک ہے جہاں پر آرٹسٹوں نے دیدہ زیب اور دل میں اتر جانے والے نقوش کو رنگوں سے نکھارا ہے درختوں کے تنوں پر آرٹ کی خوبصورتی دل میں اتر جاتی ہے پارک کے داخلی راستے پر خوبصورت ٹف ٹائل لگائی گئی ہے اور داخلی راستہ سے گیٹ کے اندر داخل ہوتے ہی انسان خوابوں کی دنیا میں چلا جاتا ہے پارک کو دیکھتے ہی یوں محسوس ہوتا ہے جیسے بہاروں کو ثبات حاصل ہو چکا ہو بڑے بڑے گملوں پر آرٹ کے نقوش، آرٹیفیشل اینیملز، ہنگوڑے، جھولے پینگیں فلاور خوبصورتی کو نکھارنے میں اپنی مثال آپ ہیں عیدالفطر کے موقع کی مناسبت سے بڑے بڑے جھولے جمپنگ والے جھولے کشتی پنگوڑے آویزاں کیے گئے ہیں ماڈل ٹاؤن پارک کو مثالی پارک بنانے کے لیے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے دن رات جدوجہد اور محنت کو وطیرہ بنائے رکھا ہے اور آج کے روز الحمدللہ عید کے موقع پر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے ممبران اور ان کے بچے تفریح کے اعلی مقام سے استفادہ حاصل کر رہے ہیں ہماری دعا ہے کہ عیدالفطر کے موقع پر اللہ تعالی ہمیں پیار محبت امن اور بھائی چارے میں آگے بڑھنے کی توفیق عطا کرے اور ہم جو نعرہ لگاتے ہیں "وی آر فیملی" ہم ایک فیملی کی طرح زندگی بسر کریں پارک خوبصورت ترین مقام ہے۔

یوگا کلب زرعی فارم کے زیر اہتمام 6 اپریل بروز اتوار ساڑھے 9 بجے ورزش آگاہی واک کا اہتمام کیا جائے گا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) یوگا کلب زرعی فارم کے زیر اہتمام 6 اپریل بروز اتوار ساڑھے 9 بجے ورزش آگاہی واک کا اہتمام کیا جائے گا یہ واک کمپنی باغ سے شروع ہو کر بتی چوک پہنچ کر اختتام پذیر ہو گی جس میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد شرکت کرے گی واک کی قیادت یوگا ایکسر سائز کلبز کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر سینئر انسٹرکٹر میاں اختر حسین جالندھری اور پروفیسر ڈاکٹر داؤد احمد خان کریں گے واک کے دوران دو مقامات پر مقررین خطاب کر کے یوگا ایکسر سائز کی افادیت بیان کریں گے جبکہ دوپہر 12 بجے شرکاء واک کو زرعی فارم میں پر تکلف کھلایا جائے گا شہریوں سے بھرپور شرکت کی اپیل کی گئی ہے۔

ظفروال تھانہ ظفروال میں کرپشن عروج پر: ہر کام کے ریٹ مقرر

کارخاص کے بغیر کام کرانا ناممکن نوٹس کا مطالبہ

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تھانہ ظفروال میں کرپشن عروج پر ہے اور ہر جائز و ناجائز کام کے ریٹ مقرر ہیں جائز و ناجائز کام کیلئے SHO تھانہ ظفروال آصف نوید کے کار خاص سے ملنا پڑتا ہے جو SHO کے آفس کے باہر ہی کھڑا رہتا ہے اور معاملات طے کرنے کی ساری ذمہ داری کار خاص کے ذمہ ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ ہم ایک کام کے سلسلہ میں تھانہ ظفروال گئے تو SHO کے کار خاص نے کہا کہ درخواست دے دو اور ساتھ میں دس ہزار روپے بھی باقی 35 / 40 ہزار روپے کام ہونے پر دے دینا جو کہ ہمارے پاس دس ہزار روپے نہ ہونے کی وجہ سے ڈھیل نہ ہو سکی۔ ذرائع کا یہ بھی کہنا ہے کہ SHO کا کار خاص خالد نامی شخص SHO کے کمرے میں ہی لین دین کرتا ہے ذرائع کا یہ بھی کہنا ہے کہ ہمارے علاوہ بھی دیگر سائلین کے ساتھ بھی ایسا ہی ہو رہا ہے جتنا بڑا کام اتنا ہی زیادہ مال۔ شہریوں نے چیئرمین پبلک اکاؤنٹ کمیٹی احمد اقبال چوہدری۔ آئی جی پنجاب۔ آر پی او گوجرانوالہ اور ڈی پی او نارووال سے مطالبہ کیا ہے کہ تھانہ ظفروال میں بڑھتی ہوئی کرپشن کا نوٹس لیا جائے تاکہ عام اور غریب سائلین کو بروقت انصاف مل سکے۔

عوام کی مشکلات کا ازالہ کریں گے: سردار نعیم رضا مان

مہنگائی کو کم سے کم سطح پر لایا جائے گا جس کا آغاز ہو چکا بجلی یونٹ کی قیمت میں واضح کمی اس وعدے کی تکمیل ہے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) مسلم لیگ ن کی حکومت کا وعدہ ہے کہ عوام کی مشکلات کا ازالہ کریں گے مہنگائی کو کم سے کم سطح پر لایا جائے گا جس کا آغاز ہو چکا بجلی یونٹ کی قیمت میں واضح کمی اس وعدے کی تکمیل ہے انشاء اللہ ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا عوام کے لئے مزید اقدامات کئے جا رہے ہیں تاکہ عام آدمی کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دیا جا سکے مسلم لیگ ن کا واحد مقصد عوامی خدمت ہے خود ساختہ مہنگائی پر سخت اقدامات کئے جا رہے ہیں عوام کے لئے مشکلات پیدا کرنے والوں کے ساتھ رعایت کسی صورت ممکن نہیں مسلم لیگ ن کے مقامی رہنما سابق ممبر ضلع کونسل سردار نعیم رضا مان اور مسلم لیگ ن یوتھ ونگ کے چیئرمین سردار علیم رضا مان کی سٹی پریس کلب میں گفتگو ان کا کہنا تھا نیازی ٹولے کے سابقہ دور حکومت کے بچھائے کانٹے چن چن کر نکال رہے ہیں مسلم لیگ ن کا عزم ہے کہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے بجلی قیمتوں میں واضح کمی اس وعدے کا منہ بولتا ثبوت ہے ناجائز منافع خوروں کو سخت سزائیں دی جائیں گی جو عوام کے لئے مشکلات پیدا کر رہے ہیں ہمارا مقصد عوام کی خدمت ہے جس میں رکاوٹ ڈالنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔

وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل فاروق ڈوگر کے بھتیجے جنید ڈوگر کے نماز جنازہ میں عمائدین شہر کی بھرپور شرکت

گزشتہ رات جنید امجد ڈوگر ایڈووکیٹ کار حادثے میں خالق حقیقی سے جا ملے سوگواران میں ایک بیوہ اور دو بیٹیاں ایک بیٹے چھوڑے ہیں



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل فاروق ڈوگر کے بھتیجے اور پروفیسر امجد ڈوگر مرحوم کے فرزند جنید امجد ڈوگر ایڈووکیٹ ہائیکورٹ کار حادثے میں شدید زخمی ہو کر دار فانی سے کوچ کر گئے مرحوم کا نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں چک نمبر 232 رب رسالیوالہ عباس روڈ کے پارک میں ادا کیا گیا نماز جنازہ میں ایم پی اے رانا آفتاب احمد خاں، سابق ایم پی اے میاں وارث عزیز، سابق صدور رانا شاہد منیر، میاں انوار الحق، سابق سیکرٹری رانا مرتضی حکیم، چوہدری اکرم خاکسار، میاں طارق محمود، عامر حیات چیمہ، علی ضامن، ذکر محمد جامی ڈوگر، رانا التمش خاں، سید ضعیم گیلانی، سید مظہر شاہ، رانا نعیم نارو، ابوبکر ڈوگر، عثمان ڈوگر، عمر ڈوگر، اسد عمر، مستجاب اجمل، چوہدری کلیم اللہ گل، رانا علی عابد منج، سید نثار احمد شاہ، رانا عمر فاروق، چوہدری ارسلان پنسوتہ، نائب صدر زاہد مسعود، میاں کلیم اختر، محسن رضا ملک، رانا فاروق، میاں عثمان، کھٹانہ، چوہدری شیراز بشیر چیمہ، وقاص گل، شہزاد ڈوگر، شاہد حمید ڈوگر، سفیرا خاں وسیر، نعمان جتوئی، ارسلان جتوئی، سید سفیر عباس سبزواری، عثمان ڈوگر، علی رضا ڈوگر، شفاقت ڈوگر سمیت سینکڑوں عمائدین شہر نے بھرپور شرکت کی اور فاروق ڈوگر سے بھتیجے جنید کی اچانک وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور درجات کی بلندی کے لئے دعائے مغفرت بھی کی۔

خشک سالی کے خطرات کے باوجود نارنگ شہر میں بڑے پیمانے پر پانی ضائع ہونا معمول

انتظامیہ تاحال حرکت میں نہ آسکی بوسیدہ ٹوٹے پائپوں کی لیکیج روکنے کے لئے ملازم اور فنڈز نہیں ہیں بلدیہ کا موقف

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) خشک سالی کے خطرات کے باوجود نارنگ شہر میں بڑے پیمانے پر پانی ضائع ہونا معمول انتظامیہ تاحال حرکت میں نہ آسکی بوسیدہ ٹوٹے پائپوں کی لیکیج روکنے کے لئے ملازم اور فنڈز نہیں ہیں بلدیہ کا موقف تفصیل کے مطابق ایک طرف پاکستان میں پانی کی کمی اور خشک سالی کی صورتحال قائم ہے جس پر پنجاب حکومت کی جانب سے سخت ہدایات دی جا رہی ہیں مگر مقامی انتظامیہ خواب غفلت سے بیدار نہیں ہو رہی اور نارنگ منڈی میں زیر زمین پائپ لائن کی لیکیج کی وجہ سے ہزاروں لیٹر پانی ضائع ہو رہا ہے متعدد بار انتظامیہ کے نوٹس میں لائے جانے کے باوجود کوئی عملدرآمد نہیں کیا گیا ہر گلی محلے میں درجنوں مقامات پر سرکاری پانی کے ضیاع پر انتظامیہ ہاتھ پر ہاتھ دھرے صرف تنخواہیں وصول کرنے کو ترجیح دے رہی ہے راوی سمیت دیگر نہریں خشک ہو چکی ہیں اور پانی کی سطح کم ہو رہی ہے جس سے خطرے کی گھنٹی بج چکی ہے اس کے باوجود نارنگ منڈی میں روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں لیٹر پانی ضائع ہونا انتظامیہ کی بے حسی غفلت لاپرواہی کا منہ بولتا ثبوت ہے اہل علاقہ نے وزیر اعلی پنجاب چیف سیکرٹری پنجاب اور آبی وسائل کے متعلقہ دیگر اداروں سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے مقامی بلدیہ کا کہنا ہے ہمارے پاس فنڈز اور لیبر کی شدید کمی ہے جس وجہ سے لیکیج روکنا ممکن نہیں ہے۔

فیصل آباد: عید پر پارکنگ سٹینڈ کا غیر شفاف معاہدہ، کرپشن کا خدشہ



PHA
PARKS & HORTICULTURE AUTHORITY, FAISALABAD
No. [illegible]
Dated [illegible]

To
Mr. ADNAN LIAQAT.

Subject: PERMISSION FOR THE MANAGEMENT OF [illegible] BAGH-E-JINNAH DURING EID HOLIDAYS.

With reference to your proposal dated 28-03-2025.

It is intimated that against the notice of PHA, your [illegible] management of parking during 03 days of Eid-ul-Fitr with minimum [illegible] deposition of Rs.15,000/- per day in PHA account.

Further in case of any theft of vehicle you would be responsible.

DIRECTOR (Admn & Finance)
PARKS & HORTICULTURE AUTHORITY
FAISALABAD

CC:
1. The Director General PHA, Faisalabad.
2. Office copy.

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی (PHA) فیصل آباد کے ڈائریکٹر ایڈمن اینڈ فنانس کی جانب سے عید کے موقع پر بغیر کسی بولی یا اشتہار کے ایک نجی شخص کو پارکنگ سٹینڈ الاٹ کرنے کا انکشاف ہوا ہے، جس سے شفافیت پر سنگین سوالات اٹھ گئے ہیں۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق عدنان لیاقت نامی شخص کو صرف 15 ہزار روپے یومیہ کے عوض جناح باغ کے باہر پارکنگ سٹینڈ قائم کرنے کی اجازت دی گئی، جس سے اسے لاکھوں روپے کی کمائی کا موقع ملا۔ ذرائع کے مطابق اسی طرز پر شہر کے دیگر پارکس اور تفریحی مقامات پر بھی من پسند افراد کو نوازنے کا امکان ہے۔ یہ اقدام اس وقت مزید مشکوک ہو جاتا ہے جب یہ دیکھا جائے کہ فیصل آباد میں پہلے ہی Faisalabad Parking Company موجود ہے، جو پارکنگ کے انتظامات کی ذمہ دار ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب ایک باقاعدہ کمپنی موجود تھی تو کسی نجی ٹھیکیدار کو بغیر اشتہار یا ٹینڈر کے ٹھیکہ دینے کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ شہریوں نے اس اقدام پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اس معاملے کی مکمل تحقیقات کرائی جائیں۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ اقدام ممکنہ طور پر کرپشن کے زمرے میں آتا ہے اور اس میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔

سپیریئر گروپ آف کالج جھنگ کیمپس میں عید ملن پارٹی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا

بطور مہمان خصوصی ڈائریکٹرز سپیریئر کالج جھنگ پروفیسر چوہدری ظہیر الحق اسد اور میڈم فرحین اسامہ چوہدری نے خصوصی طور پر شرکت کی

جھنگ (بیورو رپورٹ) سپیریئر گروپ آف کالج جھنگ کیمپس میں عید ملن پارٹی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت پروفیسر محمد رحمان پرنسپل سپیریئر کالج جھنگ نے کی اور جس میں بطور مہمان خصوصی ڈائریکٹرز سپیریئر کالج جھنگ پروفیسر چوہدری ظہیر الحق اسد اور میڈم فرحین اسامہ چوہدری نے خصوصی طور پر شرکت کی اس موقع پہ وائس پرنسپل پروفیسر شہزاد انجم انصاری سمیت کالج فیکلٹی اور طلباء وطالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی تقریب میں طلباء وطالبات کے علیحدہ علیحدہ مختلف مقابلہ جات کروائے گئے اور پوزیشن ہولڈر طلباء وطالبات کی حاصلہ افزائی بھی کی گئی اور ان مختلف تفریحی مقابلہ جات کے ونرز میں سے لڑکوں سے XXSuperior HeroXX اور لڑکیوں سے Superior Queen کا انتخاب کیا گیا جس میں طلباء سے فرسٹ ایئر (میڈیکل گروپ) کے حسنین لطیف سپیریئر ہیرو جبکہ طالبات سے واصفہ اسلام سپیریئر کوئین کے خطاب سے نوازا گیا طلباء و طالبات کے رنگا رنگ پروگرام نے شرکاء تقریب کو خوب محظوظ کیا اور بھرپور داد حاصل کی اس موقع پر سپیریئر کالج جھنگ کے ڈائریکٹر پروفیسر چوہدری ظہیر الحق اسد نے شرکاء تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ تعمیری و تخلیقی سرگرمی ہماری نئی نسل کی تعلیم و تربیت میں مشعل راہ کا کام کرے گی ہم جدید تعلیمی معیار، تجربہ کار اساتذہ اور بہترین تعلیمی ماحول فراہم کر رہے ہیں تاکہ طلباء وطالبات کا مستقبل روشن بنایا جا سکے۔ میڈم فرحین اسامہ چوہدری نے کہا کہ عیدالفطر بھائی چارے محبت اور یکجہتی کا تہوار ہے ہمارے ادارے سپیریئر کالج جھنگ کا سلوگن آپکی کامیابی، ہماری ضمانت، اچھے کالج کا انتخاب، پورا کرے آپ کے خواب پر مشتمل ہے اور آپ کے خوابوں کی تکمیل ہماری اولین ترجیح بھی ہے۔ تقریب کے اختتام پر طلباء وطالبات کی انٹرٹینمنٹ کے ذریعے سے خوب خاطر تواضع کیا گیا۔

وزیر اعظم پاکستان کی ہدایات پر پاور ڈویژن کیجانب سے بجلی سستی کی گئی: سردار جمشید

پاور ڈویژن کے اہداف کامیابی سے حاصل کیئے۔ سپرنٹینڈنٹ انجنیئر گیپکو سرکل سیالکوٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) گیپکو سیالکوٹ نے پاور ڈویژن کی ہدایات کے عین مطابق دیئے گئے اہداف حاصل کیئے جس کیلئے تمام سب ڈویژنز کے گیپکو آفیسران و جفاکش فیلڈ عملہ مستعدی کیساتھ ہمیشہ بہتر سے بہترین کارکردگی دکھائی جس کی بدولت بجلی چوری، لائن لاسز کنٹرول سمیت گیپکو واجبات نادہندگان سے وصولی سمیت تمام اہداف بروقت حاصل کیئے ہیں اور یہ سلسلہ ہنوز جاری ہے ان باتوں کا اظہار سپرنٹینڈنٹ انجنیئر گیپکو سرکل سیالکوٹ سردار جمشید نے سینئر صحافیوں کیساتھ ایک نشست کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان کی ہدایات کے عین مطابق پاور ڈویژن کی جانب سے پالیسی کے تحت انشاء اللہ صارفین کو سستی بجلی کے ثمرات بلوں میں واضح کمی کیساتھ ٹرانسفر کیئے جائینگے۔

سوچی سمجھی سازش کے تحت بلوچستان کے حالات خراب کیئے جا رہے ہیں: ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) غیر ملکی طاقتیں پاکستان کے حالات خراب کرنا چاہتی ہیں سوچی سمجھی سازش کے تحت بلوچستان کے حالات خراب کیئے جا رہے ہیں بلوچستان کے شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا بلوچستان میں دہشت گردی کے المناک واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر مہر مقصود احمد ہرل ایڈووکیٹ اور جنرل سیکرٹری امتیاز حسین تاج ایڈووکیٹ، سماجی کارکن سید نور الحسن شاہ نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا اس موقع پر صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چنیوٹ مہر مقصود احمد ہرل ایڈووکیٹ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے امن پر حملے کسی صورت برداشت نہیں کریں گے بلوچستان پاکستان کی شہ رگ ہے دشمن کی ناپاک سازشیں کبھی کامیاب نہیں ہوں گی ہر شہید کا خون قوم کے عزم کو مزید مضبوط کرے گا بھارت کی پاکستان کے خلاف سازشیں بے نقاب ہو چکی ہیں انہوں نے کہا کہ پوری قوم دشمن کے ناپاک ارادوں کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بنی رہے گی وکلا برادری نے بھی بلوچستان کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے حکومت سے دہشت گردوں کے خلاف سخت کاروائی کا مطالبہ کر دیا۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

آئی ایم ایف مشن کا دورہ

انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ) آئی ایم ایف (کے مشن چیف ناتھن پورٹر کے مطابق بین الاقوامی مالیاتی فنڈ اور پاکستانی حکام نے ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی) ای ایف ایف (کے پہلے جائزے پر سٹاف لیول معاہدے تک پہنچنے کی جانب اہم پیشرفت کی ہے۔ آئی ایم ایف کی ٹیم 24 فروری سے 14 مارچ 2025 تک پاکستان کے دورے پر تھی۔ اِس دورے کا مقصد ای ایف ایف کے تحت فراہم کیے جانے والے سات ارب ڈالر کے پاکستان کے اقتصادی پروگرام کے پہلے جائزے کے ساتھ ساتھ ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فسیلٹی) آر ایس ایف (کے تحت ممکنہ نئے انتظام پر گفتگو کرنا تھا۔ دورے کے اختتام پر ناتھن پورٹر کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان نے موجودہ قرض پروگرام پر سختی سے عملدرآمد کیا ہے، بات چیت کے دوران ترقی میں تیزی لانے کے ساتھ ساتھ سماجی تحفظ کو مستحکم کرتے ہوئے صحت اور تعلیم کے اخراجات کو دوبارہ بحال کرنے کے لئے متعدد شعبوں میں خاطر خواہ پیشرفت نظر آئی جن میں عوامی قرضوں کو کم کرنے کی منصوبہ بندی، مالی استحکام، افراطِ زر کو کم رکھنے کے لئے مناسب مانیٹری پالیسی کا نفاذ، توانائی شعبے کی افادیت کو بہتر بنانے کے لئے لاگت کم کرنے والی اصلاحات کی تیز تر پیشرفت اور پاکستان کے ساختی اصلاحات کے ایجنڈے کا نفاذ شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بات چیت میں ماحولیاتی اصلاحاتی ایجنڈے پر بھی پیشرفت ہوئی جس کا مقصد قدرتی آفات سے متعلق خطرات سے حساسیت کو کم کرنا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ایسی اصلاحات بھی ہو سکتی ہیں جنہیں آر ایس ایف کے تحت ممکنہ انتظام کے ذریعے سپورٹ کیا جا سکے، مشن اور حکام آنے والے دِنوں میں بات چیت کو حتمی شکل دینے کے لئے عملی طور پر پالیسی تبادلہ خیال جاری رکھیں گے۔ آئی ایم ایف کا عملہ اب ایگزیکٹو بورڈ کے جائزے کے لئے اپنی سفارشات کو حتمی شکل دے گا جو ایک ارب ڈالر کی قسط جاری کرنے کی منظوری کے لئے ضروری ہے۔ وزارتِ خزانہ کے ذرائع کے مطابق پاکستان نے آئی ایم ایف سے دو ارب ڈالر کے قرض کی درخواست کی تھی جس میں ایک ارب ڈالر کی قسط ای ایف ایف کے تحت جبکہ ایک ارب اضافی ڈالر ماحولیاتی فنانسنگ کے لئے تھے، اب قرض کی قسط اور ماحولیاتی فنانسنگ کی منظوری کا جائزہ آئی ایم ایف کا ایگزیکٹو بورڈ لے گا۔ آئی ایم ایف نے تین شعبوں میں تحفظات ظاہر کیے ہیں، اِس نے ریٹیل، ہول سیل اور رئیل سٹیٹ سمیت کئی شعبوں میں ٹیکس وصولی بہتر بنانے پر زور دیا، فیڈرل بورڈ آف ریونیو) ایف بی آر (نے رئیل سٹیٹ اور پراپرٹی سیکٹر کے لئے ٹیکس ریٹ میں کمی کی تجویز دی اور تاجروں کی رجسٹریشن کے لئے مہم جاری رکھنے کی تحریری یقین دہانی بھی کرائی۔ آئی ایم ایف نے پوائنٹ آف سیل، ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم موثر بنا کر ٹیکس چوری روکنے پر اصرار کے علاوہ قومی ایئر لائن اور بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری جون تک کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایف بی آر نے صنعتی شعبے کی ویڈیو مانیٹرنگ کا آئی ایم ایف کا مطالبہ پورا کر دیا ہے، نوٹیفکیشن کے مطابق ایف بی آر صنعتی شعبے کی پیداوار کی نگرانی کرے گا اور اِس کے لئے سینٹرل کنٹرول یونٹ ایف بی آر کو ریئل ٹائم ڈیٹا فراہم کرے گا۔ پاکستانی حکام پر امید ہیں کہ مشن قرض کے اجرا کی سفارش کرے گا اور پاکستان کو دو ارب ڈالر مل جائیں گے۔ دوسری جانب پیٹرولیم لیوی بھی 60 روپے سے بڑھا کر 70 روپے کر دی گئی جس کی وجہ سے پٹرولیم مصنوعات کی موجودہ قیمتیں برقرار رہیں اور صارفین کو بین الاقوامی قیمتوں میں کمی کے باوجود لگ بھگ 14 روپے کا متوقع ریلیف نہیں مل سکا تاہم وزیر اعظم ہاس کی جانب سے جاری کیے گئے اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں سابق سطح پر برقرار رکھتے ہوئے اس کا پورا مالی فائدہ بجلی کی قیمتوں میں عوام کو منتقل کرنے کا فیصلہ کیا ہے، بجلی صارفین کو قیمتوں میں بڑا ریلیف دیا جائے گا۔ اعلامیے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس پیکیج کا اعلان آئندہ چند ہفتوں میں کر دیا جائے گا۔ حکومت نے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل) ایس آئی ایف سی (کی زیر معاونت اربوں ڈالر مالیت کے 28 اہم منصوبوں کی منظوری بھی دے دی ہے۔ حکومت نے اِن منصوبوں میں سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر اور بحرین سمیت 23 ممالک کو سرمایہ کاری کی دعوت دینے کا فیصلہ بھی کیا ہے، سعودی آرامکو ریفائنری، دیامر بھاشا ڈیم اور ریکوڈک کان کنی منصوبوں سمیت کئی اہم منصوبے خصوصی طور پر خلیجی ممالک کو سرمایہ کاری کے لئے پیش کیے جانے پر غور کیا جا رہا ہے جبکہ ایس آئی ایف سی کے تحت کارپوریٹ فارمنگ، ٹیکنالوجی زونز، کلاؤڈ انفراسٹرکچر، سیمی کنڈکٹر ڈیزائننگ اور سمارٹ ڈیوائسز کی تیاری کے منصوبے بھی سرمایہ کاری کے لئے پیش کیے گئے ہیں، منصوبوں پر تیزی سے عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے اِن ممالک کے شہریوں کو ترجیحی ویزے جاری کیے جائیں گے اور اِن کا دائرہ کار ایس آئی ایف سی کے ترجیحی شعبوں یعنی خوراک، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، معدنیات، پیٹرولیم اور توانائی پر محیط ہوگا۔ خیال کیا جا رہا ہے کہ اِن منصوبوں کی تکمیل نہ صرف ملک کی معاشی بحالی اور سرمایہ کاری کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرے گی بلکہ اِن سے ملکی معاشی استحکام کی راہیں بھی ہموار ہوں گی۔ آئی ایم ایف کی ٹیم کے حالیہ دورے کے بعد آنے والی اطلاعات نے ان تمام قیاس آرائیوں اور سرگوشیوں کو غلط ثابت کر دیا ہے جن میں دعوے کیے جا رہے تھے کہ ٹیکس وصولی کے اہداف کے حصول میں ناکامی سے پاکستان کو مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ عالمی مالیاتی فنڈ کی طرف سے سامنے آنے والے حوصلہ افزا بیان کے بعد یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ معاشی ٹیم کی کارکردگی سے مطمئن ہے، امید ہے آئندہ کی قسط کے اجرا کا اعلان جلد کر دیا جائے گا، ساتھ ہی ساتھ پاکستان کو ماحولیاتی تبدیلیوں سے نبٹنے کے لئے درخواست کردہ اضافی ایک ارب ڈالر بھی ملنے کے امکانات بھی خاصے روشن ہیں۔ معاشی حالات کے حوالے سے مثبت خبریں آنے کا اصل فائدہ تب ہی ہوگا جب عوام کو ریلیف ملے گی اور اِس کی امید بھی اب پیدا ہو رہی ہے، وزیراعظم گرمیوں میں بجلی کی قیمتوں میں بڑی ریلیف دینے کا اعلان کر رہے ہیں، ایسا ہوا تو عوام کی مشکلات میں کچھ نہ کچھ کمی ضرور ہو گی۔ اِس کے ساتھ ساتھ نظام کی مضبوطی اور روزمرہ کی اشیا کے حوالے سے مصنوعی مہنگائی پر قابو پانا بھی لازم ہے۔ سب سے زیادہ ضروری ہے کہ سینکڑوں ارب روپے سالانہ کا نقصان کرتے اداروں کی فوری نجکاری کے علاوہ وہ تمام ادارہ جاتی اور معاشی اصلاحات جلد از جلد مکمل کی جائیں۔

ارے او نا سمجھ بے مول بک جا اس در پر کہ

kh.amirjaved@gmail.com
0333-8604509
خواجہ عامر جاوید

اے باکمال مولوی صاحب آپ نے گانا کیوں چھوڑ دیا تھا اس نے قہقہہ لگایا اور دیر تک ہنستا رہا اس نے عینک اتار ٹشو سے آنکھیں صاف کیں اور ہنستے ہنستے جواب دیا یار تم نے مجھے جس انداز سے مولوی صاحب کہا میں وہ انجوائے کر رہا ہوں تم مجھے یہ انجوائے کرنے دو وہ اس کے بعد دوبارہ ہنس پڑا وہ ہنستے ہنستے خاموش ہوا اور پھر بولا یار گانے نے مجھے شہرت دی عزت دی اور پیسہ دیا اگر کچھ نہیں دیا تو وہ سکون تھا سکون مجھے مولوی صاحب بن کر ملا اور یہ جب مجھے مل گیا تو مجھے پتہ چلا سکون دنیا کی سب سے بڑی نعمت ہوتا ہے۔ پیسہ عزت اور شہرت تینوں مل کر بھی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتے وہ اس کے بعد دوبارہ ہنسا اور بولا میں ویمبلے میں شو کرنا چاہتا تھا میری خواہش تھی میرا خیمہ درمیان میں ہو اور دوسرے گلوکاروں موسیقاروں اور اداکاروں کے خیمے دائیں بائیں ہوں میں 1992 میں ویمبلے گیا۔ امیتابھ بچن کا خیمہ درمیان میں تھا لوگ اس کے ہاتھ چوم رہے تھے وہ اس پر واری واری جا رہے تھے وہ اس کے ساتھ تصویریں بنوانے کے لیے ایک دوسرے کو روند رہے تھے میں نے یہ عزت دیکھی تو میرے دل میں خیال آیا کیا میں بھی کبھی اس مقام تک پہنچ سکتا ہوں کیا مجھے بھی یہ عزت لوگوں کا یہ والہانہ پن مل سکتا ہے وہ شاید قبولیت کی گھڑی تھی۔ اللہ نے میری دعا سن لی اور وہ وقت آ گیا جب میرا خیمہ ٹھیک اس جگہ تھا جہاں کبھی امیتابھ بچن نے راتیں گزاری تھیں نوجوان لڑکیاں اور لڑکے اس دن میرے ساتھ تصویریں بنوانے کے لیے بھی ایک دوسرے پر گر رہے تھے مجھے بہت خوشی ہوئی میں اندر سے نہال ہو گیا میں کئی دن اس سرشاری میں رہا لیکن پھر وہ خاموش ہو گیا وہ دیر تک کچھ سوچتا رہا پھر اس نے سر اٹھایا میری طرف دیکھا اور بولا لیکن پھر ایک نئے احساس نے اس سرشاری کی جگہ لے لی۔ مجھے محسوس ہوا میری کامیابی نے مجھے عزت تو دے دی لیکن میں سکون سے محروم ہوں مجھے یہ بھی محسوس ہوا سکون عزت سے بڑی چیز ہے اور مجھے اس بڑی چیز کی طرف جانا چاہیے میں خاموشی سے سنتا رہا وہ بولا میں اس کے بعد بھی گاتا رہا لوگ میرا گانے سنتے تھے جھومتے تھے اور مجھے چومتے تھے دل دل پاکستان اور سانولی سلونی سی محبوبہ میری پہچان بن گیا میں جہاں جاتا تھا لوگ مجھ سے فرمائش کرتے تھے جے جے سانولی سلونی ہو جائے اور میں ذرا سا گنگنا کر آگے نکل جاتا تھا لیکن میں اب عزت کے ساتھ ساتھ سکون بھی تلاش کر رہا تھا اور پھر اللہ تعالیٰ نے کرم کیا اور مجھے یہ نعمت بھی مل گئی وہ خاموش ہو گیا۔ میں نے اس سے پوچھا تم تبلیغی جماعت اور مولانا طارق جمیل کے قابو کیسے آ گئے اس نے ایک قہقہہ لگایا اور بولا پاکستان کا ہر شہری زندگی میں کبھی نہ کبھی ڈاکٹر پولیس اور تبلیغی جماعت کے قابو ضرور آتا ہے زیادہ تر لوگ ان کے ساتھ چند دن گزار کر واپس آ جاتے ہیں لیکن تھوڑی سی تعداد دائمی مریض عادی مجرم اور مولوی صاحب بن کر مستقلاً ان کا حصہ بن جاتے ہیں۔ میں بھی ایک دوست کے ذریعے مولانا طارق جمیل سے ملا اور پھنس گیا میں نے پوچھا آپ کیسے پھنس گئے اس نے قہقہہ لگایا اور جواب دیا مجھے اس شخص نے اتنی محبت دی جو مجھے اس سے پہلے کسی سے نہیں ملی تھی یہ محبت میرے لیے نشہ ثابت ہوئی اور میں اس نشے کی لت کا شکار ہوتا چلا گیا میں نے دین کا مطالعہ شروع کر دیا میں شغل شغل میں چلے لگانے لگا اور مجھے جب ہوش آئی تو میں اس وقت تک اچھا خاصا مولوی صاحب بن چکا تھا میں نے اس سے پوچھا آپ اچھے خاصے سمجھ دار انسان ہیں آپ درمیان میں بھاگ کیوں نہیں گئے؟ اس نے ایک اور قہقہہ لگایا اور بولا میں نے بھاگنے کی ایک آدھ ٹرائی کی تھی میں نے گانا چھوڑ دیا تھا لیکن پھر اچانک احساس ہوا جنید جمشید تم کھا گے کہاں سے تمہیں اس کے علاوہ کوئی کام ہی نہیں آتا گانا میری زندگی بھی تھا مجھے محسوس ہوتا تھا میں نے اگر یہ بند کر دیا تو مجھ سے میری زندگی چھن جائے گی چنانچہ میں نے شیو کی اور اپنی دنیا میں واپس آ گیا لیکن چند دن بعد غلطی کا احساس ہو گیا میں اس نتیجے پر پہنچ گیا مجھے سکون اور شہرت دولت عزت میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا ہو گا۔ میرے اندر کشمکش جاری تھی لیکن پھر اللہ تعالیٰ نے کرم کیا میرے دماغ سے غلط فہمیوں کے اندھیرے چھٹ گئے اور میں دوبارہ اس لائین پر آ گیا جہاں مجھے ہونا چاہیے تھا میں تبلیغ والوں کے ساتھ شامل ہو گیا میں نے پوچھا لیکن کیا شہرت عزت اور دولت آسانی سے چھوٹ گئی؟ تڑپ کر جواب دیا بہت مشکل تھا گانا میرا واحد سورس آف انکم تھا مجھے شہرت کی لت بھی پڑ چکی تھی میرے لیے فینز تصویریں اور آٹو گرافس زندگی تھی میرا گانا میرا شناختی کارڈ تھا میں اس شناختی کارڈ کے بغیر کچھ بھی نہیں تھا چنانچہ میں گانے کے بغیر معاشی سماجی اور ذہنی طور پر زندہ نہیں رہ سکتا تھا لیکن پھر میں نے ایک سودا کیا میں نے اللہ کے نام پر اپنے تینوں اثاثے قربان کر دیے۔ میں نے عزت شہرت اور روزگار تینوں چھوڑ دیے اور اللہ کی راہ پر لگ گیا وہ خاموش ہو گیا میں نے پوچھا کیوں؟ آپ نے یہ کیوں کیا؟ وہ بولا میں بنیادی طور پر اللہ کا قانون ٹیسٹ کر رہا تھا میں نے کسی جگہ پڑھا تھا جو شخص اللہ کے ساتھ سودا کرتا ہے جو اللہ تعالیٰ کے نام پر اپنی عزیز ترین چیز قربان کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ اسے کبھی مایوس نہیں کرتا خدا کی ذات اسے اس کے حق سے زیادہ نوازتی ہے میں نے اللہ کے اس اعلان اس وعدے کو ٹیسٹ کرنے کا فیصلہ کیا۔ میں نے اپنا کل اثاثہ اللہ کی راہ میں قربان کر دیا میرے بھائی جاوید آپ یقین کرو اللہ تعالیٰ نے میری تینوں چیزیں ستر سے ضرب دے کر مجھے واپس لوٹا دیں۔ میں نے اللہ تعالیٰ کے راستے میں لاکھوں روپے کی قربانی دی تھی رب کی ذات نے مجھے کروڑوں روپے سے نواز دیا میں نے آج تک ایک رومال نہیں بنایا آپ اللہ کا کرم دیکھو دنیا میں جنید جمشید کے نام سے کپڑوں کا سب سے بڑا پاکستانی برانڈ چل رہا ہے میں راک اسٹار کی حیثیت سے مشہور تھا آپ اللہ کا کرم دیکھو میں آج نعت خوانی اور اللہ کے ذکر کے حوالے سے پوری دنیا میں مشہور ہوں لوگ مجھے دل دل پاکستان کی وجہ سے عزت دیتے تھے لیکن آج لوگ الٰہی تیری چوکھٹ پر سوالی بن کے آیا ہوں کے حوالے سے میرے ہاتھ چومتے ہیں۔ میں کبھی جینز پہن کر اسٹیج پر ناچتا تھا اور عزت دار لوگ اپنی بہو بیٹیوں کو میرے سائے سے بچا کر رکھتے تھے لیکن میں آج سر پر عمامہ اور ٹوپی رکھ کر منبر رسولؐ پر بیٹھتا ہوں اور لوگ مجھ سے اپنے بچوں کے لیے دعا کرواتے ہیں آپ دل پر ہاتھ رکھ کر جواب دیں کیا یہ اس سے ستر گناہ زیادہ نہیں جس کی میں نے قربانی دی تھی وہ خاموش ہو گیا۔ میں اس وقت آج کے مقابلے میں زیادہ گمراہ زیادہ سنگدل اور زیادہ بد دیانت تھا چنانچہ میں نے اس کا مذاق اڑانا شروع کر دیا میں نے اس سے کہا آپ اگر ان مولویوں کے ہاتھ سے بچ گئے جو اس وقت آپ کی گردن کی تلاش میں مارے مارے پھر رہے ہیں جو آپ کو گستاخ اور حضرت عائشہ کا گناہ گار سمجھ رہے ہیں تو میں آپ کو آپ کے سوال کا جواب ضرور دوں گا وہ بھی ہنس پڑا لیکن میں نے جب سات دسمبر کو جنید جمشید کے ایئر کریش کی خبر سنی اور اس کے بعد جس طرح پورے ملک کو اس کے سوگ میں ڈوبتے دیکھا اور پھر 15 دسمبر کو کراچی میں اس کا جنازہ دیکھا تو میں اس کو سچا ماننے پر مجبور ہو گیا۔ ملک میں ہزاروں علما کرام سیاستدان بیورو کریٹس صوفیا کرام اداکار گلوکار اور ارب پتی تاجر فوت ہوئے ان کے جنازے جنازہ گاہوں میں پڑھائے گئے لیکن جنید جمشید کا جنازہ اسٹیڈیم میں پڑھا گیا اور اس میں حقیقتاً لاکھوں لوگ شریک تھے تا حد نظر سر ہی سر اور بازو ہی بازو تھے جنید جمشید کو اس سے پہلے ایئر فورس نے گارڈ آف آنر بھی دیا اس کے کفن کو پاکستانی پرچم میں بھی لپیٹا اور اسے سی ون تھرٹی کے ذریعے اسلام آباد سے کراچی بھی پہنچایا یہ اعزاز آج تک کسی گلوکار کو حاصل ہوا؟ جی نہیں ! دنیا میں مہدی حسن اور نور جہاں جیسے گلوکار دوبارہ پیدا نہیں ہوں گے۔ بڑے غلام علی خان نصرت فتح علی خان عزیز میاں قوال استاد امانت علی خان اور صابری برادران موسیقی کے استاد تھے یہ استاد کس عالم میں دنیا سے رخصت ہوئے اور ان کے جنازے کیسے اور کتنے تھے؟ ہم سب جانتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے جو عزت جنید جمشید جیسے ایک سابق گلوکار کو دی یہ بھی سارا زمانہ جانتا ہے موسیقی کے استاد ہونے کے باوجود یہ لوگ دنیا سے کسمپرسی میں رخصت ہوئے جب کہ جنید جمشید کے غم کو ہر شخص نے ٹیس کی طرح محسوس کیا یہ کیا ثابت کرتا ہے یہ ثابت کرتا ہے وہ ٹھیک کہہ رہا تھا اس نے اللہ تعالیٰ سے سودا کیا تھا اور اللہ تعالیٰ نے اس کی قربانی کو ستر سے ضرب دے کر اس کے تمام اثاثے اسے لوٹا دیے۔ جنید جمشید نے ہم جیسے لوگوں کی آنکھیں کھول دیں اس نے ثابت کر دیا اللہ کے ساتھ سودا کرنے والے کبھی خسارے میں نہیں رہتے عزت قربان کرو گے تو اللہ عزت کو ستر گنا کر کے لوٹائے گا اور شہرت اور دولت کی قربانی دو گے تو اللہ تعالیٰ انہیں بھی ستر سے ضرب دے کر لوٹائے گا بے شک اللہ تعالیٰ کی اسٹاک ایکسچینج کائنات کی سب سے بڑی اسٹاک ایکسچینج ہے یہ کبھی کریش نہیں ہوتی یہ کبھی اپنے شیئر ہولڈرز کا خسارہ نہیں ہونے دیتی اس کا انڈیکس ہمیشہ اوپر جاتا ہے اوپر سے اوپر اور اوپر جاتا ہے۔ اس راہ میں بن مول بک جاتے ہیں تا جو اس طرح کے سودے میں خسارے نہیں ہوتے۔

گھروں کی چھتوں پر سولر پینلز لگوانے والے مراعات یافتہ



nusrat.javeed@gmail.com

عمر کے آخری حصہ میں عرصہ ہوا داخل ہو جانے کے باوجود ہفتے کے پانچ دن صبح اٹھ کر یہ کالم لکھنا ضروری ہے۔ صرف میری کمائی سے مگر گھر کا خرچہ پورا ہو نہیں سکتا۔ اپنے ماں باپ کی بہت لاڈلی اور دو بھائیوں کی اکیلی بہن ہوتے ہوئے بھی میری بیوی نے شادی کے تین ماہ بعد سے کام شروع کر دیا۔ اس کی وجہ سے ہمارے گھر کی پہچان سفید پوش ہو گئی۔ سفید پوشی برقرار رکھنے کی خاطر ہی وہ ابھی تک کام کرنے کو مجبور ہے اور اس کا کام میرے کام سے زیادہ مشکل اس وجہ سے بھی ہے کیونکہ ہفتے میں دو تین بار اسے اسلام آباد سے نکل کر دوسرے شہروں میں تحقیق کی خاطر جانا ہوتا ہے۔ ہم دونوں کو اپنے کام سے جو معاوضے ملتے ہیں ان پر واجب ٹیکس ہمیں عوضانہ ملنے سے قبل ہی کاٹ لیے جاتے ہیں۔ عمر تمام مشقت کی چکی میں پس کر سفید پوشی برقرار رکھنے کے باوجود لیکن حکومت نے مجھے مراعات یافتہ طبقات میں شمار کرنا شروع کر دیا ہے۔ گنتی بھر مراعات یافتہ افراد کی صف میں محض اس وجہ سے ڈالا گیا ہوں کیونکہ آج سے تقریباً تین سال قبل جب ہم میاں بیوی کی اجتماعی آمدنی کا تقریباً 30 فیصد بجلی کے بل ادا کرنے میں صرف ہونا شروع ہو گیا تو ہم نے مشکل سے بچائی رقوم خرچ کر کے اپنے گھر کی چھت پر سولر پینل لگوالیا۔ وہ لگنے کے باوجود گزشتہ ایک برس سے ہم پریشان ہونا شروع ہو گئے کیونکہ حکومت نے دن کے اوقات میں سورج سے پیدا ہوئی بجلی خریدنے کے جو دام طے کر رکھے تھے اس قیمت کا آدھا بھی نہیں تھے جو نام نہاد پیک آورز یعنی شام ڈھلنے کے بعد خرچ ہوئی بجلی کے لیے ادا کیے جاتے ہیں۔ ہماری اور حکومت کی فراہم کردہ بجلی کے نرخوں کے مابین تیزی سے بڑھتے فرق کی پریشانی کے ساتھ بے شمار عنوانات سے اضافی رقوم بھی بلوں میں شامل کی جاتی ہیں۔ ان کا بوجھ برداشت کرتے ہوئے دل کو مگر یہ سوچ کر تسلی دیتے رہے کہ اگر سولر نہ لگا ہوتا تو شاید ہم میاں بیوی کی اجتماعی کمائی کا کم از کم 40 فیصد بجلی کے بلوں کی نذر ہو جاتا۔ حکومت مگر سفید پوشوں کی محدودات جاننے کو آمادہ نہیں۔ نہایت رعونت سے بتائے چلی جارہی ہے کہ ہمارے معاشرے کے محض چند مراعات یافتہ افراد نے اپنی چھتوں پر سولر پینل لگوا کر غریب عوام کی وسیع تر اکثریت کے لیے بجلی کی قیمت کو ناقابل برداشت بنا دیا ہے۔ غریبوں کی زندگی اجیرن بنانے کے جرم کی وجہ سے اب ہمیں جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ سفید پوشی کا بھرم رکھنے کے لیے مان لیتا ہوں کہ میں اپنے گھر کی چھت پر سولر پینل لگوانے کی وجہ سے مراعات یافتہ ہو گیا ہوں۔ اس کی وجہ سے غریب کے لیے بجلی خریدنا تقریباً ناممکن ہو گیا ہے۔ میں جو بجلی خرچ کرتا ہوں اس کی قیمت لہٰذا غریبوں کی طرح ہی ادا کروں۔ مراعات یافتہ افراد کی صف میں کھڑے ہونے کا جرمانہ ادا کرنے کے باوجود مجھے یہ خوف لاحق ہے کہ غریب آدمی کے لیے بجلی اتنی ہی مہنگی رہے گی جتنی اس وقت ہے۔ وجہ اس کی بنیادی اور واضح ہے۔ اسے سمجھنے کے لیے آپ کو علم معاشیات کی ڈگری درکار نہیں اور یہ وجہ ہے گردشی قرضہ جو حکومت کے ذمہ واجب ہے۔ میرے اور آپ کی رائے پوچھے بغیر سرکار مائی باپ نے آج سے چند دہائیاں قبل یہ فیصلہ کیا کہ وہ بجلی پیدا کرنے کے قابل نہیں۔ نجی شعبے سے درخواست کی جائے کہ وہ بجلی پیدا کرے۔ اس کی پیدا کردہ بجلی کی قیمت بھی میں نے اور آپ نے طے نہیں کی۔ یہ فیصلہ بھی غریب عوام نے نہیں کیا تھا کہ حکومت سیٹھوں کے لگائے کارخانوں سے خریدی بجلی کے یونٹوں کی ادائیگی کے بجائے انہیں زیادہ سے زیادہ بجلی پیدا کرنے کو راغب کرنے کے لیے ان کے لگائے کارخانوں کی Capacity)استعداد (کے برابر ادائیگی کرے گی۔ فرض کیا ایک صنعت کار نے جو کارخانہ لگا رکھا ہے وہ مثال کے طور پر روزانہ کی بنیاد پر بجلی کے سو یونٹ پیدا کر سکتا ہے۔ حکومت مگر اس سے 50 یا 60 یونٹ ہی خرید سکتی ہے۔ بقیہ 40 یا 50 یونٹ کی کھپت ممکن نہیں۔ کھپت کے ذرائع نہ ہونے کے باوجود حکومت مگر نجی شعبے میں بجلی پیدا کرنے والے کو سو یونٹ خریدنے کی ادائیگی کر رہی ہے۔ نجی شعبے کو بجلی پیدا کرنے کی جانب راغب کرنے کے لیے سرکار مائی باپ نے جو معاہدے کیے وہ کسی بھی اعتبار سے سرمایہ دارانہ نظام سے بھی مطابقت نہیں رکھتے۔ سرمایہ داری کی بنیاد ہی طلب اور رسد کی حرکیات ہے۔ ہمارے حکمرانوں نے حقیقی طلب کے مطابق کارخانے لگوانے کے بجائے خود کو مستقبل کے لیے تیار کرنے کا بہانہ بنایا اور کل کی تیاری کرتے ہوئے آج کو مشکل سے مشکل تر بنا دیا۔ ضرورت کے مطابق بجلی خریدنے کے بجائے اسے پیدا کرنے والے کی استعداد کی ادائیگی شروع کر دی اور اب بحیثیت قوم ہم گردشی قرضوں کے گرداب میں پھنس چکے ہیں۔ بجلی پیدا کرنے والے سیٹھوں نے کمال مکاری سے قانونی اعتبار سے معاملہ ایسا بنایا کہ نجی شعبے میں بجلی پیدا کرنے والے عمومی طور پر غیر ملکی سرمایہ کار نظر آئے۔ ہمارے سیٹھوں کی غیر ملکی سرمایہ کار کے ساتھ شراکت داری نے نجی شعبے میں بجلی پیدا کرنے والوں کو حکومت کے مقابلے میں طاقتور بنا دیا۔ حکومت ان کے ساتھ بس بھئی بس والا رویہ اختیار کرے تو نہ صرف غیر ملکی سرمایہ کاری کی حوصلہ شکنی ہوگی بلکہ معاہدوں کی خلاف ورزی کے سبب پاکستان بین الاقوامی عدالتوں میں بھی رگیدا جائے گا اور وہاں سے ویسے ہی فیصلے آئیں گے جیسے ریکوڈک کے حوالے سے آئے تھے۔ سو جوتوں کیساتھ سو پیاز کھانے والا معاملہ۔ آئی ایم ایف بھی غیر ملکی سرمایہ کار کے ساتھ کھڑا ہے۔ حکومت کو صاف بتا چکا ہے کہ ملک کو دیوالیہ سے بچانا ہے تو گردشی قرضوں کی جلد از جلد ادائیگی یقینی بنانے کے لیے شہریوں کو مجبور کرو کہ وہ ہر صورت حکومت کی فراہم کردہ بجلی کو زیادہ سے زیادہ خرچ کریں اور اس خرچ کی وہ قیمت ادا کریں جو کسی بھی اعتبار سے معقول نہیں ہے۔ اسی باعث آئی ایم ایف کے وفد کی گزشتہ ہفتے پاکستان موجودگی کے دوران ہی مجھ جیسے سفید پوش افراد کو مراعات یافتہ ٹھہرا دیا گیا ہے۔ نیشنل گرڈ کے لیے دن کے اوقات میں حکومت کے لیے نسبتاً سستے داموں بجلی پیدا کرنے والے صارف سورج ڈھلنے کے بعد خرچ ہوئی بجلی کی کم از کم ڈھائی گنا زیادہ قیمت ادا کرتے ہیں۔ ان کی مگر حوصلہ شکنی ہوئی ہے۔ ٹیکنالوجی اگرچہ بہت تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے۔ مارکیٹ میں ایسی بیٹریاں موجود ہیں جو آپ کے چھت پر لگے پینلوں سے پیدا ہوئی بجلی کو کسی نہ کسی انداز میں سورج ڈھلنے کے بعد استعمال کے قابل بنا سکتی ہیں۔ سفید پوشی سے مراعات یافتہ ہوئے افراد بتدریج اس ٹیکنالوجی سے رجوع کرنے کو مجبور محسوس کریں گے۔ سرکار مائی باپ بجلی کے حوالے سے مراعات یافتہ طبقے کے خلاف نہیں بلکہ ٹیکنالوجی کے خلاف جنگ چھیڑ بیٹھی ہے اور نت نئی ایجادات کے خلاف ڈٹ کر کھڑی ہونے والی طاقتور ترین حکومتیں بھی بالآخر تھک کر ڈھیر ہو گئیں۔ خلافت عثمانیہ کے زوال کی گھڑی اس دن شروع ہوئی جب چھاپہ خانہ کی ممانعت ہوئی اور گھڑیال کو مکروہ ٹھہرا کر پھانسی کی سزا سنائی گئی

عمر کے آخری حصہ میں عرصہ ہوا داخل ہو جانے کے باوجود ہفتے کے پانچ دن صبح اٹھ کر یہ کالم لکھنا ضروری ہے۔ صرف میری کمائی سے مگر گھر کا خرچہ پورا ہو نہیں سکتا۔ اپنے ماں باپ کی بہت لاڈلی اور دو بھائیوں کی اکیلی بہن ہوتے ہوئے بھی میری بیوی نے شادی کے تین ماہ بعد سے کام شروع کر دیا۔ اس کی وجہ سے ہمارے گھر کی پہچان سفید پوش ہو گئی۔ سفید پوشی برقرار رکھنے کی خاطر ہی وہ ابھی تک کام کرنے کو مجبور ہے اور اس کا کام میرے کام سے زیادہ مشکل اس وجہ سے بھی ہے کیونکہ ہفتے میں دو تین بار اسے اسلام آباد سے نکل کر دوسرے شہروں میں تحقیق کی خاطر جانا ہوتا ہے۔ ہم دونوں کو اپنے کام سے جو معاوضے ملتے ہیں ان پر واجب ٹیکس ہمیں عوضانہ ملنے سے قبل ہی کاٹ لیے جاتے ہیں۔ عمر تمام مشقت کی چکی میں پس کر سفید پوشی برقرار رکھنے کے باوجود لیکن حکومت نے مجھے مراعات یافتہ طبقات میں شمار کرنا شروع کر دیا ہے۔ گنتی بھر مراعات یافتہ افراد کی صف میں محض اس وجہ سے ڈالا گیا ہوں کیونکہ آج سے تقریباً تین سال قبل جب ہم میاں بیوی کی اجتماعی آمدنی کا تقریباً 30 فیصد بجلی کے بل ادا کرنے میں صرف ہونا شروع ہو گیا تو ہم نے مشکل سے بچائی رقوم خرچ کر کے اپنے گھر کی چھت پر سولر پینل لگوالیا۔ وہ لگنے کے باوجود گزشتہ ایک برس سے ہم پریشان ہونا شروع ہو گئے کیونکہ حکومت نے دن کے اوقات میں سورج سے پیدا ہوئی بجلی خریدنے کے جو دام طے کر رکھے تھے اس قیمت کا آدھا بھی نہیں تھے جو نام نہاد پیک آورز یعنی شام ڈھلنے کے بعد خرچ ہوئی بجلی کے لیے ادا کیے جاتے ہیں۔ ہماری اور حکومت کی فراہم کردہ بجلی کے نرخوں کے مابین تیزی سے بڑھتے فرق کی پریشانی کے ساتھ بے شمار عنوانات سے اضافی رقوم بھی بلوں میں شامل کی جاتی ہیں۔ ان کا بوجھ برداشت کرتے ہوئے دل کو مگر یہ سوچ کر تسلی دیتے رہے کہ اگر سولر نہ لگا ہوتا تو شاید ہم میاں بیوی کی اجتماعی کمائی کا کم از کم 40 فیصد بجلی کے بلوں کی نذر ہو جاتا۔ حکومت مگر سفید پوشوں کی محدودات جاننے کو آمادہ نہیں۔ نہایت رعونت سے بتائے چلی جارہی ہے کہ ہمارے معاشرے کے محض چند مراعات یافتہ افراد نے اپنی چھتوں پر سولر پینل لگوا کر غریب عوام کی وسیع تر اکثریت کے لیے بجلی کی قیمت کو ناقابل برداشت بنا دیا ہے۔ غریبوں کی زندگی اجیرن بنانے کے جرم کی وجہ سے اب ہمیں جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ سفید پوشی کا بھرم رکھنے کے لیے مان لیتا ہوں کہ میں اپنے گھر کی چھت پر سولر پینل لگوانے کی وجہ سے مراعات یافتہ ہو گیا ہوں۔ اس کی وجہ سے غریب کے لیے بجلی خریدنا تقریباً ناممکن ہو گیا ہے۔ میں جو بجلی خرچ کرتا ہوں اس کی قیمت لہٰذا غریبوں کی طرح ہی ادا کروں۔ مراعات یافتہ افراد کی صف میں کھڑے ہونے کا جرمانہ ادا کرنے کے باوجود مجھے یہ خوف لاحق ہے کہ غریب آدمی کے لیے بجلی اتنی ہی مہنگی رہے گی جتنی اس وقت ہے۔ وجہ اس کی بنیادی اور واضح ہے۔ اسے سمجھنے کے لیے آپ کو علم معاشیات کی ڈگری درکار نہیں اور یہ وجہ ہے گردشی قرضہ جو حکومت کے ذمہ واجب ہے۔ میرے اور آپ کی رائے پوچھے بغیر سرکار مائی باپ نے آج سے چند دہائیاں قبل یہ فیصلہ کیا کہ وہ بجلی پیدا کرنے کے قابل نہیں۔ نجی شعبے سے درخواست کی جائے کہ وہ بجلی پیدا کرے۔ اس کی پیدا کردہ بجلی کی قیمت بھی میں نے اور آپ نے طے نہیں کی۔ یہ فیصلہ بھی غریب عوام نے نہیں کیا تھا کہ حکومت سیٹھوں کے لگائے کارخانوں سے خریدی بجلی کے یونٹوں کی ادائیگی کے بجائے انہیں زیادہ سے زیادہ بجلی پیدا کرنے کو راغب کرنے کے لیے ان کے لگائے کارخانوں کی Capacity)استعداد (کے برابر ادائیگی کرے گی۔

مقبوضہ کشمیر کے عوام اور بھارتی بربریت



lahore1947@gmail.com

تاریخی پس منظر میں جب بھی کشمیر کا ذکر ہوگا تو بھارتی انسانی حقوق کی پامالی کی داستان اور ظلم ستم اور بربریت اور قتل عام قید بند اور ظلم کی نئی نئی کہانیاں تاریخ سناتی رہے گی اور اقوام عالم کی بے حسی اور مخصوص ذہنیت کی عکاسی ہوتی رہے گی غزہ کے مسلمان ہوں یا کشمیر کے عوام یا سکھ عوام ہوں یا حسینہ واجد کے دور کے بنگلہ دیش میں بھارتی ہندوواتا کی منہ بولتی داستانیں دنیا کا چہرہ دکھاتی رہے گی مسئلہ کشمیر ایک دیرینہ اور پیچیدہ مسئلہ ہے۔ کشمیر میں بھارتی حکومت کے اقدامات کو مقامی آبادی پر اثرات کے باعث بڑے پیمانے پر تنقید کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ انسانی حقوق کے تحفظات ماورائے عدالت قتل: ہندوستانی سیکیورٹی فورسز کی جانب سے ماورائے عدالت قتل، تشدد اور جبری گمشدگیوں کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ حرکت اور مواصلات پر پابندیاں: ہندوستانی حکومت نے انٹرنیٹ بند اور کرفیو سمیت نقل و حرکت اور مواصلات پر پابندیاں عائد کی ہیں من مانی حراست: سیاست دانوں، کارکنوں اور صحافیوں سمیت بہت سے کشمیریوں کو بغیر کسی الزام یا مقدمے کے من مانی طور پر حراست میں لیا گیا ہے۔ کشمیری عوام پر اثرات: معاشی مشکلات: تنازعہ نے کشمیر کی معیشت پر تباہ کن اثرات مرتب کیے ہیں، بہت سے کاروبار اور صنعتیں بند ہو گئی ہیں۔ نفسیاتی صدمہ: جاری تشدد اور غیر یقینی صورتحال نے کشمیری عوام کو بہت زیادہ نفسیاتی صدمہ میں پہنچایا ہے۔ خودمختاری کا نقصان: ہندوستانی حکومت کے اقدامات نے کشمیر کی خودمختاری کو ختم کر دیا ہے، بہت سے کشمیریوں کو لگتا ہے کہ ان کے حقوق اور آزادیوں کو سلب کیا جا رہا ہے۔ بین الاقوامی ردعمل اقوام متحدہ کی قراردادیں: اقوام متحدہ نے کئی قراردادیں منظور کی ہیں جن میں کشمیر کے مستقبل کا تعین کرنے کے لیے استصواب رائے کا مطالبہ کیا گیا ہے انسانی حقوق کی تنظیموں، جیسے ایمنسٹی انٹرنیشنل اور ہیومن رائٹس واچ نے کشمیر میں بھارت کے انسانی حقوق کے ریکارڈ پر تنقید کی ہے۔ بین الاقوامی برادری بشمول امریکہ، چین اور پاکستان جیسے ممالک نے تنازعہ کے پرامن حل پر زور دیا ہے۔ جموں و کشمیر کو خصوصی خود مختار حیثیت دینے والے آرٹیکل 370 کو منسوخ کرنے کے بھارتی حکومت کے فیصلے کو اس کی قانونی حیثیت، آئینی اور انسانی اثرات کی وجہ سے بڑے پیمانے پر تنقید کا نشانہ بنایا گیا ہے آرٹیکل 370 کی منسوخی ایک صدارتی حکم کے ذریعے کی گئی تھی، جس کے بارے میں کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ یہ غیر آئینی ہے اور جمہوری عمل کو نظرانداز کرتا ہے ہندوستانی حکومت کا فیصلہ جموں و کشمیر کے لوگوں یا ان کے منتخب نمائندوں سے مشاورت کے بغیر کیا گیا۔ آرٹیکل 370 کی منسوخی سے انسانی حقوق کیخلاف ورزیوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، بشمول من مانی حراست، تشدد اور ماورائے عدالت قتل ، بھارتی حکومت کی طرف سے انٹرنیٹ اور فون کی پابندیوں سمیت مواصلاتی بلیک آوٹ کے نفاذ نے کشمیریوں کی روزمرہ زندگی کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ آرٹیکل 370 کی تنسیخ نے اہم معاشی مشکلات کو جنم دیا ہے، بشمول معاش، کاروبار اور صنعتوں کا نقصان۔ بین الاقوامی ردعمل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے کشمیر کی صورتحال پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے کئی اجلاس منعقد کیے ہیں جن میں بہت سے ممالک نے انسانی حقوق کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے ایمنسٹی انٹرنیشنل اور ہیومن رائٹس واچ جیسی انسانی حقوق کی تنظیموں نے کشمیر میں بھارتی حکومت کے اقدامات پر تنقید کی ہے۔ پاکستان، چین اور ترکی سمیت کئی ممالک نے کشمیر کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور اس کے پرامن حل پر زور دیا ہے۔ کشمیر میں بھارتی حکومت کے اقدامات کو مقامی مسلم آبادی پر ان کے اثرات اور انسانی حقوق کے بین الاقوامی اصولوں کی پاسداری کے لیے بڑے پیمانے پر تنقید کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ ہندوستانی فوج پر شہریوں کیخلاف ضرورت سے زیادہ طاقت کا استعمال کرنے کا الزام لگایا گیا ہے، جس میں پیلٹ گن، آنسو گیس اور گولہ بارود کا استعمال شامل ہے ۔ سیاست دانوں، کارکنوں اور صحافیوں سمیت بہت سے کشمیریوں کو بغیر کسی الزام یا مقدمے کے من مانی طور پر حراست میں لیا گیا ہے قیدیوں کے ساتھ تشدد اور ناروا سلوک کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں، جن میں جسمانی اور نفسیاتی زیادتی کا استعمال بھی شامل ہے۔ کشمیر میں ہندوستانی حکومت کے اقدامات کو جنیوا کنونشنز کی خلاف ورزی کرنے پر تنقید کا نشانہ بنایا گیا ہے، جو جنگ کے انعقاد اور عام شہریوں کے ساتھ سلوک کو کنٹرول کرتے ہیں، شہری اور سیاسی حقوق کے بین الاقوامی معاہدے کی خلاف ورزی کرنے پر ہندوستانی حکومت کے اقدامات پر بھی تنقید کی گئی ہے، جو زندگی، آزادی اور انسان کے تحفظ کے حقوق کا تحفظ کرتا ہے۔ کشمیر میں ہندوستانی حکومت کے اقدامات اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کی خلاف ورزی کرنے پر تنقید کا نشانہ بنایا گیا ہے، بشمول قرارداد 47، جس میں کشمیر کے مستقبل کا تعین کرنے کے لیے استصواب رائے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل نے کشمیر میں بھارتی حکومت کے اقدامات پر تنقید کرتے ہوئے کئی قراردادیں منظور کیں، ایمنسٹی انٹرنیشنل اور ہیومن رائٹس واچ جیسی انسانی حقوق کی تنظیموں نے کشمیر میں بھارتی حکومت کے اقدامات پر تنقید کی ہے پاکستان، چین اور ترکی سمیت کئی ممالک نے کشمیر کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور اس کے پرامن حل پر زور دیا ہے۔ کشمیری عوام کا اپنے مستقبل کا خود فیصلہ کرنے کا حق ایک دیرینہ اور گہری خواہش ہے۔ اقوام متحدہ کا چارٹر خود ارادیت کے اصول کو تسلیم کرتا ہے، جو آرٹیکل (2)1 اور آرٹیکل 55 میں درج ہے شہری اور سیاسی حقوق پر بین الاقوامی معاہدہ، جس کی ہندوستان نے توثیق کی ہے، آرٹیکل (1)1 میں حق خود ارادیت کو تسلیم کرتا ہے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعدد قراردادیں، بشمول قرارداد (1948) 47، آزادانہ اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے کے ذریعے کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کو تسلیم کرتی ہیں۔ کشمیری عوام نے مستقل طور پر بیرونی مداخلت سے آزاد ہو کر اپنے مستقبل کا تعین کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ بہت سے کشمیری زیادہ خودمختاری اور خودمختاری کی خواہش رکھتے ہیں، جس سے وہ اپنے معاملات خود سنبھال سکیں اور اپنے مستقبل کے بارے میں خود فیصلے کر سکیں۔ کشمیری عوام نے بارہا تنازعہ کے پرامن حل کا مطالبہ کیا ہے، جو ان کے حقوق اور خواہشات کا احترام کرتا ہے۔ عالمی برادری کی ذمہ داری ہے کہ وہ کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی حمایت کرے اور تنازعہ کے پرامن حل کو فروغ دے۔ بین الاقوامی برادری کو چاہیے کہ وہ ہندوستان، پاکستان اور کشمیری عوام کے درمیان باہمی طور پر قابل قبول حل تلاش کرنے کے لیے بات چیت کی حوصلہ افزائی کرے۔

ڈاکٹر انعام الحق جاوید لفظوں کے جادوگر



03004821200
E-mail: rohailakbar@gmail.com

ڈاکٹر انعام الحق جاوید لفظوں کے جادوگر تو ہیں ہی ساتھ میں مخلص دوست، ہمدرد انسان اور خوبصورت سیرت سے مالا مال بھی ہیں جو ان سے ایک بار مل لیتا ہے پھر بار بار ملنے کی حسرت اسکے دل میں پیدا ہوتی رہتی ہے آجکل کے غم زدہ ماحول میں انکی شاعری چہروں پر شگفتگی لے آتی ہے انکے "لفظ "پڑھے ہی نہیں جاتے محسوس بھی کئے جاتے ہیں یہ کبھی رلاتے ہیں کبھی ہنساتے ہیں تو کبھی مرہم بن جاتے ہیں ان کی نغمگی اگر کانوں میں رس گھولتی ہے تو نشتر بن کر دل چیر بھی دیتی ہے الفاظ وہ نہیں جو دل سے نکلیں بلکہ الفاظ وہ ہیں جو دل میں اتریں یہی وجہ ہے کہ انکی کا ساتھ میسر ہو نہ ہو انکی خوبصورت شاعری کے الفاظ ہمیشہ ساتھ رہتے ہیں انکی شاعری کے اندر چھپے ہوئے پیغامات کا میں اگر مختصر سا خلاصہ پیش کر سکوں تو بس اتنا سا ہی ہے کہ ڈاکٹر صاحب کے لفظ ہیرے کی طرح ہوتے ہیں جس رخ سے دیکھیں ایک نئے رنگ میں مسحور کرتے ہیں احساس کو چھو جائیں تو پھول سے بھی زیادہ نرم و نازک نقصان پہنچانے پر آئیں تو جان لے کر ہی چھوڑتے ہیں ان کا نرم لہجے سے ہمیشہ مضبوط اور دیرپا رشتے تخلیق پاتے ہیں اس لیے اپنے رشتے داروں، ماتحتوں، چھوٹوں بڑوں کے ساتھ اچھے الفاظ سے مخاطب ہوا کریں اچھے لہجے اچھے الفاظ آپ کی زندگی کا آئینہ ہوتے ہیں اور یہی "اللہ رب العزت " کی رضا اور خوشنودی کا باعث بنتے ہیں اگر کسی کی مسکراہٹیں آپ کے وجود سے وابستہ ہیں تو یقین کریں آپ کا وجود قابل رشک ہے وعدوں کو وفا کرنے کا ہنر بہت کم لوگوں میں ہوتا ہے اور یقین کریں ڈاکٹر انعام الحق جاوید کی زندگی وفا کا بہترین نمونہ ہے اسی لیے تو انکے ساتھ دوستی پر فخر سمجھتا ہوں کہ زندگی کی شراکت داری کسی ایسے انسان سے ہے جو اس وقت بھی ساتھ نبھانا جانتا ہے جب زندگی آپ کے لئے چیزیں مشکل سے مشکل ہوتی جا رہی ہوں اور خدا کا شکر ہے کہ ہمارے پاس ڈاکٹر انعام الحق کی شکل میں ایک ایسی نایاب اور بہت قیمتی چیز ہے جو بہت کم لوگوں کے پاس ہوتی ہے اللہ وہ چیز بس انہیں دیتا ہے جنہیں پسند کرتا ہے اور اپنے قریب کرنا چاہتا ہے پتہ ہے وہ کیا ہے؟ دوسروں کی تکلیف کا احساس اور وہ احساس ڈاکٹر صاحب کی کتاب کلیات میں بھی موجود ہے جن میں انکا کہنا ہے کہ

ہر وہم کو پکڑ کر ہوا میں اچھال دو
مرنے کے بعد کیا ہے یہ دل سے نکال دو
پھر آ بیٹھ کر کہیں کر لیں مذاکرہ
دوں گا ہر اک جواب تم اپنے سوال دو

ڈاکٹر صاحب نے کتاب کے سرورق پر اپنی خوبصورت تصویر کے ساتھ ساتھ اپنی چار کتابوں ساتویں سمت، زندگی کے صحرا میں، جزیرے میں سمندر اور آخر کب تک کی تصویریں بھی سجا رکھی ہیں اور سب سے بڑھ کر انہوں نے اپنی کتاب کا انتساب اس شخصیت کے نام کر رکھا ہے جسے میں بھی اپنا روحانی مرشد سمجھتا ہوں سینئر عرفان صدیقی بھی کمال کے لکھاری ہیں کالج دور سے انہیں پڑھتا آیا ہوں اور اب تک انہیں پڑھ رہا ہوں لکھتے ہیں تو خوب لکھتے ہیں انکے الفاظ کے نشتر وہ کنکریاں پھینکتے ہیں جو عباس اطہر کے بھی بعض اوقات بس میں نہیں ہوتا تھا ڈاکٹر صاحب نے اپنی کتاب جناب عرفان صدیقی صاحب کے نام کر کے اپنا حق تو ادا کر دیا ہے۔ ڈاکٹر انعام الحق جاوید کی کی شاعری نہ صرف ہم جیسے ڈھلتی عمر کے نوجوانوں کی زندگی میں امید کا دیا ہے بلکہ بچوں نے بھی انکی شاعری پر دائرے لگا رکھے ہیں میرا بیٹا محمد ریان ابھی ابھی چھٹی کلاس میں پہنچا ہے اس نے ڈاکٹر صاحب کی کتاب کلیات کے بہت صفحے نشان زدہ کر دیے ہیں اور اکثر رات کو مجھے وہ انکی ایک غزل سناتا ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب کی شاعری بچوں میں بھی بے حد پسند ہے اگر حکومت انکی شاعری کو سلیبس کی کتابوں میں بھی شامل کر دے تو یہ بچوں کے لیے بھی بہت اچھا ہو جائیگا تعلیم کا ذکر ہو اور وفاقی سیکریٹری تعلیم محی الدین وانی کا ذکر نہ ہو یہ ہو نہیں سکتا کیونکہ تعلیم کے شعبہ میں جو انقلاب وانی صاحب نے پیدا کر دیا وہ آج تک نہیں ہو سکا قیام پاکستان سے لیکر آج تک بچوں کی مفت تعلیم وہ بھی اس لیول کی جو ایک عام انسان سوچ بھی نہیں سکتا وہ وانی صاحب نے اسلام آباد میں عملی طور پر شروع کر دی ہے وانی صاحب کی خدمات ہماری اس نسل کے لیے ناقابل یقین عمل ہے جنہوں نے کل بڑے ہو کر ملک کی خدمت کرنی ہے میں سمجھتا ہوں کہ اسلام آباد میں اس وقت صرف تین ہی اہم شخصیات ہیں جو ملک و قوم کی خدمت میں مصروف ہیں ان میں وفاقی محتسب جناب اعجاز قریشی، وفاقی سیکریٹری تعلیم جناب محی الدین وانی اور ہر دلعزیز شخصیت ڈاکٹر انعام الحق جاوید ان تینوں کی شخصیات اور خدمات ناقابل فراموش ہیں کاش ہمارے باقی کے افسران بھی انہی کے نقش قدم پر چل پڑیں تو پاکستان کی تقدیر بدل جائیگی میں بات کر رہا تھا ڈاکٹر انعام الحق جاوید کی کلیات میں موجود شاعری کے الفاظ حقیقت میں بول کر بتاتے ہیں کہ کب کچھ ہوگا شائد اسی لیے انہوں نے اس پر پوری غزل لکھ دی۔

تم کہتے ہو سب کچھ ہوگا
میں کہتا ہوں کب کچھ ہوگا
بس اس آس پہ عمر گذاری
اب کچھ ہوگا، اب کچھ ہوگا
کچھ بھی نہ ہونے پر یہ عالم
کیا کچھ ہوگا، جب کچھ ہوگا
ہم سمجھے تھے، تم کو، ہم کو
دیکھ کے جان بہ لب کچھ ہوگا
لیکن اب تو یوں لگتا ہے
مر جائیں گے تب کچھ ہوگا۔

ڈاکٹر صاحب کی کتاب کلیات کے حوالہ سے صحافت کی پہچان جناب مجیب الرحمٰن شامی صاحب نے زندہ جاوید شاعری، ڈاکٹر خورشید رضوی نے خیر مقدم، ڈاکٹر زاہد منیر نے تخلیقی عمل کی پراسراریت، حامد میر نے واہ ڈاکٹر صاحب واہ، جاوید چوہدری نے ڈاکٹر انعام الحق جاوید مظہر برلاس نے پھول اور خوشبو کے راستے، ڈاکٹر ارشد محمود ناشاد نے شاخ ثمر بار اور سلیم اختر نے ڈاکٹر انعام الحق جاوید کی سنجیدہ شاعری ایک جائزہ کے نام سے بہت خوب لکھا ہے اور عرض شاعر میں ڈاکٹر انعام الحق جاوید نے تو کمال ہی کر دیا جس میں انہوں نے اپنے بہت سے دوستوں کا ذکر کیا تو ہی پر محسن صحافت جناب عطاء الحق قاسمی صاحب کو بھر پور ذکر بھی کیا قاسمی صاحب واقعی ہمارے آج کے ہیرو ہیں جنکی نظر ڈاکٹر صاحب کی غزل کا ایک شعر۔

روح جس طرح جان میں گم ہے
دل کسی مہربان میں گم ہے۔

قابل تعریف ہیں لاہور پولیس کے جوان



اگر بات کریں اپنے پولیس کے جوانوں کی تو پاکستان پولیس خاص کر پنجاب پولیس بہادری دلیری وجرت کی مثال ہے کہیں بھی کوئی جرم ہو پولیس ملزمان تک پہنچ ہی جاتی ہے اور لاہور پولیس کی تو کیا ہی بات ہے۔ لاہور پولیس کے افسران واہلکاران دن رات اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کے عوام کے جان و مال کی حفاظت کرتے ہیں اور ہمارے بہت سے دوستوں کا خیال ہے کہ اگر محکمہ پولیس نا ہوتا تو جرائم اس قدر ہوتے کہ اسکی کوئی مثال نظر نہ آئے لیکن اگر مثال دینی ہے تو لاہور پولیس کی مثالی کارکردگی کی بھی مثال دینی چاہیئے کہ محکمہ پولیس کے اہلکاران کو اچھی نظر سے نہیں دیکھا جاتا لیکن حقیقت ہے اور بہت تلخ حقیقت ہے کہ پولیس کے جوان اپنی جان ہتھیلی پر رکھتے ہیں اپنے دن کا چین راتوں کی نیند تک عوام کے تحفظ کے لئے نچھاور کر دیتے ہیں اور رات کے اندھیرے میں بھی آپ کو پولیس کے جوان عوام کی حفاظت پر مامور نظر آئینگے اور یقیناً عوام کو بھی اس بات کا احساس ہوتا ہے کہ پولیس عوام کی حفاظت میں مصروف ہے جیسے پاک فوج کے جوان رات رات بھر جاگ کے سرحدوں پر پہرہ دیتے ہیں سرحدوں کی حفاظت کرتے ہیں کہ کہیں دشمن چھپ کر وار نا کر دے بالکل ویسے ہی پاکستان پولیس کے جوان ملک بھر میں شہر شہر میں شہر کی گلیوں بازاروں میں عوام کے تحفظ کے لئے دن رات ایک کر دیتے ہیں۔ کہیں بھی کوئی جرم ہوتا ہے پولیس کے جوان فوری حرکت میں آ جاتے ہیں اور جرم کرنے والا ملزم کتنا ہی شاطر عیار و مکار کیوں نا ہو پولیس بالآخر ملزمان تک پہنچنے میں کامیاب ہو ہی جاتی ہے اور یقیناً بہت سے ایسے پولیس افسر بھی دیکھے ہیں جو بہادری وہمت کی مثال ہیں اور جب کہیں جرم ہونے کی اطلاع ملتی ہے تو فوری حرکت کرتے ہیں اور اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھتے جب تک ملزمان کو داخل حوالات نا کر دیں اور ہمارے بہت سے پولیس افسران سے دوستی ہے پیار و محبت کا رشتہ ہے اور بتا دیں کہ ہمارے پھوپھا جان جناب شبیر احمد شامی مرحوم بھی ایس پی ریلوے رہے اور اکثر ہمیں انکے ساتھ بھی سفر کرنے کا موقع ملتا رہتا تھا۔ انتہائی شفیق ہنس مکھ وملنسار آفیسر تھے اور انکی نسبت سے ہی ہمیں بھی محکمہ پولیس سے دلی لگاؤ اور وابستگی ہے اور یقیناً اگر شعبہ صحافت سے وابستہ نہ ہوتے تو ہم بھی محکمہ پولیس کا ہی حصہ ہوتے اور آج بھی ہمارے بہت سے پیارے بھائی اور دوست محکمہ پولیس سے منسلک اور آفیسر ہیں جن میں قمر عباس، عاطف ذوالفقار، راحیل بھائی، شریف سندھو مرحوم، فیصل شریف، یوسف بٹ، اکرام بھائی، عبدالغنی، عامر حبیب، شاہد، حافظ خالد سمیت بہت سے بزرگ و دوست ہیں جن سے دلی وابستگی پیار و محبت کا رشتہ قائم ہے اور ہمارے ایک بہت ہی پیارے بھائی ہیں اسرار جنجوعہ آجکل ہمارے تھانہ قائد اعظم میں ایس ایچ او تعینات ہیں انہوں نے بھی اپنے علاقے میں بہت سے کیس سلجھائے اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا چند روز قبل ہی تھانہ قائد اعظم میں ڈکیتی کی واردات ہوئی اور ڈاکو فرار ہو گئے تو ہمارے پیارے بھائی ڈاکو کو پکڑنے ملتان پہنچ گئے اور ملتان سے معلوم پڑا کہ ڈاکو فیصل آباد پہنچ گئے تو ہمارے بھائی ڈاکو کو پکڑنے ملتان سے فیصل آباد پہنچ گئے اور ڈاکو کو پکڑ کے ہی واپس لاہور پہنچے اور اس سے قبل بھی اغوا برائے تاوان کا خود ساختہ ڈرامہ کرنے والوں کو 48 گھنٹوں میں گرفتار کر لیا اور نا صرف یہ بلکہ انڈسٹری ایریا میں فیکٹری ملازم کی طرف سے ڈکیتی کا ڈرامہ کرنے والے فیکٹری ملازمین کو بھی بے نقاب کیا اور انہیں کیفر کردار تک پہنچایا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ہماری پولیس کے بہادر جوان ہمہ وقت اپنے فرض کی ادائیگی میں مصروف رہتے ہیں اور جرم ہونے کے بعد جرم کی تہہ تک بھی پہنچتے ہیں جسکی تازہ مثال گزشتہ دنوں شہر لاہور میں رونما ہونے والا واقعہ ہے جس میں راہ چلتے نجی کمپنی کے گارڈز نے سرعام بدمعاشی کی راہ چلتے گاڑی روک کے شریف شہری کو تشدد کا نشانہ بنایا اور نا صرف یہ بلکہ شہری کی گاڑی پر بھی فائر کئے اور بدمعاشی کرنے کے بعد نجی سیکورٹی کمپنی کے گارڈ موقعہ واردات سے فرار ہونے میں کامیاب بھی ہو گئے اور سوشل میڈیا پہ یہ واقعہ زیر گردش رہا یہ بہت بڑا چیلنج تھا لاہور پولیس کے لئے کہ نامعلوم سیکورٹی گارڈز کو جنھوں نے سرعام دمعاشی کی اور موقع واردات سے فرار بھی ہو گئے انکو کیسے پکڑا جائے اور سرعام بدمعاشی کی اس واردات پر ڈی آئی جی نے فوری ایکشن لیا اور سیکورٹی گارڈز کو پکڑنے کے لئے خصوصی ٹیم تشکیل دی اور لاہور پولیس کی خصوصی ٹیم نے وقوعہ کے چند گھنٹوں بعد ہی بدمعاشی کرنے والے ملزمان یعنی سیکورٹی گارڈز کو دبوچ لیا اور چار ملزمان کو داخل حوالات بھی کر دیا اور جس تیزی و برق رفتاری سے لاہور پولیس کے جوان حرکت میں آئے اور ملزم گرفتار کئے وہ قابل تعریف ہے اور پاکستانی پولیس تو اندھے قتل کا سراغ لگانے میں بھی ماہر ہے اور یہاں تو صرف فائرنگ ہی ہوئی تھی۔ لاہور پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیج اور موقع واردات پر عوام کی طرف سے بنائی گئی ویڈیوز کے ذریعے نا صرف نامعلوم ملزمان کی شناخت کی بلکہ انہیں انکے انجام تک بھی پہنچایا۔ یقیناً ملزم کتنا ہی با اثر یا اختیار کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا اور یہاں بھی ملزم با اثر ہی معلوم ہوتے تھے اور وی آئی پی موومنٹ ہی تھی جس دوران شہری پر تشدد کیا گیا اور وی آئی پی موومنٹ کے دوران دہشت پھیلانے والوں کو داخل حوالات کرنا بھی لاہور پولیس کا بڑا کارنامہ ہے اور سرعام بدمعاشی کرنے والے گارڈز کی گرفتاری سے اہلیان لاہور میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے اور اہل لاہور پولیس کے افسران و جوانوں کو مبارکباد پیش کرتے نظر آ رہے ہیں اور تمام اہلیان لاہور کی طرح ہماری بھی یہی دعا ہے کہ لاہور ہی نہیں بلکہ پاکستان بھر کی پولیس جو ہے وہ ملزمان کے خلاف کارروائیاں کرتی رہے اور عوام کو چین و سکون کی نیند فراہم کرتی رہے تو فی الحال اجازت چاہتا ہوں، دوستوں ملتے ہیں جلد آپ سے بریک کے بعد تو چلتے چلتے اللہ نگہبان۔

پہلا ٹی 20، پاکستان نے مایوس کن کھیل پیش کیا



afzaliftikhar@gmail.com

پاکستان کرکٹ ٹیم کی کارکردگی میں بہتری آنے کے بجائے مزید خرابی آ رہی ہے۔ جس کا واضح ثبوت نیوزی لینڈ سے پانچ میچوں کی ٹی ٹونٹی سیریز کے پہلے میچ میں قومی ٹیم کا ناقص ترین کھیل ہے کیوی سرزمین پر پاکستان ٹیم نے اپنا سب سے کم سکور 92 بنایا جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ٹیم کیسی تیاری کر کے نیوزی لینڈ گئی ہے اس سے قبل چیمپئز ٹرافی میں پاکستان کی ٹیم ابتدا ہی میں ایونٹ سے باہر ہو گئی تھی اس کے باوجود ٹیم کے خلاف کسی قسم کی کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی بس کھلاڑیوں کو ٹی ٹونٹی سے ون ڈے اور ون ڈے سے ٹی ٹونٹی ٹیم میں شامل کر دیا گیا نہ چیمپئز ٹرافی کے لئے میرٹ پر ٹیم کا انتخاب کیا گیا اور نہ ہی اب نیوزی لینڈ سے سیریز کے لئے بہترین ٹیم منتخب کی گئی جس کا نتیجہ شکست کی صورت میں سامنے آ گیا ہے پاکستان کی ٹیم بھرپور محنت کے بعد سیریز کھیلنے کے لئے گئی لیکن افسوس کی بات ہے کہ محنت نظر نہیں آئی کیونکہ ٹیم کھیل کے تینوں شعبوں میں ہی ناکام نظر آئی ٹیم میں شامل بیٹرز ناکام ثابت ہوئے اور کیوی سرزمین پر پریشر میں کھیلتے نظر آئے اسی طرح سے فیلڈنگ اور بالنگ کے شعبے میں بھی ٹیم مکمل ناکام نظر آئی ٹیم کی کارکردگی دیکھ کر کہا جا سکتا ہے کہ ٹیم نیوزی لینڈ سے سیریز کیا ایک بھی میچ جیتتی ہوئی نظر نہیں آتی ٹیم مینجمنٹ کو کارکردگی کا نوٹس لینے کی ضرورت ہے چیئرمین پی سی بی کو بھی ٹیم کی مسلسل ناقص کارکردگی پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا ورنہ ٹیم ایسے ہی ناقص کھیل پیش کرتی رہے گی۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کی کارکردگی میں بہتری آنے کے بجائے مزید خرابی آ رہی ہے۔ جس کا واضح ثبوت نیوزی لینڈ سے پانچ میچوں کی ٹی ٹونٹی سیریز کے پہلے میچ میں قومی ٹیم کا ناقص ترین کھیل ہے کیوی سرزمین پر پاکستان ٹیم نے اپنا سب سے کم سکور 92 بنایا جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ٹیم کیسی تیاری کر کے نیوزی لینڈ گئی ہے اس سے قبل چیمپئز ٹرافی میں پاکستان کی ٹیم ابتدا ہی میں ایونٹ سے باہر ہو گئی تھی اس کے باوجود ٹیم کے خلاف کسی قسم کی کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی بس کھلاڑیوں کو ٹی ٹونٹی سے ون ڈے اور ون ڈے سے ٹی ٹونٹی ٹیم میں شامل کر دیا گیا نہ چیمپئز ٹرافی کے لئے میرٹ پر ٹیم کا انتخاب کیا گیا اور نہ ہی اب نیوزی لینڈ سے سیریز کے لئے بہترین ٹیم منتخب کی گئی جس کا نتیجہ شکست کی صورت میں سامنے آ گیا ہے پاکستان کی ٹیم بھرپور محنت کے بعد سیریز کھیلنے کے لئے گئی لیکن افسوس کی بات ہے کہ محنت نظر نہیں آئی کیونکہ ٹیم کھیل کے تینوں شعبوں میں ہی ناکام نظر آئی ٹیم میں شامل بیٹرز ناکام ثابت ہوئے اور کیوی سرزمین پر پریشر میں کھیلتے نظر آئے اسی طرح سے فیلڈنگ اور بالنگ کے شعبے میں بھی ٹیم مکمل ناکام نظر آئی ٹیم کی کارکردگی دیکھ کر کہا جا سکتا ہے کہ ٹیم نیوزی لینڈ سے سیریز کیا ایک بھی میچ جیتتی ہوئی نظر نہیں آتی ٹیم مینجمنٹ کو کارکردگی کا نوٹس لینے کی ضرورت ہے چیئرمین پی سی بی کو بھی ٹیم کی مسلسل ناقص کارکردگی پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا ورنہ ٹیم ایسے ہی ناقص کھیل پیش کرتی رہے گی۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کی کارکردگی میں بہتری آنے کے بجائے مزید خرابی آ رہی ہے۔ جس کا واضح ثبوت نیوزی لینڈ سے پانچ میچوں کی ٹی ٹونٹی سیریز کے پہلے میچ میں قومی ٹیم کا ناقص ترین کھیل ہے کیوی سرزمین پر پاکستان ٹیم نے اپنا سب سے کم سکور 92 بنایا جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ٹیم کیسی تیاری کر کے نیوزی لینڈ گئی ہے اس سے قبل چیمپئز ٹرافی میں پاکستان کی ٹیم ابتدا ہی میں ایونٹ سے باہر ہو گئی تھی اس کے باوجود ٹیم کے خلاف کسی قسم کی کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی بس کھلاڑیوں کو ٹی ٹونٹی سے ون ڈے اور ون ڈے سے ٹی ٹونٹی ٹیم میں شامل کر دیا گیا نہ چیمپئز ٹرافی کے لئے میرٹ پر ٹیم کا انتخاب کیا گیا اور نہ ہی اب نیوزی لینڈ سے سیریز کے لئے بہترین ٹیم منتخب کی گئی جس کا نتیجہ شکست کی صورت میں سامنے آ گیا ہے پاکستان کی ٹیم بھرپور محنت کے بعد سیریز کھیلنے کے لئے گئی لیکن افسوس کی بات ہے کہ محنت نظر نہیں آئی کیونکہ ٹیم کھیل کے تینوں شعبوں میں ہی ناکام نظر آئی ٹیم میں شامل بیٹرز ناکام ثابت ہوئے اور کیوی سرزمین پر پریشر میں کھیلتے نظر آئے اسی طرح سے فیلڈنگ اور بالنگ کے شعبے میں بھی ٹیم مکمل ناکام نظر آئی ٹیم کی کارکردگی دیکھ کر کہا جا سکتا ہے کہ ٹیم نیوزی لینڈ سے سیریز کیا ایک بھی میچ جیتتی ہوئی نظر نہیں آتی ٹیم مینجمنٹ کو کارکردگی کا نوٹس لینے کی ضرورت ہے چیئرمین پی سی بی کو بھی ٹیم کی مسلسل ناقص کارکردگی پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا ورنہ ٹیم ایسے ہی ناقص کھیل پیش کرتی رہے گی۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کی کارکردگی میں بہتری آنے کے بجائے مزید خرابی آ رہی ہے۔ جس کا واضح ثبوت نیوزی لینڈ سے پانچ میچوں کی ٹی ٹونٹی سیریز کے پہلے میچ میں قومی ٹیم کا ناقص ترین کھیل ہے کیوی سرزمین پر پاکستان ٹیم نے اپنا سب سے کم سکور 92 بنایا جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ٹیم کیسی تیاری کر کے نیوزی لینڈ گئی ہے اس سے قبل چیمپئز ٹرافی میں پاکستان کی ٹیم ابتدا ہی میں ایونٹ سے باہر ہو گئی تھی اس کے باوجود ٹیم کے خلاف کسی قسم کی کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی بس کھلاڑیوں کو ٹی ٹونٹی سے ون ڈے اور ون ڈے سے ٹی ٹونٹی ٹیم میں شامل کر دیا گیا نہ چیمپئز ٹرافی کے لئے میرٹ پر ٹیم کا انتخاب کیا گیا اور نہ ہی اب نیوزی لینڈ سے سیریز کے لئے بہترین ٹیم منتخب کی گئی جس کا نتیجہ شکست کی صورت میں سامنے آ گیا ہے پاکستان کی ٹیم بھرپور محنت کے بعد سیریز کھیلنے کے لئے گئی لیکن افسوس کی بات ہے کہ محنت نظر نہیں آئی کیونکہ ٹیم کھیل کے تینوں شعبوں میں ہی ناکام نظر آئی ٹیم میں شامل بیٹرز ناکام ثابت ہوئے اور کیوی سرزمین پر پریشر میں کھیلتے نظر آئے اسی طرح سے فیلڈنگ اور بالنگ کے شعبے میں بھی ٹیم مکمل ناکام نظر آئی ٹیم کی کارکردگی دیکھ کر کہا جا سکتا ہے کہ ٹیم نیوزی لینڈ سے سیریز کیا ایک بھی میچ جیتتی ہوئی نظر نہیں آتی ٹیم مینجمنٹ کو کارکردگی کا نوٹس لینے کی ضرورت ہے چیئرمین پی سی بی کو بھی ٹیم کی مسلسل ناقص کارکردگی پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا ورنہ ٹیم ایسے ہی ناقص کھیل پیش کرتی رہے گی۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کی کارکردگی میں بہتری آنے کے بجائے مزید خرابی آ رہی ہے۔ جس کا واضح ثبوت نیوزی لینڈ سے پانچ میچوں کی ٹی ٹونٹی سیریز کے پہلے میچ میں قومی ٹیم کا ناقص ترین کھیل ہے کیوی سرزمین پر پاکستان ٹیم نے اپنا سب سے کم سکور 92 بنایا جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ٹیم کیسی تیاری کر کے نیوزی لینڈ گئی ہے اس سے قبل چیمپئز ٹرافی میں پاکستان کی ٹیم ابتدا ہی میں ایونٹ سے باہر ہو گئی تھی اس کے باوجود ٹیم کے خلاف کسی قسم کی کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی بس کھلاڑیوں کو ٹی ٹونٹی سے ون ڈے اور ون ڈے سے ٹی ٹونٹی ٹیم میں شامل کر دیا گیا نہ چیمپئز ٹرافی کے لئے میرٹ پر ٹیم کا انتخاب کیا گیا اور نہ ہی اب نیوزی لینڈ سے سیریز کے لئے بہترین ٹیم منتخب کی گئی۔

بواسیر اور اس کی وجوہات

ہم اپنی غذا میں بھی چٹ پٹی چیزوں کا استعمال زیادہ کررہے ہیں جو ہمارے معدے کے ساتھ ساتھ اور بھی بہت سی بیماریوں کا سبب بنتی ہیں

اپنی خوراک میں زیادہ تر سبزیاں اور پھلوں کا استعمال لازمی بنائیں

ڈاکٹر عظمیٰ عمران

پانی قدرت کی طرف سے ایک انمول تحفہ ہے لیکن آجکل پانی کا استعمال بہت ہی کم ہو گیا ہے کیونکہ ہماری زبان کو ذائقے والی چیزیں اچھی لگتی ہیں اور پانی کے بدلے ہم کولڈ ڈرنک کا استعمال زیادہ کرتے ہیں اور اسی کے ساتھ ہم اپنی غذا میں بھی چٹ پٹی چیزوں کا استعمال زیادہ کررہے ہیں جو ہمارے معدے کے ساتھ ساتھ اور بھی بہت سی بیماریوں کا سبب بنتی ہیں جب ہم زیادہ دیر تک ان غذاؤں کا شکار رہتے ہیں تب ہمارے معدے میں تزابیت کی مقدار زیادہ ہوجاتی ہے جس سے معدے کا السر، قبض اور بہت سی خطرناک بیماریاں جنم لیتی ہیں اگر ہم نے ان بیماریوں سے اپنے آپ کو زیادہ دیر تک محفوظ نہ رکھا تو یہی ابتدائی مسائل سیکنڈری میں یعنی بواسیر میں تبدیل ہوجائیں گے بواسیر ایک ایسی بیماری ہے جو مقعد کے ٹشو میں سوجن پیدا کر دیتی ہے یعنی ٹشو سوج جاتے ہیں مقعد کا مطلب ہے پاخانہ کرنے والی جگہ۔ مقعد کی سوجن دو طرح کی ہوتی ہے ایک اندرونی اور دوسری بیرونی اندرونی سوجن بیرونی سوجن کے مقابلے میں زیادہ خطرناک ہوتی ہے جو مقعد کے اندر دو سے چار سینٹی میٹر تک ہوتی ہے اور بیرونی بواسیر مقعد کے کناروں پر سوجن ہوتی ہے مقعد پر دباؤ سے خون کی نالیاں زخمی ہو جاتی ہیں جس کی وجہ سے مقعد کی نالیاں میں سوجن ہوجاتی ہے جو بواسیر کا سبب بنتی ہے مقعد پر خون کی نالیوں کا دباؤ درج ذیل وجوہات کی وجہ سے ہوتی ہے۔ سیکنڈری درجے کی قبض، سیکنڈری درجے کا ہیضہ، زیادہ وزنی چیزیں اٹھانے والا کام کرنے سے،، زچگی کے دوران، کافین کا زیادہ استعمال، زیادہ دیر تک بیٹھ کر کام کرنے سے۔

اس کے علاوہ نسلی بناء پر بھی اور عمر کے بڑھنے سے بھی یعنی پچاس سال کی عمر کے افراد میں جسمانی کمزوری کی وجہ سے جسم کے مختلف نظام کا درست طریقے سے کام نہ کرنا جس کی وجہ سے معدے میں پرابلم کا ہو جانا جو آہستہ آہستہ بواسیر کا ہو جانا جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ بواسیر دو قسم کی ہوتی ہے بیرونی قسم کی بواسیر میں مقعد کے کناروں پر خون کے لوتھڑے بن جاتے ہیں جس کی وجہ سے مقعد کے کناروں پر سوجن ہوجاتی ہے اس کا فوری علاج کرنا چاہیے اسی طرح اندرونی بواسیر کی چار مختلف حالتیں ہوتی ہیں پہلی حالت میں ہلکی سی سوجن ہوتی ہے جو چند دنوں کے بعد خود بخود ختم ہو جاتی ہے دوسری حالت پہلی حالت سے تھوڑی سی زیادہ ہوتی ہے لیکن یہ بھی مقعد کے اندر ہوتی ہے اور کبھی کبھار پاخانہ سے باہر آجاتی ہے تو خود بخود آسانی سے اور بغیر تکلیف کے اندر بھی چلی جاتی ہے جبکہ تیسری حالت تھوڑی سی خاص ہوتی ہے اس میں نالیوں کا گچھا بن جاتا ہے جو مقعد کے باہر لٹکنے لگتا ہے جیسے عام زبان میں مقعد کا باہر آنا بھی کہتے ہیں لیکن اس کو بھی آسانی کے ساتھ اندر کیا جاسکتا ہے جبکہ بواسیر کی چوتھی حالت بہت خطرناک ہوتی ہے اس میں نالیوں کا گچھا بالکل باہر آجاتا ہے اور یہ سائز میں بھی بہت بڑا ہوتا ہے جس کی وجہ سے اس کو مقعد کے اندر کرنا بہت مشکل ہو جاتا ہے جو بہت زیادہ تکلیف کا باعث بنتا ہے اور اس کا فوری علاج کرنا ضروری ہوتا ہے براسیر کی علامات کئی دفعہ اتنی خاص نہیں ہوتی ہیں جن کی وجہ سے ہمیں محسوس نہیں ہوتی کیونکہ ہمارے کھانے پینے میں تبدیلی کی وجہ سے ہوتی ہے جو وقت کے ساتھ ساتھ ٹھیک ہو جاتی ہے لیکن زیادہ تر افراد میں یہ بہت خاص ہوتی ہیں اس کی علامات درج ذیل ہوتی ہیں۔ مقعد کے اردگرد یعنی بیرونی جانب سختی اور درد کا محسوس کرنا، پاخانہ کرنے کے باوجود بھاری پن، پاخانے کے ساتھ یا بعد میں لال سرخ رنگ کا خون، مقعد کے اردگرد خارش، سرخ رنگت اور جلن، پاخانہ کرتے وقت درد کا احساس۔

یہ بواسیر کی عام علامات ہیں اگر ان کا فوری طور پر علاج نہ کیا گیا تو یہ سیکنڈری حالت اختیار کر جاتی ہے جو مزید بیماریوں کا سبب بنتا ہے جس میں مقعد سے مسلسل خون نکلنا جو بعد میں جسم میں خون کی کمی کا سبب بنتا ہے، مختلف قسم کی جلدی اور اندرونی انفیکشن پیدا ہونے کے امکان زیادہ ہوجاتے ہیں، مقعد کی طرف خون کی ترسیل کا بند ہوجانا کیونکہ خون کے لوتھڑے بن جانا۔ بواسیر کی شناخت کے لئے ہمیں ڈاکٹر سے رجوع کریں جو اوپر دی گئی علامات کو مدنظر رکھتے ہوئے مریض کے لئے بہتر طریقہ علاج تجویز کرے گا لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہمیں اپنی خوراک کا بھی خاص خیال رکھنا چاہیے اور اپنی خوراک میں زیادہ تر سبزیاں اور پھلوں کا استعمال لازمی بنائیں جہاں تک ممکن ہوٹی ٹری آئل کا استعمال بھی بواسیر کے لئے بہت مفید ہے، ایلو ویرا بھی سوجن کو کم کرنے کے لئے بہت اچھی چیز ہے، ایپل سائیڈر وینیگر کا استعمال خارش اور درد سے آرام دیتا ہے اس کے ساتھ ساتھ ہمیں اپنی خوراک میں پانی کا استعمال بھی بہت اہمیت کا حامل ہے اپنی غذا کو متوازن رکھنا چاہیے اور روزانہ ورزش کو اپنا معمول بنائیں ہومیوپیتھک ادویات ایک خاص طریقے سے تیار کی جاتی ہیں اور یہ علاج بالمثل ہے اس میں مریض کی مجموعہ علامات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کے لئے دواء یا المثل کا انتخاب کرتا ہے ہامیلس، ریٹینیا، گریفائیٹس اور نکس اومیکا ہومیو ادویہ ہیں۔



منشیات فری پاکستان

ڈاکٹرز منشیات کے استعمال کی تین بنیادی وجوہات بیان کرتے ہیں ذہنی دباؤ، غیر متوازن شخصیت اور دوستوں کا دباؤ

راجہ طاہر محمود

دنیا بھر میں 26 جون کو منشیات کے خاتمے کا عالمی دن منایا جاتا ہے اس دن سیمینار منعقد کیے جاتے ہیں اور لوگوں کو اگاہی فراہم کرنے کے لئے منشیات کے مضر اثرات کے بارے میں بتایا جاتا ہے اس دن کی مناسبت سے پاکستان بھر میں پکڑی جانے والی منشیات کو نظر آتش کیا جاتا ہے۔ بدقسمتی سے پاکستان دنیا کے ان ممالک میں شامل ہے جہاں پر نوجوان نسل بڑی تیزی کے ساتھ منشیات کی عادی ہورہی ہے اور ایسے نوجوانوں میں ان لوگوں کی تعداد بہت زیادہ ہے جو پڑھے لکھے ہیں پاکستان کے کسی بھی شہر کے کسی بھی بڑی یونیورسٹی یا کالج میں اگر دیکھا جائے تو نوجوان بڑی تیزی کے ساتھ اس لت میں مبتلا ہورہے ہیں اس کی آسانی سے دستیابی اور آسان ذریعے سے اس تک رسائی اس کی بڑی وجہ ہے۔ حالیہ سالوں میں اس میں بہت خطرناک حد تک اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے اگر ایسی صورت حال پر کنٹرول کرنے کے لیے کوئی منصوبہ بندی نہ کی گئی تو حالات بہت مہلک ہو سکتے ہیں پاکستان میں منشیات کو کنٹرول کرنے کے لئے ANF کا محکمہ موجود ہے جو اس کے سدباب کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہا ہے لیکن انتہائی کم وسائل کے باوجود اس کی کارکردگی مثالی ہے دوسری طرف نچلی سطح پر منشیات کو کنٹرول کرنے کی ذمہ داری پولیس کی ہے مگر افسوس کے ساتھ کے پولیس کی کارکردگی کبھی بھی اچھی نہیں رہی بلکہ اکثر دیکھنے میں آتا ہے کہ مختلف علاقوں میں منشیات کے اڈے پولیس کی نگرانی میں چلائے جاتے ہیں جہاں سے مقامی پولیس کو ایک بھاری بھر کم نظرانہ بطور رشوت بھی دی جاتی ہے جس کے بعد ایسے لوگوں کو کھلی چھٹی ہوتی ہے کہ وہ اپنے علاقے میں جس قدر چاہیں موت بانٹیں۔ بڑے شہروں میں صورت حال اور بھی ابتر ہوجاتی ہے جہاں منشیات کے عادی افراد کی بڑی تعداد لاوارث پڑی ہوتی ہے شہر کے اکثر فلائی اوورز کے نیچے، گندے نالوں کے کناروں پر اور بعض علاقوں کے میدانوں میں لوگ سر پر چادر اوڑھے دھواں پھونکتے ہوئے نظر آتے ہیں ان کے کپڑے میلے کچیلے اور بال مٹی اور دھول سے اٹے ہوتے ہیں منشیات کے عادی ان افراد کے حلیے اور ٹھکانوں سے تو اکثر لوگ باخبر اور واقف ہیں لیکن شہر کے پوش علاقوں میں اعلیٰ درس گاہوں کے نوجوان بھی منشیات میں مبتلا ہو رہے ہیں، جس سے والدین اور متعلقہ محکمہ جات لاعلم رہتے ہیں۔ کوکین، شیشہ، چرس، ہیروین، آئس، کرسٹل اور دیگر کئی مہنگے اور مہلک نشے اب پوش علاقوں میں بڑی آسانی کے ساتھ آن لائن دستیاب ہیں جن پر قابو پانا مقامی پولیس کی ذمہ داری ہوتی ہے مگر افسوس کے ساتھ کے مقامی پولیس کا حال کسی بھی طور پر اچھا نہیں کہا جا سکتا۔ شہر میں منشیات کے عادی افراد کی بحالی کے مراکز میں ان دنوں ایک نئے نشے کے عادی نوجوانوں کو لایا جا رہا ہے، جسے کرسٹل میتھ کہا جاتا ہے اس کا شکار عموماً نجی تعلیمی اداروں اور امیر گھرانوں کے نوجوان بن رہے ہیں اس نشے میں مبتلا نوجوانوں کا کہنا ہے کرسٹل کے استعمال سے ہمیں راحت ملتی ہے۔ ڈاکٹرز منشیات کے استعمال کی تین بنیادی وجوہات بیان کرتے ہیں ذہنی دباؤ، غیر متوازن شخصیت اور دوستوں کا دباؤ، جن میں ذہنی دباؤ سرفہرست ہے انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ میٹرکس اینڈ ایویلیشن کی ایک حالیہ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں منشیات کے استعمال کے نتیجے میں معذوری کا شکار ہونے والے افراد میں 98 فیصد اضافہ ہوا ہے اور منشیات کے عادی نوجوانوں میں ذہنی معذوری تیزی سے بڑھ رہی ہے چونکہ منشیات دماغ کے خلیوں میں عدم توازن پیدا کر دیتی ہے جس کے نتیجے میں دماغ اس طرح سے کام نہیں کرتا جس طرح سے عام لوگوں کا کرتا ہے اور نتیجتاً انسان ذہنی، جسمانی اور سماجی طور پر معذور ہوجاتا ہے۔ دنیا اب گلوبل ویلج بن چکی ہے ایسے میں منشیات کے سمگلر اب جدید ترین طریقے استعمال کرتے ہوئے منشیات فروشی واٹس ایپ، فیس بک یا سوشل میڈیا کی اس طرح کی جو دیگر ایپس ہیں انھیں استعمال کر رہے ہیں یہ لوگ واٹس ایپ پر ایک میسج کر دیتے ہیں اگر یہ پیغام سو لوگوں تک بھی گیا ہے تو ان میں دس سے پندرہ ایسے نوجوان مل جائیں گے جو ان کے شکنجے میں پھنس جاتے ہیں ن کا کہنا تھا کہ منشیات کا عادی بنانے کے لیے یہ گاہکوں کو ان کے گھر تک پہنچائی جا رہی ہیں اور اب ایک بڑے اور منافع بخش کاروبار کی شکل اختیار کر چکا ہے جس پر قابو پانا وقت کی ضرورت ہے منشیات آتی کہاں سے ہے؟ اس سوال کا جواب آسان سا ہے کہ پاکستان بھر میں سب سے زیادہ منشیات افغانستان کے راستے سے سمگل ہو کر آتی ہے مگر اب بارڈر پر لگائی جانے والی باڑ سے شاید اس کا راستہ روکا جاسکے۔

چونکہ پاکستان کی جغرافیائی حیثیت ایسی ہے کہ پاکستان منشیات کی ایک عالمی گزرگاہ پر واقع ہے، اس لیے یہاں انھیں فروخت کرنے والی مافیا اور استعمال کرنے والے بھی موجود ہیں اس لئے ایسے میں ANF کی بروقت کاروائیاں اس کی روک تھام کا بڑا ذریعہ ہیں۔ جدید منشیات فروشوں تک رسائی ایک چیلنج ہوتی ہے علاقے میں کہاں کہاں منشیات فروخت ہورہی ہے، علاقہ پولیس اور دیگر ادارے اس سے باخبر ہوتے تھے، لیکن اب جدید منشیات فروشوں تک رسائی پولیس کے لیے ایک چیلنج ہے۔ لیکن اگر اداروں کے درمیان تعاون کی رفتار تیز اور آسان کی جائے انٹرنیٹ، اور سوشل میڈیا پر کڑی نگاہ رکھی جائے تو اس کاروبار کا سدباب کو ممکن بنایا جا سکتا ہے اس کے لئے ANF محکمہ پولیس اور دیگر اداروں کے ساتھ ساتھ عوام کا تعاون اشد ضروری ہے اسی طرح منشیات کے خلاف اگاہی اور تعاون سے ہم اپنے ملک کو اس لعنت سے محفوظ بنا سکتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ یہ 26 جون اس عزم کے ساتھ منائیں کہ آنے والی نسلیں منشیات سے پاک پاکستان دیکھ سکیں اس کے لئے ہمیں اپنے اداروں کو مکمل سپورٹ کرنا ہو گا اور اپنے اردگرد ہر سماج دشمن پر نظر رکھنی ہوگی تا کہ ہمارا پاکستان بھی منشیات فری پاکستان بن سکے

گرمیوں میں انڈے کھائیں یا نہیں

انڈے ناشتے میں اکثر افراد کی پسند ہوتے ہیں اور یہ صحت کے لیے بہت زیادہ فائدہ مند غذا بھی ہے۔ درحقیقت اسے تو انسانی صحت کے لیے سپر فوڈ کا درجہ دیا گیا ہے اور صرف ایک انڈہ کھانا بھی فائدہ پہنچانے کے لیے کافی ہے۔ مگر ایک سوال ہے کہ کیا گرم موسم میں انڈے کھانا نقصان تو نہیں پہنچاتا؟ یا آسان الفاظ میں کیا گرمیوں میں انڈوں کو کھانا چاہئے یا نہیں؟ ویسے یہ تصور پاکستان میں کافی عام ہے کہ انڈے گرم موسم میں نہیں کھانے چاہئے کیونکہ اس سے نقصان ہوسکتا ہے۔ تاہم طبی ماہرین کا اس بارے میں کہنا ہے کہ یہ خیال غلط ہے اور انڈے کسی بھی موسم میں نقصان دہ نہیں ہوتے، بس اعتدال میں رہ کر استعمال ضروری ہوتا ہے۔ یہ غذا جسم کو اہم اور مختلف وٹامنز اور دیگر اجزاء فراہم کرتی ہے جبکہ جسمانی توانائی دیر تک برقرار رکھنے میں بھی مددگار ہے۔ تاہم زیادہ مقدار میں انڈے کھانا جسمانی درجہ حرارت بڑھانے اور بدہضمی کا باعث بن سکتا ہے۔ ماہرین کے مطابق دن بھر میں 2 انڈے صحت کے لیے فائدے مند ہیں، خصوصاً گرم موسم میں 2 سے زیادہ انڈے روزانہ کھانا جسمانی درجہ حرارت بڑھا کر آنتوں کے مسائل کا باعث بن سکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انڈے وٹامن اے اور ڈی سے بھرپور ہوتے ہیں جو کہ ہڈیوں کی مضبوطی کے لیے ضروری ہیں، اسی طرح دیگر اجزا جیسے کیلشیئم، فاسفورس، زنک، آئیوڈین، فیٹی ایسڈز اور آئرن بھی جسم کو ملتے ہیں، جو کہ خون کے سرخ خلیات کی مقدار بڑھانے کے لیے ضروری عنصر ہے۔ اسی طرح یہ بے وقت بھوک کی خواہش پر قابو پانے میں مدد دینے، تھکاوٹ سے بچانے، کمزوری دور کرنے اور جسمانی دفاعی نظام مضبوط کرنے میں بھی مدد دیتا ہے۔

بہت سے لوگوں کو ناشتے میں انڈے کھانا پسند ہوتا ہے، جو صحت کے لیے اہم غذا یعنی پروٹین، آئرن، امائنو ایسڈز اور اینٹی آکسائیڈنٹس سے بھرپور ہوتے ہیں۔ لیکن کیا آپ کو معلوم ہے کہ اگر روزانہ دو انڈے کھائے جائیں تو جسم پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟ روزانہ دو انڈے کھانے سے جسم کو 12 گرام پروٹین حاصل ہوتا ہے جبکہ وٹامن اے، ڈی، بی، آئیوڈین اور دیگر اجزا بھی ملتے ہیں۔ تاہم اس کے دیگر فوائد آپ کو حیران کر دیں گے۔

دماغ کو تحفظ

کولین پر مبنی فاسفولپڈز نامی جز دماغی خلیات کے درمیان معمول کی کمیونیکشن میں مدد دیتا ہے۔ ایک طبی تحقیق کے مطابق کولین کا حصول دماغی صحت کے لیے بہت ضروری ہوتا ہے، اگر روزانہ دو انڈے کھائے جائیں تو جسم کو یہ جز مناسب مقدار میں ملتا ہے۔ اس کے برعکس کولین کی کمی یادداشت میں مسائل کا باعث بنتی ہے۔

بینائی کو تحفظ

ایک تحقیق کے مطابق انڈے لیوٹین نامی جز سے بھرپور ہوتے ہیں، یہ جز بینائی کو درست رکھنے کا ذمہ دار ہوتا ہے، جبکہ اس کی کمی آنکھوں کے ٹشوز میں تباہ کن تبدیلیاں لاتی ہے اور بینائی کو ناقابل نقصان پہنچ سکتا ہے۔

کیلشیئم جذب کرنے میں مددگار

انڈے وٹامن ڈی سے بھی بھرپور ہوتے ہیں جو کہ کیلشیئم کو جسم میں بہتر طریقے سے جذب کرنے کے ساتھ ساتھ ہڈیوں اور دانتوں کی مضبوطی بھی بڑھاتا ہے۔

جلد، بالوں اور جگر کے لیے بہترین

انڈوں میں موجود بائیوٹن، وٹامن بی 12 اور دیگر پروٹینز بالوں اور جلد کی مضبوطی اور لچک میں کردار ادا کرتے ہیں، اسی طرح انڈے کھانے کی عادت جگر سے زہریلے مواد کے اخراج کے عمل کو بہتر کرتی ہے۔

امراض قلب کا خطرہ کم

ایک تحقیق کے مطابق انڈوں میں موجود کولیسٹرول صحت کے لیے نقصان دہ نہیں جبکہ اس میں موجود اومیگا تھری فیٹی ایسڈز ٹرائی گلائیسرائیڈز کی سطح میں کمی لاتا ہے جس سے خون کی شریانوں سے جڑے مسائل جیسے امراض قلب وغیرہ کا خطرہ کم ہوتا ہے۔

جسمانی وزن میں کمی

ایک امریکی تحقیق کے مطابق انڈوں کے ساتھ ناشتے میں کم کیلوری والی غذا جسمانی وزن میں دوگنا تیزی سے کمی لانے میں مدد دیتی ہے۔

کینسر کا خطرہ کم کرے

دماغ کے لیے ضروری جز کولین کینسر کا خطرہ بھی کم کرتا ہے، ایک تحقیق کے مطابق جو خواتین لڑکپن سے انڈوں کا روزانہ استعمال عادت بناتی ہیں، ان میں بریسٹ کینسر کا خطرہ 18 فیصد تک کم ہوجاتا ہے۔

بانجھ پن سے بچائے

وٹامنز بی ایسے ہارمونز کو تشکیل دیتا ہے جو بانجھ پن سے بچا؟ کے لیے ضروری ہے، وٹامن بی نائن یا فولک ایسڈ خون کے سرخ خلیات کو بہتر بناتا ہے جبکہ دوران حمل بچوں کی دماغی نشوونما میں رکاوٹ کے خطرے کو کم کرتا ہے۔

بڑھاپے کی جانب سفر سست کرے

ایک ڈچ تحقیق کے مطابق روزانہ دو انڈوں کا استعمال 35 سے 40 سال کی عمر کی خواتین میں ایج اسپاٹس (بڑھاپے کے نشانات) کو غائب جبکہ جلد کو ہموار و ٹائٹ کرتا ہے، اسی طرح مردوں میں آنکھوں کے گرد جھریاں نمایاں حد تک کم ہوجاتی ہیں۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ



جامع مسجد صابری خالد روڈ میں اعتکاف کرنیوالے نوجوانوں کے اعزاز میں تقریب منعقد ہوئی

مسجد کے خطیب امام ڈاکٹر پروفیسر قاری محمد آصف اشرف جلالی، حافظ مزمل حسین نے معتکفین کو پھولوں کے ہار پہنائے اور مٹھائی تقسیم کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) جامع مسجد صابری خالد روڈ میں اعتکاف کرنے والے نوجوانوں کے اعزاز میں تقریب منعقد ہوئی جس میں مسجد کے خطیب امام ڈاکٹر پروفیسر قاری محمد آصف اشرف جلالی، حافظ مزمل حسین نے اعتکاف کرنے والے قاری عبدالصبور، قاری احمد شیخ ساجد، علی احمد، میاں طلحہ، حافظ بلال، حافظ حسن و دیگر معتکفین کو پھولوں کے ہار پہنائے اور مٹھائی تقسیم کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے قاری آصف اشرف جلالی نے کہا کہ ہم خوش نصیب ہیں کہ ہمیں اللہ تعالی نے رمضان المبارک کی مقدس ساعتوں میں عبادات کا موقع فراہم کیا ہمیں عہد کرنا چاہیے کہ ان شاء اللہ رمضان المبارک کے بعد بھی اللہ تعالی کے احکامات و نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا رہیں گے، رسول کریم ﷺ نے قرآن کی دعوت کو لیکر مکمل نظام قائم کیا سیرت نبی ﷺ سے انحراف خود قرآن سے دور لے جانے والا عمل ہے جس سے مسلمانوں کو ہر صورت بچنا چاہیے مخیر حضرات اپنے اہل عیال کی ضروریات زندگی پورا کرنے کے ساتھ ساتھ مستحقین کو بھی ضرور یاد رکھا کریں ہمارا دین اسلام ہمیں ایثار و قربانی کا درس دیتا ہے اس وقت ہر دوسرا پاکستانی مہنگائی کے ہاتھوں پریشان ہے اور ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کا فرمان بھی یہی ہے کہ مخیر حضرات اپنے مفلس مسلمان بہن بھائیوں کی امداد اس طرح کریں جس میں بناوٹ و دکھاوا نہ ہو اور یہی اللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول اعمال میں سے ایک ہے۔

رئیل اسٹیٹ بارے حکومتی پالیسیوں پر عملدرآمد کے منتظر ہیں: چوہدری امتیاز علی وریاہ

رائل بلاک کے دونوں پلان کامیابی سے ہمکنار ہوئے۔ چوہدری بلال احمد باجوہ

Royal Block
3 YEAR PAYMENT PL

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) رئیل اسٹیٹ بزنس کیلئے حکومتی پالیسیوں پر عمل درآمد کے شدت سے منتظر ہیں ہمیشہ عملی کاوشیں کی اور عمل ہی پر یقین رکھتا ہوں ان باتوں کا اظہار معروف رئیل اسٹیٹ بزنس ٹائیکون چوہدری امتیاز علی وریاہ سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے میڈیا ٹاک میں کیا۔ اس موقع پر سابقہ سیکرٹری جنرل سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری بلال احمد باجوہ کا کہنا تھا کہ رائل بلاک کے تین سالہ و چھ سالہ دونوں پلان الحمدللہ تاریخی کامیابی سے ہمکنار ہوئے اور انشاء اللہ اپنے نئے پراجیکٹس پر بھی ہم چوہدری برادران اپنے کرم فرماؤں کے معیار پر پورا اترنے کی کوشش کرینگے۔

سول ڈیفنس نے رمضان المبارک ٹریفک ڈیوٹی بہتر انداز میں کی: سید شفقت رسول

عید پر بھی لاء بریکرز کیخلاف کریک ڈاؤن جاری رہا۔ انسپکٹر خرم شہزاد ملک

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) یوم علی و رمضان المبارک ٹریفک ڈیوٹی میں سیالکوٹ ٹریفک پولیس کے ہمراہ سول ڈیفنس سیالکوٹ کے باوردی ٹریفک وارڈنز نے جس بہترین انداز میں ٹریفک ڈیوٹی سرانجام دی وہ قابل تحسین ہے اور اس پر حکام بالا کیجانب سے بھی خراج تحسین پیش کیا گیا۔ ان باتوں کا اظہار انچارج ٹریفک ایجوکیشن ونگ سیالکوٹ سید شفقت رسول نے ٹریفک پولیس کیجانب سے جاری میڈیا بیان میں کیا۔ دوسری جانب ٹریفک پولیس کے قابل انسپکٹر و ہیومن ریسورس پرسن خرم شہزاد ملک کا کہنا ہے کہ رمضان المبارک اور عید کے دوران ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ و ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کی ہدایات پر ون ویلرز کیخلاف بھرپور کاروائیاں کی گئیں جس سے حادثات میں واضح کمی دیکھنے میں آئی۔ ٹریفک قوانین کی پاسداری مہذب قوم کا شعار ہوتی ہے۔ بائیک چلاتے وقت ہیلمٹ کا استعمال کریں اور کسی بھی صورت تیز رفتاری یا غلط اوورٹیکنگ نہ کریں کیونکہ یہ کسی بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہے۔ ون ویلنگ ایک جان لیوا کھیل ہے جس کا انجام موت یا عمر بھر کی معذوری ہے۔ آپ کی محفوظ ڈرائیونگ سے حادثات میں کمی ممکن ہے۔

پاکستان آئے سکھ یاتری دھرمندر سنگھ نے فیملی کے ہمراہ ہرن مینار کا دورہ کیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سکھوں کے مذہبی مقامات پر حاضری کیلئے پاکستان آئے سکھ یاتری دھرمندر سنگھ نے فیملی کے ہمراہ ہرن مینار کا دورہ کیا اور بارہ دری سمیت ہرن مینار کے مختلف حصوں کی سیر کی اور ہرن مینار کے انتظامی امور کو سراہا، اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے دھرمندر سنگھ نے کہا کہ پاکستان ہمارے لئے مقدس دھرتی ہے کیونکہ یہاں بابا گرونانک کے جنم استھان سمیت قدیمی گردوارے موجود ہیں جو ہماری مذہبی عقیدت کا مرکز ہیں پاکستان آکر دلی خوشی ہوئی پاکستانیوں کی ملنساری ہمیشہ یاد رہے گی ہمیں جس یہاں ملنے والی عزت ناقابل فراموش ہے جبکہ سکیورٹی سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی بھی اپنی مثال آپ ہے، انہوں نے پاکستانی حکومت سے اپیل کی کہ وہ ویزہ پالیسی کو مزید آسان بنائے اور زیادہ سے زیادہ سکھ یاتریوں کو پاکستان آمد کی اجازت دے کیونکہ بھارت میں بسنے والا ہر سکھوں پاکستان آنا چاہتا ہے۔

سندر کے علاقہ موہلنوال عزیز کالونی میں فائرنگ سے لڑکی قتل کردی گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) سندر کے علاقہ موہلنوال عزیز کالونی میں فائرنگ سے لڑکی قتل کردی گئی۔ پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کیلئے بھجوا کر تفتیش شروع کر دی۔ پولیس کے مطابق نامعلوم افراد نے 23 سالہ لڑکی کو سر میں گولی مار کر قتل کر دیا مقتولہ کی شناخت 23 سالہ عائشہ دختر حبیب کے نام سے ہوئی 23 سالہ عائشہ کی آج شادی طے تھی بارات کا دن تھا پولیس اور فرانزک ٹیم نے شواہد اکٹھے کر کے مختلف پہلوؤں پر تحقیقات کا آغاز کر دیا۔

لوہاری گیٹ کے علاقہ میں بیٹے نے معمولی تلخ کلامی پر باپ کو قتل کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) لوہاری گیٹ کے علاقہ میں بیٹے نے معمولی تلخ کلامی پر باپ کو قتل کر دیا، پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو پوسٹمارٹم کیلئے بھجوا دیا۔ لوہاری گیٹ کے علاقہ سوتر منڈی کے رہائشی حارث علی نے اپنے باپ کو معمولی تلخ کلامی پر جھگڑے کے دوران دھکا دیا زمین پر گرنے سے چوٹ آنے پر زخمی ہوا، طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ دم توڑ گیا مقتول شہزاد عرف چھاڈے کی لاش مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا گیا لوہاری گیٹ پولیس نے ملزم حارث کو گرفتار کر کے حوالات بند کر دیا۔

پولیس کی ماہ مارچ 2025 کی ماہانہ کارکردگی

ڈسٹرکٹ اوکاڑہ کے 70 مقدمات سمیت انسداد منشیات ناجائز اسلحہ، لاکھوں روپے مالیتی مال مسروقہ کی برآمدگی

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ) ڈسٹرکٹ آفیسر پیٹرولنگ پولیس سجاد محمد خاں ٹکا نے ضلعی ہیڈ کوارٹر دفتر میں صحافیوں سے گفتگو کے دوران پیٹرولنگ پولیس کی ماہ مارچ 2025 کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ بارے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ ریجنل آفیسر پیٹرولنگ پولیس ایس۔ پی۔ فتح احمد کاہلوں کی زیر کمانڈ پیٹرولنگ پولیس کیجانب سے گزشتہ ماہ دوران موثر گشت و سویپ آپریشنز ضلع اوکاڑہ سمیت ریجن بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف ڈسٹرکٹ اوکاڑہ کے 70 مقدمات سمیت انسداد منشیات ناجائز اسلحہ لاکھوں روپے مالیتی مال مسروقہ کی برآمدگی تیز رفتاری، رش ڈرائیونگ، پبلک ٹرانسپورٹ میں غیر قانونی آتش گیر گیس سلنڈرز کے استعمال اور مال بردار گاڑیوں پر اوورلوڈنگ کرنے والے ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے پیٹرولنگ پولیس کی مدعیت میں ٹوٹل 252 مقدمات درج کروائے گئے۔ متعدد کاروائیوں کے دوران بھاری مقدار میں شراب، چرس، ہیروئن، ناجائز اسلحہ اور لاکھوں روپے مالیت کی سرقہ شدہ 04 کاریں 27 موٹر سائیکلیں و 06 لوڈر رکشہ جات کی برآمدگی عمل میں لا کر متعدد ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ دوران آپریشن ”اپنوں سے ملاپ“ 06 گمشدہ بچوں کو تلاش کرکے والدین کے سپرد کیا گیا۔ دوران سنیپ چیکنگ مختلف نوعیت کے سنگین مقدمات میں مطلوب ٹوٹل 331 عدالتی مفروران و اشتہاری ملزمان کو پابند سلاسل کیا گیا جبکہ دوران سفر 794 سفری مشکلات میں پھنسے مسافروں کو ایمرجنسی ہیلپ لائنز 15 / 1124 کالز پر فوری مدد فراہم کی گئی۔ دوران ڈرائیونگ ٹریفک قوانین کی سنگین خلاف ورزیوں اور روڈ حادثات کے مرتکب ڈرائیورز کیخلاف ای چالاننگ کی مد میں تقریباً 2 کروڑ 25 لاکھ روپے کی ریونیو کی مد میں خطیر رقم قومی خزانے میں جمع کروائی گئی۔

صدر گوگیرہ عید ملن پارٹی میاں بلال اکرم جوپو، ڈاکٹر وقاص احمد جوپو، صدی احمد، عامر مجبوب دیگر کی شرکت

اوکاڑہ (زاہد عمران خاں جنجوعہ) اوکاڑہ صدر گوگیرہ عید ملن پارٹی چوہدری شان علی ہوچہ، میاں بلال اکرم جوپو ڈاکٹر وقاص احمد جوپو، صدی احمد کھوکھر محمد کاشف، مزمل بھٹی، بابر لونا، ارسلان صدیق، عامر پرویز، عبداللہ ڈوگر مختیار بھٹی ضمیر حیدر جوپو دیگر نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق ڈیرہ رضوی پر عید ملن پارٹی کا اہتمام کیا گیا جس میں سیاسی سماجی شخصیات کی شرکت۔ عید کی خوشیاں مل جل کے منانے سے مزید بہتر ہوتی ہیں میرے لیے بہت اعزاز کی بات ہے کہ مسلم امہ کو خوش رکھنا چوہدری شان علی ہوچہ نے گفتگو کرتے ہوئے مزید کہا اللہ بارک تعالی ہم میں اتفاق پیدا فرمائے اور ہمیں اسی طرح متحد کرے آخر میں ملکی سلامتی امت مسلمہ کے لیے دعائیں مانگی

مضر صحت گوشت فروخت کرنے والے مافیا کے خلاف بلاتفریق کاروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا

عارفوالا (نامہ نگار) بیمار مضر صحت لاغر جانوروں کا گوشت فروخت کرنے والے مافیا کے خلاف بلاتفریق کاروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا مادہ جانور اور مضر صحت جانوروں کا گوشت فروخت کرنے والے قصاب کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ان سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا ان خیالات کا اظہار ویٹرنری آفیسر ڈاکٹر سید علی عمار شاہ نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ محکمہ لائیوسٹاک عارف والا کی طرف سے مادہ جانور اور مضر صحت گوشت کرنے والوں کے خلاف 2 ایف آئی آر درج تفصیلات کے مطابق محکمہ لائیوسٹاک عارفوالا کے ڈاکٹر سید علی عمار کی زیر نگرانی عارف والہ شہر اور گردونواح میں سلاٹر کنٹرول ایکٹ عملدرآمد اور مادہ جانور کی سلاٹرنگ کی روک تھام کے سلسلہ گوشت کی دوکانوں پر چھاپے مارے گئے۔ چھاپوں کے دوران گوشت کی کوالٹی کو بھی چیک کیا گیا اس دوران 2 مختلف دوکانوں سے مادہ جانوروں کا 1 من سے زیادہ مضر صحت گوشت برامد کر کے تھانہ سٹی عارف والہ میں سلاٹر کنٹرول ایکٹ کے تحت 2 قصابوں سلمان ولد سلیم بھٹی اور یارین ولد جمیل چوہان کے خلاف الگ الگ مقدمہ درج کر کے کے کاروائی شروع کر دی۔

ڈپٹی کمشنر کا ڈسٹرکٹ اور تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا دورہ

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو، اسسٹنٹ کمشنرز و دیگر ضلعی افسران عید کے تینوں روز عوام الناس کو ریلیف کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے فیلڈ میں متحرک رہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال اور تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال شاہکوٹ کا اچانک دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈاکٹرز و عملے کی حاضری، ادویات کے اسٹاک، انتظامی امور، صفائی ستھرائی سمیت طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتالوں کے ایمرجنسی وارڈز میں مریضوں کی خیریت دریافت کی اور علاج معالجے کی سہولیات بارے بھی دریافت کیا۔ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کے وزٹ کے دوران ایک ڈاکٹر ایمرجنسی وارڈ میں سے غیر حاضر پایا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈیوٹی سے غیر حاضر ڈاکٹر کو معطل کرنے کے احکامات جاری کرتے ہوئے سی او ہیلتھ کو ہدایت کی کہ وہ غیر حاضر طبی عملے کے خلاف موثر کارروائی عمل لائیں۔ ڈی سی محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں سے غیر حاضر طبی عملہ کسی رعایت کا مستحق نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام الناس کو طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، طبی عملے کی حاضری اور ادویات کو یقینی بنانا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کی انتظامیہ کو علاج معالجے کی فراہمی میں مزید بہتری لانے کے احکامات بھی جاری کیے۔ ڈی سی ننکانہ نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق عوام الناس کو طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لا رہے ہیں۔

ڈکیتی، چوری و راہزنی شہری لاکھوں سے محروم

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈیفنس میں آصف سے 1 لاکھ 20 ہزار روپے اور موبائل فون × ٹاؤن شپ میں غلام عباس سے 1 لاکھ 15 ہزار روپے اور موبائل فون، لوئر مال میں رفاقت سے 1 لاکھ 10 ہزار روپے اور موبائل فون × فیصل ٹاؤن میں غفور سے 1 لاکھ روپے اور موبائل فون × نولکھا میں ساجد سے 65 ہزار روپے موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔

گوجرانوالہ: پسرور روڈ پر منشیات فروشوں کی اندھا دھند فائرنگ، تین افراد زخمی، علاقہ خوف وہراس کا

محلہ فرید ٹاؤن پھچھر والی میں بدنام زمانہ منشیات فروشوں نے کھلے عام اندھا دھند فائرنگ کر کے شریف شہریوں کو شدید زخمی کر

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) گوجرانوالہ کے علاقے پسرور روڈ محلہ فرید ٹاؤن پھچھر والی میں بدنام زمانہ منشیات فروشوں نے کھلے عام اندھا دھند فائرنگ کر کے شریف شہریوں کو شدید زخمی کر دیا۔ واقعہ اس وقت پیش آیا جب محلے داروں نے علاقے میں منشیات فروشی پر احتجاج کیا، جس پر منشیات فروش رانا افضال، رانا عرفان رانا عمران نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے دو افراد کو شدید زخمی کر دیا۔ منشیات فروشوں کی وحشیانہ فائرنگ سے ایک راہگیر بھی گولیوں کا نشانہ بن گیا، جسے فوری طور پر دیگر زخمیوں کے ساتھ ریسکیو 1122 کی مدد سے DHQ اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ڈاکٹروں کے مطابق زخمیوں میں سے دو کی حالت نازک بتائی جا رہی ہے۔ علاقے میں خوف و ہراس، شہری عدم تحفظ کا شکار اس واقعے کے بعد علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا ہے، جبکہ شہری خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ منشیات فروش کئی عرصے سے غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہیں، لیکن پولیس کی نااہلی کے باعث اب وہ کھلے عام اسلحہ استعمال کر رہے ہیں واقعے کے بعد تاحال کسی بھی ملزم کی گرفتاری عمل میں نہیں لائی جاسکی، جس پر اہل علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے اور ملزمان کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر پولیس نے فوری کارروائی نہ کی تو علاقے میں جرائم مزید بڑھ سکتے ہیں، اور یہ منشیات فروش کسی بھی وقت دوبارہ خطرناک کارروائی کر سکتے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کا ڈسٹرکٹ جیل کا دورہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ نے عید الفطر کے پر مسرت موقع پر عوامی خدمت کے جذبے کے تحت ڈسٹرکٹ جیل اور دیگر مختلف سرکاری اداروں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے اسیران، بے سہارا بچوں اور خواتین اور مریضوں میں مٹھائی تقسیم کی۔ ڈپٹی کمشنر نے سب سے پہلے ڈسٹرکٹ جیل کا دورہ کیا، جہاں قیدیوں میں مٹھائی تقسیم کی گئی، تاکہ وہ بھی عید کی خوشیوں میں شریک ہو سکیں۔ اس کے بعد انہوں نے چائلڈ پروٹیکشن بیورو میں مقیم بے سہارا بچوں کے ساتھ وقت گزارا اور ان

میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ دارالامان (سوشل ویلفیئر کمپلیکس) میں مقیم خواتین کو بھی عید کی خوشیوں میں شامل کرنے کے لیے مٹھائی پیش کی گئی۔ اسی طرح علامہ اقبال میموریل ہسپتال میں زیر علاج مریضوں کو مٹھائی دی گئی تاکہ وہ بھی عید کی مسرتیں محسوس کر سکیں۔ انہوں نے علامہ اقبال میموریل ہسپتال میں عید کے موقع پر ڈیوٹی پر مامور ڈاکٹروں اور دیگر عملے کی حاضری بھی چیک کی۔

مسائل کا حل سیرتِ مصطفی ﷺ پر عمل پیرا ہونے میں پنہاں ہے

اسلام کی سربلندی کے لیے فرزندان اسلام کو اپنا عملی کردار ادا کرنا چاہیے: صاحبزادہ پیر محمد ضیاء اللہ قادری رضوی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کو درپیش مسائل کا واحد حل سیرتِ مصطفی ﷺ پر عمل پیرا ہونے میں پنہاں ہے۔ اسلام کی سربلندی کے لیے فرزندان اسلام کو اپنا عملی کردار ادا کرنا چاہیے۔ پاکستان اسلام کا ایک مضبوط قلعہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار صاحبزادہ پیر محمد ضیاء اللہ قادری رضوی، صاحبزادہ پیر محمد ذکاء اللہ رضوی نے مولانا پیر حکیم محمد شفیع ؒ اور مولانا قاری عبدالخالق ؒ کے 24 ویں عرس مبارک کی منعقدہ تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا مولانا پیر محمد ضیاء اللہ قادری کی زیر صدارت منعقدہ تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے شیخ الحدیث سید فحل الحسنی آف کراچی، صاحبزادہ عطاءاللہ رضوی، محمد زاہد حبیب قادری، قاری محمد سلیم زاہد، عمر سیم گجر، قاری محمد علی نقشبندی، مولانا سیف اللہ رضوی، انجمن اساتذہ پاکستان کے مرکزی صدر اشتیاق احمد چیمہ انجمن اساتذہ پاکستان کے چیئرمین شوری، شفقت حسین صوبائی صدر اسلام آباد محمد شوکت علی اعوان، چوہدری محمد ثاقب مہر، حافظ محمد سلیمان محمد عرفان شفیق محمد اصف مغل کیلانی سٹی صدر پاکستان سنی تحریک، پیر سید عمر شاہ گیلانی، بابا عمران نذیر نوشاہی، علامہ مولانا اشتیاق احمد قادری رضوی، رحیم یار خان، پیر شاہد مسعود قادری رضوی اور دیگر نے کہا کہ فرزندان اسلام پر غزہ کی صورتحال عیاں ہو چکی ہیں، اسلام کے غیرت مند فرزندوں کو علم جہاد بلند کرنا چاہیے، عالمی قوتیں بالخصوص امریکہ برطانیہ اور اس کے دیگر حواری اسرائیل کی پشت پناہی سے باز رہیں۔

پاکستانی نوجوان کی چین کی شاندار علاقائی روایات اپناتے ہوئے گوانگ شی میں سان یوئے سان تہوار میں شرکت

چھوٹے سے قصبے سے تعلق رکھنے والے 22 سالہ پاکستانی طالب علم محمد عمر رفیق کے لئے یہ ایک شاندار ثقافتی تجربہ تھا

نان ننگ (شنہوا) چین کے جنوب گوانگ شی ژوانگ خود مختار علاقے کی فضا روایتی چینی تہوار ”سان یوئے سان“ کے دوران سریلے گانوں اور بھرپور علاقائی روایات سے لبریز ہے۔ ظفروال کے چھوٹے سے قصبے سے تعلق رکھنے والے 22 سالہ پاکستانی طالب علم محمد عمر رفیق کے لئے یہ ایک شاندار ثقافتی تجربہ تھا۔ سان یوئے سان ××، جو چینی قمری کیلنڈر کے تیسرے مہینے کا تیسرا دن کو منایا گیا ہے، رواں سال 31 مارچ کو آیا گوانگ شی ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ آف انڈسٹری میں ایک سال تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد انہوں نے اس سال کے ”سان یوئے سان“ تہوار میں حصہ لیا۔ مختلف علاقائی گروہوں کے ہم جماعتوں کے ساتھ گانے گائے، روایتی پکوانوں کے ذائقے چکھے اور مخصوص ژوانگ علاقائی لوک کھیلوں میں شرکت کی۔ پرمسرت تہواروں کے درمیان انہوں نے گوانگ شی کی علاقائی ثقافتوں کے تنوع اور کھلے پن کا تجربہ کیا اور روایتی چینی ثقافت کے بارے میں تفصیل سے جانا۔ اس سرزمین پر قدم رکھنے کے بعد انہوں نے ایک ایسی ثقافت دریافت کی جو نہ صرف مالا مال اور متنوع ہے بلکہ روزمرہ کی زندگی میں بھی سرایت کرتی ہے۔ عمر نے کہا کہ میرے آبائی شہر میں تہوار عام طور پر عید الفطر اور عیدالاضحی جیسے مذہبی تقریبات کے ارد گرد مرکوز ہوتے ہیں، جہاں لوگ رسم و رواج کے مطابق نماز پڑھتے ہیں اور کھانے کے لئے جمع ہوتے ہیں۔ گوانگ شی میں سان یوئے سان ایک ایسا تہوار ہے، جس سے سبھی لطف اندوز ہوتے ہیں۔

CRIME
& COURT
جرم و سزا

مہذب قومیں منظم ہو کر قانون پر عملداری کرتی ہیں۔ اظہر حمید بھٹی

قانون پر عملدرآمد ایک نہیں ہر ایک کیلئے لازم ہونا چاہیے۔ بیرسٹر ابوبکر بھٹی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) قانون پر عملداری مہذب اقوام کا شیوا ہوتا ہے جو قوموں کی معاشرت میں دکھائی دیتا ہے۔ ریاست جب عوام کو بنیادی حقوق کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے پر عظم ہوگی تو قوم اپنے فرائض کی انجام دہی میں مخلص ہوگی۔ معاشرے کے سدھار کیلئے ہر پاکستانی کو اپنا مثبت عملی کردار ادا کرنا ہوگا۔ قانون کا احترام ہر پاکستانی پر لازم ہے۔ وطن عزیز آج جس بحرانی کیفیت سے دوچار ہے یہ کوئی چند سال کی بات نہیں بلکہ دہائیوں سے ہم من حیث القوم تمام ریاستی اسٹیک ہولڈرز بشمول عوام اس کے ذمہ دار ہیں۔ کرپشن صرف روپے پیسے کی نہیں بد دیانتی اخلاقی گراوٹ سیاسی و سماجی حیثیت کا ہر جگہ اور ہر سطح پر ناجائز استعمال بدرجہ اتم پایا جا رہا ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین و سماجی شخصیت اظہر حمید بھٹی و بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی نے اپنے میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بطور پاکستانی ہم سب کو قومی یکجہتی کیلئے ایک ہو کر آئین و قانون کی پاسداری کرنا ہوگی۔

ڈرگ فری پنجاب کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن ×× ڈرگ فری پنجاب ×× کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ تھانہ سٹی پولیس نے خفیہ اطلاع پر سرگودھا روڈ سے منشیات فروش ملزم وقاص کو گرفتار کیا جس کے قبضہ سے 1365 گرام چرس برآمد ہوئی۔ تھانہ محمد والا پولیس نے منشیات فروش ملزم نواز کو گرفتار کیا جس کے قبضہ سے 25 لیٹر شراب برآمد ہوئی۔ گرفتار منشیات فروش ملزمان کیخلاف منشیات کی دفعات کے تحت مقدمات درج ہو چکے ہیں اور مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ اس حوالے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ اپنی نسلوں کو منشیات کی لعنت سے بچانے کیلئے ضلع بھر میں عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ضلع بھر میں سپیشل مہم کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔

مجھے میرے سول ڈیفنس والنٹیئرز پر فخر ہے۔ طاہر مجید کپور

یوم علی و رمضان ٹریفک ڈیوٹی زبردست رہی۔ چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) شہادت امام علی جلوس ڈیوٹی اور سیالکوٹ ٹریفک پولیس کے ہمرکاب رمضان المبارک ٹریفک ڈیوٹی جس قدر بہترین انداز کیساتھ سول ڈیفنس سیالکوٹ وارڈنز نے پرفارم کی بلاشبہ مثالی تھی جس کی مثبت و ستائشی فیڈ بیک سیالکوٹ پولیس کے حکام بالا اسر شہریوں کی جانب سے آئی وہ بطور چیف وارڈن میرے لئے باعث فخر ہے اور میں اپنے شیروں کو زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں ان باتوں کا اظہار چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور نے اپنے جاری میڈیا بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ میرے والنٹیئرز نے روضہ کی حالت میں ڈیوٹی روسٹر کے عین مطابق عملاً ٹریفک ریگولیٹ کر کے ثابت کر دیا کہ سول ڈیفنس سیالکوٹ ایک تربیت یافتہ مشاق فورس ہے جس نے ہمیشہ اپنی ڈیوٹی بہتر سے بہترین انداز میں پرفارم کی۔ اس کیلئے دونوں ڈویژن وارڈنز محمد اسلام میر، حدید احمد بٹ و خواجہ عامر جاوید و شیخ نوید کی بطور میڈیا ٹیم کارکردگی زبردست رہی۔

اچھرہ ڈولفن سکواڈ کی کارروائی پتنگ باز گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) اچھرہ ڈولفن سکواڈ کی کارروائی، پتنگ باز گرفتار کر لیا۔ ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد نے کہا کہ پولیس ریسپانس یونٹ نے دوران پٹرولنگ ایک مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو چیک کیا چیکنگ پر ملزم کے قبضہ سے 50 سے زائد پتنگیں برآمد کر لی ملزم پتنگوں کو کارٹن میں چھپا کر لے جا رہا تھا گرفتار ملزم عمران کو تھانہ اچھرہ کے حوالے کر دیا گیا۔ ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد نے کہا کہ ڈولفن سکواڈ کائٹ فلائنگ کے خاتمہ کیلئے کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں پتنگ بازوں و پتنگ فروشوں کیخلاف کاروائیاں جاری رہیں گی۔

عید کے موقع پر پاکستان بھر میں موٹروے پولیس کی بھرپور کاروائیاں جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) عید کے موقع پر پاکستان بھر میں موٹروے پولیس کی بھرپور کاروائیاں جاری۔ آئی جی رفعت مختار راجہ نے کہا کہ زائد کرائے کی مد میں 60 لاکھ 76 ہزار روپے سے زائد رقم (6076866) مسافر کو واپس کروا دی۔ 3 کروڑ 7 لاکھ 31 ہزار 400 روپے (30731400) مسافر بردار اور اوورلوڈ گاڑیوں کو جرمانہ کیا گیا مسافر بردار گاڑیوں میں سفر کرنے والے اوورلوڈنگ اور اوور چارجنگ کی شکایت موٹروے پولیس ہیلپ لائن 130 پر کر سکتے ہیں۔ عید کی مناسبت سے بڑھتے ہوئے رش کے پیش نظر موٹروے پولیس کی اضافی نفری بھی تعینات کی گئی ہے آئی جی رفعت مختار راجہ نے کہا کہ شہریوں کے سفر کو محفوظ بنانا موٹروے پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

ایس پی کینٹ اویس شفیق کی سربراہی میں ناجائز اسلحہ، فائرنگ کے خلاف پولیس ان ایکشن

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس پی کینٹ اویس شفیق کی سربراہی میں ناجائز اسلحہ، فائرنگ کے خلاف پولیس ان ایکشن، ایس پی کینٹ اویس شفیق کی ہدایت پر ڈیفنس سی پولیس کا لڑائی جھگڑے کی 15 کی کال پر فوری ایکشن لیا گیا 4 ملزمان اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا گیا ملزمان فیضان، اویس، احمد احسن اور احب سے پستول اور گولیاں برامد کر لی۔ ایس پی کینٹ اویس شفیق نے کہا کہ فاحد کا پاؤں اور افضال کا گھٹنہ زخمی طبی امداد کے لیے فوری ہسپتال منتقل، علاج معالجہ جاری، حالت خطرے سے باہر ہیں۔

مکھیوں کی طرح موٹے مچھروں نے عوام کا جینا مشکل بنا دیا

رات سونے کی بجائے مچھروں سے لڑائی کرتے گزر جاتی ہے: شہری پریشان

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) مکھیوں کی طرح موٹے مچھروں نے عوام کا جینا مشکل بنا دیا رات سونے کی بجائے مچھروں سے لڑائی کرتے گزر جاتی ہے انتظامیہ کی جانب سے مچھروں کو تلف کرنے اور ان کی فزائش کو روکنے کیلئے کوئی اقدامات نہیں کئے جا رہے شہری پریشانی میں مبتلا تفصیل کے مطابق دن ڈھلتے ہی موٹے مچھر شہریوں کو کاٹنے کیلئے حملہ آور ہو جاتے ہیں مچھروں سے لڑائی کرتے رات گزر جاتی ہے مچھروں کی بہتات اور ان کی افزائش میں تیزی سے اضافہ سے اہل علاقہ کیلئے مشکلات بڑھ چکی ہیں انتظامیہ کی جانب سے تاحال کوئی اقدامات نہیں ہو سکے مچھروں کی افزائش کو روکنے کے لئے بنائی گئیں محکمہ صحت کی ٹیمیں بھی بے سود ثابت ہو رہی ہیں اور شہری ملیریا بخار کا تیزی سے شکار ہو رہے ہیں اہل علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ سے علاقے میں مچھروں کو تلف کرنے اور ان کی افزائش کو روکنے کے لئے ڈینگی کنٹرول ٹیموں کو متحرک کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب چوہدری الیاس خاں کے اعزاز میں تقریب

پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے مالا پہنا کر مہمانوں کا استقبال کیا گیا

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب چوہدری الیاس خاں کے اعزاز میں تقریب، پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے مالا پہنا کر مہمانوں کا استقبال کیا گیا، تقریب میں سیاسی، سماجی، صحافتی شخصیات کی

شرکت، تفصیلات کے مطابق جمشید میو کی طرف سے چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب و ایم پی اے مسلم لیگ ن حلقہ پی پی 176 چوہدری محمد الیاس خاں کے اعزاز میں شاندار تقریب کا اہتمام کیا گیا، تقریب میں ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد سید ثقلین بخاری، چوہدری اصغر علی سربرا چیئرمین رفیق انصاری گروپ، مہر علی مہران صدر مسلم لیگ ن حلقہ پی پی 176، سابقہ نائب ناظم چوہدری نور احمد، سابقہ چیئرمین چوہدری کاشف نیاز، چوہدری خادم طور نائب صدر مسلم لیگ ن لاہور ڈویژن، ملک ماجد، اسد منیر، محمد عمران سلفی صدر پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ، سیٹھ محمد حسین صدر الیکٹرونک میڈیا مصطفی آباد، سابقہ کونسلر سردار راشد ڈوگر، سردار ہمایوں اقبال، سابقہ کونسلر ثناء اللہ کمبوہ، عبدالعزیز سمیت دیگر نمائندہ شخصیات نے شرکت کی، آنے والے مہمانوں پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئی، پھولوں کے گلدستے پیش کر کے استقبال کیا گیا، اس موقع پر چوہدری الیاس خاں نے کہا کہ جمشید میو کی محبت کا شکریہ ادا کرتا ہوں، حلقہ کے عوام کی مجھ سے محبت ہی میرے لئے قیمتی سرمایہ ہے، حلقہ کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں، حلقہ کی عوام نے ہمیشہ مجھ سے محبت کی ہے اور بھاری اکثریت سے کامیابی دلائی ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر نگرانی حلقہ کی عوام کی خدمت کر رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے ریونیو عوامی خدمت سروسز تحت محکمہ مال سے متعلقہ سائلین کی درخواستوں کی سماعت کی

اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ڈاکٹر امتیاز محسن اسسٹنٹ کمشنر، محکمہ ریونیو کے افسران، انچارج لینڈ ریکارڈ، سٹاف، تحصیلدار، پٹواری اور دیگر بھی موجود تھے

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے اپنے آفس کے احاطہ میں ریونیو عوامی خدمت سروسز تحت محکمہ مال سے متعلقہ سائلین کی درخواستوں کی سماعت کی اور سائلین کو فوری ریلیف کی فراہمی کے حوالہ سے موقع پر احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ڈاکٹر امتیاز محسن اسسٹنٹ کمشنر، محکمہ ریونیو کے افسران انچارج لینڈ ریکارڈ، سٹاف، تحصیلدار، پٹواری اور دیگر بھی موجود تھے۔ ریونیو عوامی خدمت سروسز میں درخواست گزاروں نے مختلف مسائل کی نشاندہی کی جس پر ڈپٹی کمشنر نے کاروائی مکمل کر کے رپورٹ کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے مختلف سائلین سے ریونیو عوامی خدمت سروسز کی افادیت اور ان کے مسائل کے حل میں پیشرفت بھی دریافت کی اور شہریوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ریونیو سے متعلقہ ان کے مسائل کا حل ترجیح ہے۔ انہوں نے بعض سائلین کی درخواستوں پر اسسٹنٹ کمشنرز کو تیز رفتار اقدامات کرنے کی تاکید کی اور کہا کہ عوامی مسائل کے حل کیلئے ریونیو عوامی خدمت سروسز میں تمام ریونیو افسران ایک چھت تلے موجود ہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا جھنگ سمیت دیگر تحصیلوں میں کھلی کچہری لگانے کا مقصد عوام الناس کو محکمہ مال سے متعلق انکی دہلیز پر ریلیف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔



ن لیگ کے ایم پی اے میاں عون انتصار بھٹی کی آئی جی پولیس پنجاب اور مقامی ایس ایچ او کو سنگین نتائج کی دھمکیاں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ن لیگ کے ایم پی اے میاں عون انتصار بھٹی کی آئی جی پولیس پنجاب اور مقامی ایس ایچ او کو سنگین نتائج کی دھمکیاں۔ دھمکیوں کی وڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے پر مختلف راہنماؤں کی جانب سے ایم پی اے کے ناروا رویہ پر سخت ردعمل۔ سنگین نتائج کی دھمکیوں پر تھانہ میں رپٹ درج۔ تفصیلات کے مطابق پنڈی بھٹیاں میں ایک پروگرام بغیر اجازت کروانے پر ایس ایچ او ملک بدر منیر نے منع کیا تو ن لیگ کے ایم پی اے میاں عون انتصار بھٹی نے وہاں پر آ کر نہ صرف ایس ایچ او سے بدکلامی کی بلکہ کہا کہ اس پروگرام کو جو بھی روکے گا، چاہے آئی جی پولیس پنجاب ہی کیوں نہ ہو، میں اوہنوں تن دیاں گا۔ سنی علماء کونسل کے ضلعی قائد مولانا عادل شیر فاروقی اور دیگر راہنماؤں نے لیگی ایم پی اے کی جانب سے گورنمنٹ اور ضلعی انتظامیہ کی رٹ کو چیلنج کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور ڈی پی او، ڈپٹی کمشنر اور آئی جی پولیس پنجاب سے مطالبہ کیا کہ حکومتی رٹ کو چیلنج کرنے والے لیگی ایم پی اے میاں عون انتصار بھٹی کے خلاف فوری کاروائی عمل میں لائی جائے۔

ظفروال کنگرہ روڈ سے سترہ سالہ نوجوان کی لاش برآمد: نوجوان کو فائر مار کر قتل کیا گیا

قاتل نے دوست کی ڈیڈ باڈی ملنے کے بعد خود کو گولی مار کا اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا، قاتل نے دوست کی ڈیڈ باڈی ملنے کے بعد خود کو گولی مار کا اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا

شکرگڑھ (عمران عارف سے) ظفروال کنگرہ روڈ سے سترہ سالہ نوجوان کی لاش برآمد۔ نوجوان کو فائر مار کر قتل کیا گیا ہے۔ لاش ہسپتال منتقل۔ دوست ہی دوست کا قاتل نکلا۔ قاتل نے دوست کی ڈیڈ باڈی ملنے کے بعد خود کو گولی مار کا اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز ظفروال کنگرہ روڈ کھیتوں سے سترہ سالہ نوجوان کی لاش برآمد۔ نوجوان کی شناخت جبران ولد سرفراز ساکن للیال کے نام سے ہوئی ہے۔ جبران گل ظفروال اپنی بہن کو ملنے آیا تھا مگر اپنی بہن کے گھر نہ پہنچا گذشتہ روز جبران کی لاپتہ ہونے کی سوشل میڈیا پر اپ لوڈ ہوئی مگر تھوڑی دیر کے بعد اس کی ڈیڈ باڈی جس کو دو فائر مار کر قتل کیا گیا تھا ظفروال کنگرہ روڈ کھیتوں سے مل گئی۔ قتل کی اطلاع ملتے ہی DSP سرکل ظفروال محمد نواز اور SHO تھانہ ظفروال آصف نوید اپنی نفری کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور ضروری کاروائی کے بعد ڈیڈ باڈی کو THQ ہسپتال منتقل کر دیا۔ اس موقع پر SHO تھانہ ظفروال آصف نوید نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ابھی کچھ کہنا قبل از وقت ہے ہم اس قتل کی انویسٹیگیشن کرتے ہیں تو ہی پتہ چلے گا کہ قتل کیوں ہوا اس پر مقتول کے موبائل ڈیٹا سے بہت ساری انفارمیشن ملے گی جس کی روشنی میں ہم بہت جلد قاتلوں کے قریب پہنچ جائیں گے اور ان شاء اللہ × بہت جلد ان کو گرفتار بھی کر لیں گے بعد کی اطلاعات کے مطابق دوست ہی دوست کا قاتل نکلا مقتول دوست کی ڈیڈ باڈی ملنے پر قاتل یاسر ولد ناظر ساکن ترگا رومال نے خود کو گولی مار کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا۔

مستی گیٹ کے علاقہ میں معمولی تلخ کلامی پر نوجوان کو گولیاں مار کر قتل کر دیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) مستی گیٹ کے علاقہ میں معمولی تلخ کلامی پر نوجوان کو گولیاں مار کر قتل کر دیا گیا ذرائع کے مطابق قتل کی واردات کے وقت قاتل جمشید نے شراب پی رکھی تھی جس کی محلے دار نوید کے ساتھ معمولی تلخ کلامی ہوئی جس نے اپنے دستی پسٹل سے مقتول نوید پر سیدھی فائرنگ کر دی جس کو شدید زخمی حالت میں مقامی ہسپتال منتقل کیا گیا جو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا پولیس نے واقعے کا مقدمہ مقتول کے بھائی ندیم کی مدعیت میں درج کر لیا اور ملزم کی تلاش شروع کر دی ایس ایچ او مستی گیٹ نجم عباسی کے مطابق ملزم کے موبائل فون کا ڈیٹا حاصل کر لیا گیا ہے جس کو جلد گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچائیں گے دوسری جانب ایس پی سٹی آپریشن کیپٹن ریٹائرڈ قاضی علی رضا نے ملزم کی گرفتاری کے لیے دو ٹیمیں تشکیل دے رکھی ہیں

ماڈل ٹاؤن ڈویژن پولیس جواریوں کیخلاف ان ایکشن ہوگی

لاہور (کرائم رپورٹر) ماڈل ٹاؤن ڈویژن پولیس جواریوں کیخلاف ان ایکشن ہوگی۔ ایس ایچ او کاہنہ انسپکٹر ناصر حمید نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کر کے 7 سٹے باز گرفتار کر لیے ملزمان کو 5 نمبر سٹاپ کے قریب تاش پر جوا کھیلتے ہوئے حراست میں لیا گیا ملزمان میں اقبال، ادریس، اویس، شفیق، اسلم، کاشف، امانت شامل ہیں۔ ملزمان سے جوئے پر لگی رقم، تاش برآمد کر لی اور ان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ کی ایس ایچ او کاہنہ انسپکٹر ناصر حمید اور ان کی ٹیم کو شاباش دی۔

شیخ پرویز حسین مختصر علالت کے بعد گزشتہ روز انتقال کر گئے

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر) رائیونڈ کے سینئر صحافی اور مرکزی پریس کلب رائیونڈ کے ڈپٹی چیئرمین سید قمر جعفری کے سسر اکبری منڈی کی معروف کاروباری شخصیت شیخ پرویز حسین مختصر علالت کے بعد گزشتہ روز انتقال کر گئے انکی نماز جنازہ امام بارگاہ خواجگان موچی دروازے میں ادا کی گئی نماز جنازہ معروف عالم دین علامہ فرمان علی نجفی نے پڑھائی مرحوم کو بعد ازاں فردوسیہ قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ میں اکبری منڈی شاہ عالم مارکیٹ کے تاجر حضرات کے علاوہ لاہور کی معروف کاروباری شخصیات نے شرکت کی رائیونڈ اور دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات اور صحافیوں نے اس موقع پر سینئر صحافی سید قمر جعفری سے انکے سسر کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا ہے اور مرحوم کے بلند درجات کیلئے دعا کی ہے مرکزی پریس کلب کے چیئرمین عبدالرحمٰن رامے، سرپرست اعلیٰ حاجی محمد سرور گجر، چیف ایگزیکٹو مرکزی پریس کلب سید ظفر ساجد جنرل، سیکرٹری سید عبدالرزاق حسین، سابق چیف ایگزیکٹو واپڈا اسد اللہ خان ایکسین لیسکو واپڈا رائیونڈ محمد علی رضا ایس ڈی او جیا بگا سب ڈویژن محمد آصف سمیت کئی شخصیات نے افسوس کا اظہار کیا ہے۔

مصطفی آباد: چوہدری اکبر دیدار سندھو کے بھائی اختر دیدار سندھو کی وفات پر اظہار افسوس



مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) چوہدری اکبر دیدار سندھو کے بھائی اختر دیدار سندھو کی وفات پر اظہار افسوس، مشیر وزیر اعظم برائے امور کشمیر گلگت بلتستان اور ریاستی و سرحدی امور شبیر احمد عثمانی اظہار افسوس کے لئے ڈیرے پر آئے، سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں کے نمائندوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی، تفصیلات کے مطابق معروف سیاسی شخصیات چوہدری اکبر دیدار سندھو کے بھائی اختر دیدار سندھو کی وفات پر اظہار افسوس کرنے کے لئے مشیر وزیر اعظم برائے امور کشمیر گلگت بلتستان اور ریاستی و سرحدی امور شبیر احمد عثمانی ان کے ڈیرے پر آئے اور چوہدری اکبر دیدار سندھو سے اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ اختر دیدار سندھو کی وفات پر ہم آپ کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں، ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالی آپ کو صبر اور اختر دیدار سندھو کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، اختر دیدار سندھو کی وفات آپ کے لئے کسی سانحہ سے کم نہیں ہے، اس موقع پر ضلع بھر کی سیاسی، سماجی، مذہبی، صحافتی شخصیات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

گمشدگی کاغذات

میری موٹر سائیکل اپلائیڈ فار انجن نمبر 5 6 3 5 1 0 E چیسز نمبر 84528/24/19 ماڈل 2019 رنگ سرخ کی فائل جو کہ تھانہ مسن کے علاقہ چند بھروانہ کے قریب کہیں گر کر گم ہوگئی ہے جس شخص ملے درج ذیل پتہ پر اطلاع دیں۔

المشتہر: امیر خان جوہر ولد علی محمد سکنہ ڈاکخانہ پیر کوٹ سدھانہ ساجھر کلاں تحصیل و ضلع جھنگ

بقیہ بقیہ جات 1

پیش کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ شہید بھٹو ایک عظیم مدبر، جرات مند رہنما، اور عوام کے حقیقی نمائندہ تھے، جنہوں نے پاکستان کو ترقی، خودمختاری اور عوامی فلاح کے راستے پر گامزن کیا اور قوم کو پہلا متفقہ آئین دیا۔صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان کے ایٹمی پروگرام کی بنیاد رکھی، ملک کی خارجہ پالیسی کو ایک آزاد اور خودمختار تشخص دیا جبکہ ان کی قیادت میں پاکستان نے اسلامی سربراہی کانفرنس کی میزبانی کی۔آصف زرداری نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے مسلم امہ کے اتحاد کی راہ ہموار کی، مزدوروں، کسانوں، اور پسے ہوئے طبقے کو حقوق دیے، انہیں بااختیار بنایا، ان کے اقدامات کی بدولت تعلیم، صنعت، اور دفاعی شعبے میں نمایاں پیش رفت ہوئی۔صدر مملکت نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہم شہید ذوالفقار علی بھٹو کے مشن کو جاری رکھیں گے، پاکستان کی خودمختاری، جمہوریت، اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کریں گے جبکہ بھٹو کے وژن کے مطابق ملک کو ترقی یافتہ، خودمختار اور عوام دوست ملک بنائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 2

کرلے یہ کس کا پانی ہے، آپ پنجاب میں رہ کر پنجاب کی لڑائی نہیں لڑ سکتے؟، ہمیشہ نہروں پر سیاست کرنا سندھ کا کام رہا ہے لیکن یہاں یہ نہیں ہوتا۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ کسانوں کے ساتھ کھڑے ہونے سے پہلے چیک کرلیں کسان آپکے ساتھ کھڑے ہیں یا نہیں، پنجاب نہ کسی کا حق چھینتا ہے نہ کسی کو اپنا حق کھانے دیتا ہے، پنجاب نے ہمیشہ بڑے بھائی کا رول ادا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب سے سوال کرنے کی بجائے صدر پاکستان سے پوچھ لیں تو بہتر ہوگا، پیپلزپارٹی گھر کی لڑائی میڈیا پر لڑنے کی کوشش نہ کرے۔

بقیہ بقیہ جات 3

کو غربت کی طرف دھکیلا، اگر جڑ سے اکھاڑ کر نہ پھینکا تو یہ ریلیف اور آئندہ آنے والے ریلیف بے معنی ہوجائیں گے، معیشت کی بہتری کیلئے سرجری کرنی ہوگی، اینٹی بائیوٹک سے کام نہیں چلے گا۔اسلام آباد میں بجلی کی قیمتوں میں کمی کے پیکیج کے اعلان کیلئے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ آج عید کے موقع کی مناسبت سے پاکستان کی معاشی ترقی و استحکام کیلئے ایک ادنی سے خوشخبری سنانے کیلئے آیا ہوں، اللہ کے فضل سے وہ وعدہ پورا ہوا جس کا نوازشریف نے (ن) لیگ کے منشور میں اعلان کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ جون 2024ء میں گھریلو صارفین کیلئے بجلی کی قیمت 48روپے 70پیسے تھی وہ اس وقت 45روپے 5پیسے فی یونٹ ہے، آج گھریلو صارفین کیلئے مزید 7روپے 41پیسے فی یونٹ کمی کر رہے ہیں، گھریلو صارفین کو 34روپے 37پیسے فی یونٹ بجلی ملے گی۔انہوں نے کہا کہ صنعتوں کیلئے بجلی کی قیمت فی یونٹ 58روپے 50پیسے تھی، سب کی کاوشوں سے وہ قیمت 48روپے 19پیسے ہوچکی ہے، آج اس میں مزید 7روپے 59پیسے کمی کا اعلان کر رہا ہوں جس کے بعد صنعتی صارفین کیلئے فی یونٹ 40 روپے 60 پیسے ہوگیا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی ذمہ داری سنبھالی تو ملک ڈیفالٹ ہونے والا تھا، آئی ایم ایف کوئی بات سننے کو تیار نہیں تھا، پوری قوم خوف زدہ تھی کہ حالات کس کروٹ بیٹھیں گے، ہم نے انتہائی دشوار گزار سفر طے کیا اور ملک کو ڈیفالٹ سے باہر لے آئے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے دیوالیہ ہونے کی باتیں کرنے والے خوشی سے مرے جا رہے تھے کہ پاکستان اب دیوالیہ ہو کر رہے گا مگر ایسا نہ ہوا، یہ وہی لوگ تھے جنہوں نے آئی ایم ایف سے معاہدہ کیا اور اسے توڑا۔وزیراعظم نے کہا کہ میں کھلے دل کے ساتھ اس حقیقت کا اعتراف کرتا ہوں کہ اس سارے عمل میں آرمی چیف جنرل سید محمد عاصم منیر اور ان کے رفقائے کار کا مجھے اور میری ٹیم کو بھرپور تعاون حاصل رہا اور کلیدی کردار رہا۔شہباز شریف نے کہا کہ گزشتہ دور میں بجلی کے زائد نرخ نے لوگوں کو بے روزگار کیا، بجلی کا بل بھرنے والا سوچتا تھا کہ بچے کی دوائی کیسے خریدوں؟ یہ عوام کا قربانی بھرا دور ہے، آج میں ایک ادنی سا تحفہ قوم کو دینا چاہتا ہوں، قوم کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا، ہمارے قائد نواز شریف مشور میں کہا تھا کہ مہنگائی 2026 میں سنگل ڈیجٹ میں لے آئیں گے مگر یہ وعدہ 2025 میں ہی پورا ہوگیا، ایک سال میں پیٹرول کی قیمت میں 38فیصد کمی آئی، اس پورے خطے میں پیٹرول کی قیمت سب سے کم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 4

بڑے بھائی کا کردار ادا کرے اور ہر ممکن مدد فراہم کرے۔صدر مسلم لیگ (ن) نے وزیراعظم شہباز شریف کو عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے پر بھی زور دیا۔اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے نواز شریف کو ملک کی موجودہ سیاسی و معاشی صورتحال اور بلوچستان کے حالات سے آگاہ کیا۔وزیراعظم شہباز شریف نے پارٹی صدر کو وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ہونے والی تفصیلی گفتگو پر بھی بریفنگ دی اور اہم امور پر مشاورت کی۔

بقیہ بقیہ جات 5

نے اور اہم عالمی چیلنجز جیسے کہ موسمیاتی تبدیلی، قابل تجدید توانائی، اور پانی کی قلت پر بین الاقوامی تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے وقف ہے۔یہ اہم فیصلہ چیئرمین سینیٹ کے حالیہ کامیاب دورہ کوالالمپور، ملائشیا کے دوران کیا گیا۔ورلڈ سمٹ 2025 کے دوران، جو یونیورسل پیس فیڈریشن (UPF) کے زیر اہتمام سیئول میں منعقد ہوگی۔اس سربراہی اجلاس میں 150 ممالک کے 500 مندوبین اور 45 پارلیمانی اسپیکرز شرکت کریں گے۔چیئرمین یوسف رضا گیلانی کو ان کی وژنری قیادت کے اعتراف میں ایک خصوصی ایوارڈ بھی پیش کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 6

2025 شام 6 بجے سے رات 11 بجے کے درمیان تاریخی شاہی گزرگاہ پر ایک شاندار ''میلہ بہاراں'' منعقد کیا جا رہا ہے۔اس میلہ میں شرکت فری رکھی گئی ہے، فیملیز کے لئے مخصوص یہ میلہ موسم بہار اور لاہوری ثقافت کا ایک شاندار جشن ہوگا، جو دہلی گیٹ سے شروع ہوکر مسجد وزیر خان چوک پر اختتام پذیر ہوگا۔تقریب کی ایک اہم خصوصیت شاہی گزرگاہ موسم بہار پریڈ ہے، جو جمعہ اور ہفتہ دونوں دن ،شام 6:00 بجے مقرر کی گئی ہے۔میلہ میں شرکت کرنے والوں کے لئے متنوع پرکشش سرگرمیوں کا انتظام کیا جائے گا۔جن میں خوبصورتی سے بحال شدہ کوچہ حسین شاہ، لوک موسیقی کے رنگوں میں رنگی گلی سرجن سنگھ، مقامی دستکاریوں اور پرفارمرز کی نمائش سبیل والی گلی میں اور وزیر خان چوک میں مینا بازار کی رونقیں شامل ہیں۔فیسٹیول میں مختلف پرفارمرز، ورکشاپس اور نمائشیں بھی پیش کی جائیں گی، جن میں پنجابی بولیاں، پتلی تماشا، لائیو میوزک اور داستان گوئی شامل ہوگی۔میلہ بہاراں کے انعقاد میں والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کو الائیڈ بینک، گو بیز پینٹ، پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف فیشن اینڈ ڈیزائن، اخوت اور گورنمنٹ آف پاکستان کا تعاون حاصل ہے۔والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل کامران لاشاری نے اس میلہ کے متعلق کہا کہ اس میلہ کو منعقد کرنے کا مقصد ایک ساتھ مل کر، لاہور کے تاریخی ورثے اور میلوں کی گمشدہ ثقافت کو از سر نو زندہ کرنا اور عوام کو تفریح کے مواقع فراہم کرنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

لفٹنگ، پیرودھائی اور فیض آباد سمیت تمام غیر قانونی بس اڈے، تجاوزات کے خاتمے اور منشیات کے خلاف گرینڈ آپریشن کلین اپ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب کی سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی زیر صدارت کمشنر آفس راولپنڈی میں تین گھنٹے طویل جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی طرف سے عید الفطر پر بہترین انتظامات، صفائی ستھرائی اور مسافروں کو اضافی کرائے کی واپسی پر انتظامیہ اور تمام محکموں کو شاباش دی۔سینئر صوبائی وزیر نے نالہ لئی منصوبے کی فیزیبلٹی تین ماہ میں مکمل، دسمبر میں رنگ روڈ کی تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں پورے راولپنڈی ڈویژن میں ستھرا پنجاب پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا جس پر سامنے آنے والی خامیوں کو دور کرنے کی ہدایت کی گئی۔ تین دن کی ڈیڈ لائن میں پیرودھائی سے غیر قانونی بس اڈے ختم کرنے پر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ضلعی انتظامیہ اور پولیس کو شاباش دی۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر فیض آباد سے بھی بسوں کے اڈے، تجاوزات کے خاتمے اور شہریوں کی سہولت کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اگلے جمعہ تک پورے مری روڈ کی بیوٹیفکیشن، صفائی اور اپ لفٹنگ پلان کی بھی منظوری دے رکھی ہے۔سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ پورے راولپنڈی ڈویژن میں تجاوزات کے خاتمے کا عوام نے خیر مقدم کیا ہے۔وزیراعلیٰ نے پولیس حکام کو راولپنڈی ڈویژن کو منشیات سے پاک کرنے کا ٹاسک دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے راولپنڈی ڈویژن کے سرحدی علاقوں میں نگرانی اور گشت بڑھانے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر منشیات کی سمگلنگ اور فروخت میں ملوث مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن کی بھی منظوری دی گئی۔ بعد ازاں سینئر منسٹر مریم اورنگزیب نے حکام کے ہمراہ راولپنڈی کے مختلف ہسپتالوں کے علاوہ راجہ بازار، فوارہ چوک اور صدر کا بھی دورہ کیا۔ سینئر صوبائی وزیر نے تجاوزات کے خاتمے کے اب تک کے اقدامات، ہسپتالوں میں مریضوں کے علاج معالجے کے انتظامات کا جائزہ لیا۔

بقیہ بقیہ جات 8

وفد آئندہ مالی سال کے بجٹ بشمول ٹیکس ریونیو اقدامات، اخراجات پر کنٹرول اور دیگر ترقیاتی اخراجات کے بجٹ کے حوالے سے پاکستانی حکام کے ساتھ مذاکرات کرے گا۔ذرائع کا بتانا ہے کہ آئندہ مالی سال کا وفاقی بجٹ جون کے پہلے ہفتے میں پیش کیا جائے گا اور اس سے قبل بجٹ کو حتمی شکل دینے کیلئے آئی ایم ایف کی ٹیم پاکستان حکام سے مل کر تجاویز تیار کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 9

کرلے یہ کس کا پانی ہے، آپ پنجاب میں رہ کر پنجاب کی لڑائی نہیں لڑ سکتے؟، ہمیشہ نہروں پر سیاست کرنا سندھ کا کام رہا ہے لیکن یہاں یہ نہیں ہوتا۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ کسانوں کے ساتھ کھڑے ہونے سے پہلے چیک کرلیں کسان آپکے ساتھ کھڑے ہیں یا نہیں، پنجاب نہ کسی کا حق چھینتا ہے نہ کسی کو اپنا حق کھانے دیتا ہے، پنجاب نے ہمیشہ بڑے بھائی کا رول ادا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب سے سوال کرنے کی بجائے صدر پاکستان سے پوچھ لیں تو بہتر ہوگا، پیپلزپارٹی گھر کی لڑائی میڈیا پر لڑنے کی کوشش نہ کرے۔

بقیہ بقیہ جات 10

کہ ہمیں عدالتی حکم کے باوجود بانی سے ملاقات نہیں کرنے دی گئی، جمعرات کی ملاقات کی لسٹ بانی خود فائنل کر کے وکلا کے حوالے کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پتا نہیں کس کے کہنے پر ملاقات کی اجازت نہیں دی جا رہی، بانی کی اڑھائی ماہ سے بچوں سے بات نہیں ہونے دی گئی، بہنوں سے ملاقات نہیں کرنے دی گئی۔انہوں نے الزام لگایا کہ بانی پی ٹی آئی کو عید کی نماز نہیں پڑھنے دے گئی، ہم کیسے مملکت اسلامی پاکستان میں رہ رہے ہیں ؟ جہاں بانی کو عید کی نماز نہ پڑھنے دی تو پیچھے کیا چیز رہ جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ بار بار توہین عدالت کر رہے ہیں، امید کرتے ہیں جج صاحبان اپنے احکامات پر عملدرآمد کروائیں، اگر ججز اپنے احکامات پر عمل درآمد نہ رکوا سکے تو بہتر ہے استعفیٰ دیکر گھر چلے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا وفد بلوچستان گیا ہوا ہے، مشکل سے وہ اختر مینگل کے قافلے سے جا کر ملے۔عمر ایوب نے کہا کہ بلوچستان کی حکومت نے انکاراستہ روکا ہم اسکی مذمت کرتے ہیں، ہم کہتے رہے کہ 8اضلاع مین حکومت کی رٹ نہیں ہے، محسن نقوی نے کہا بلوچستان ایک ایس ایچ او کی مار ہے کہاں ہے وہ ایس ایچ او، انتظامیہ خود اعلان کر رہی ہے کہ بلوچستان میں لا اینڈ آرڈر نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کو صرف بانی پی ٹی آئی اکٹھا کر سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 11

قیادت نے پاکستان کو ایک نئے سیاسی و اقتصادی دور میں داخل کیا، ذوالفقار علی بھٹو 5 جنوری 1928 کو سندھ کے شہر لاڑکانہ میں ایک جاگیردار گھرانے میں پیدا ہوئے، ان کے والد سر شاہنواز بھٹو ایک معروف سیاستدان تھے جن کی بدولت بھٹو صاحب کو سیاست میں ابتدائی رہنمائی ملی، بھٹو نے ابتدائی تعلیم بمبئی سے حاصل کی، بعد ازاں برکلے یونیورسٹی کیلیفورنیا (امریکہ) اور آکسفورڈ یونیورسٹی (برطانیہ) سے اعلیٰ تعلیم حاصل کی، وہ قانون کے ماہر تھے اور برطانیہ کی لنکنز ان سے بار ایٹ لا کی ڈگری بھی حاصل کی، ذوالفقار علی بھٹو نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز صدر سکندر مرزا اور بعد ازاں ایوب خان کے دور میں کیا، 1958 میں وہ ایوب خان کی کابینہ میں وزیر تجارت بنے اور بعد میں وزیر خارجہ کے طور پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ 1965 کی پاک بھارت جنگ کے بعد تاشقند معاہدہ ان کے ایوب خان سے اختلافات کا باعث بنا جس کے بعد انہوں نے حکومت سے علیحدگی اختیار کر لی۔ 1967 میں، بھٹو نے پاکستان پیپلز پارٹی (PPP) کی بنیاد رکھی، ان کے مشہور نعرے "روٹی، کپڑا اور مکان" نے عوامی سیاست میں ایک نئی لہر پیدا کی، 1970 کے انتخابات میں پیپلز پارٹی نے مغربی پاکستان میں کامیابی حاصل کی مگر مشرقی پاکستان میں شیخ مجیب الرحمان کی عوامی لیگ نے اکثریت حاصل کی، 1973 میں ذوالفقار علی بھٹو پاکستان کے وزیراعظم بنے اور انہوں نے کئی تاریخی اصلاحات متعارف کروائیں

بقیہ بقیہ جات 12

کہ جہاں عدالتی فیصلوں کو جوتے کی نوک پر رکھا جائے وہ ملک نہیں کہلا سکتا، جہاں پک اینڈ چوز کیا جائے اسکا مطلب عدالتیں اپنا وقار کھو چکی ہیں۔اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شبلی فراز نے کہا کہ ہمیں دوسری مرتبہ ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی اس سے ظاہر ہوتا ہے عدالتی فیصلے کوئی معنی نہیں رکھتے، کوئی ملک جہاں عدالتی فیصلوں کو جوتے کی نوک پر رکھا جائے وہ ملک نہیں کہلا سکتا، جہاں پک اینڈ چوز کیا جائے اسکا مطلب عدالتیں اپنا وقار کھو چکی ہیں۔انہوں نے کہا کہ عدالتیں اور ججز جو قانون کے مطابق فیصلے دیتے ہیں، اگر اس پر کوئی عمل درآمد نہیں کرتا تو اس پر سزا کا بھی تعین کریں، جب عوام دیکھیں گے کہ عدالت کا کوئی مقام وحیثیت نہیں تو وہ کیوں قانون کا احترام کریں گے، عوام کنفیوژن کا شکار ہیں، جتنے قیدی یہاں بیٹھے ہیں انکو عدالتوں نے ہی سزا دی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہماری ملاقات نہ کروانا عدالت کے فیصلے کی کھلم کھلا توہین ہے۔

بقیہ بقیہ جات 13

افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ پاکستان کو درپیش معاشی و معاشرتی اور دہشت گردی جیسے مسائل کا حل اتحاد ہے، ملک میں وسائل کی کوئی کمی نہیں ، انشااللہ وسائل سے فائدہ حاصل کر کے قوم کو ترقی و خوشحالی سے ہمکنار کروائیں گے۔انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان کا قیام کسی معجزے سے کم نہیں ،انتہا پسندی نفرتوں اور تقسیم کے رویے اسلام کے اتحاد اور اخوت کے بھائی چارے کی تعلیمات اور سوچ کے منافی ہیں۔ٹیکنالوجی اور جدید ایجادات نے دنیا کو مکمل طور پر بدل دیا ہے ہمیں بھی اسی رفتار سے آگے بڑھنا ہوگا۔کیونکہ پاکستان کو درپیش معاشی و معاشرتی اور دہشت گردی جیسے مسائل کا حل صرف اتحاد ہے۔ملک افضل کھوکھر نے کہا کہ پاکستان میں وسائل کی کوئی کمی نہیں ،انشااللہ وسائل سے فائدہ حاصل کر کے قوم کو ترقی و خوشحالی سے ہمکنار کروائیں گے۔انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک میں تمام صوبائی حکومتوں کی ذمہ داری تھی کہ انہوں نے اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کو کنٹرول میں رکھنا تھا۔لیکن پنجاب میں جس طرح وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی حکومت میں اس رمضان کو عام آدمی کے لئے آسان بنایا وہ اپنی مثال آپ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 14

کے تمام عہدے چھوڑنے کا اعلان کیا ہے۔اس حوالے سے جاری اپنے خصوصی بیان میں حماد اظہر نے کہا کہ اعظم سواتی نے بانی پی ٹی آئی کو بتایا کہ عالیہ حمزہ کے کام میں رکاوٹ ڈالی جارہی ہے جس پر بانی پی ٹی آئی نے سوال کیا کہ کون رکاوٹ ڈال رہا ہے تو اعظم سواتی نے میرا نام لیا۔حماد اظہر نے عالیہ حمزہ سے پوچھا کہ آپ کو میری طرف سے بھی رکاوٹ ملی تو انہوں نے تعجب کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ مسئلے کا بڑا آسان حل موجود ہے، میرے اختیارات پہلے ہی 4ریجنل صدور کو پچھلے سال جون میں منتقل کر دیئے گئے تھے اور اب میرے حلقے کی تنظیم بھی میرے مشورے یا مرضی سے نہیں لگ سکی۔انہوں نے کہا کہ پہلے دوبارا استعفیٰ دے چکا ہوں جس کو رد کیا گیا تھا لیکن آج تیسری دفعہ اور حتمی طور پر اپنا عہدہ چھوڑ رہا ہوں جبکہ ایک کارکن کی حیثیت سے آئندہ اپنے قائد کیلئے کام کروں گا۔حماد اظہر نے کہا کہ میرا یہ استعفیٰ ناقابل واپسی ہے اور آئندہ کیلئے کسی عہدے کا خواہشمند نہیں ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 15

تک تھیں۔گزشتہ روز عید کی تعطیلات کا آخری روز تھا اور آج سے سرکاری اور دیگر دفاتر کھل گئے ہیں۔مالیاتی ادارے اور مختلف تعلیمی ادارے بھی معمول کے مطابق کھل گئے تاہم ان میں حاضریوں کا تناسب معمول سے کم دیکھی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 16

اچھا فیصلہ تھا، شعبہ انفیکشز ڈیزیز کے ماہرین روز 3بار صدر آصف زرداری کا معائنہ کرتے ہیں، امید ہے صدر مملکت کو کچھ دنوں میں ہسپتال سے چھٹی دے دی جائے گی۔ڈاکٹر عاصم نے کہا کہ صدر سے ملاقاتوں پر پابندی کورونا کے پیش نظر لگائی گئی ہے، ان کے اہلخانہ کو صحت سے متعلق مسلسل آگہی فراہم کی جارہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 17

اٹھائے گئی ممالک پر جوابی ٹیرف کے حوالے سے آگاہ کیا اور کہا کہ بہت سے معاملات میں، تجارت کو لے کر دوست دشمن سے بھی بدتر ہیں۔ڈونلڈ ٹرمپ نے اس تقریب میں ایک فہرست دکھائی جس میں ان ممالک کے نام لکھے تھے جن پر جوابی محصولات عائد کی جارہی ہیں اور ان ممالک کے جانب سے عائد محصولات کا بھی اس فہرست میں ذکر تھا۔وائٹ ہاؤس کے روز گارڈن میں خطاب کرتے ہوئے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ یہ ہماری آزادی کا اعلان ہے۔ڈونلڈ ٹرمپ نے اس دوران بتایا کہ وہ پاکستان پر 29فیصد جوابی محصول لگانے جا رہے ہیں۔ ساتھ ہی انہوں نے بتایا کہ پاکستان کی جانب سے امریکہ پر 58فیصد ٹیرف عائد ہے۔انڈیا پر جوابی ٹیرف کا اعلان کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ وہ ہم سے 52فیصد ٹیرف چارج کرتے ہیں اور ہم سالوں سے کچھ نہیں لے رہے ہیں۔انہوں نے انڈیا کے وزیراعظم نریندر مودی کے دورے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم (نریندر مودی) ابھی واپس گئے ہیں۔ وہ میرے بہت اچھے دوست ہیں مگر میں نے ان سے کہا ہے کہ آپ کا ہمارے ساتھ سلوک اچھا نہیں ہے۔امریکہ نے انڈیا کے 52فیصد ٹیرف کے جواب میں ان پر 26فیصد جوابی ٹیرف عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔اسی طرح چینی درآمدات پر 34فیصد ٹیرف عائد کیا جائے گا جبکہ ٹرمپ کی جانب سے پہلے عائد کیے گئے 20فیصد محصولات کے علاوہ مجموعی طور پر نئی درآمدات 54 فیصد تک پہنچ جائیں گی۔جوابی ٹیرف میں امریکہ نے اپنے قریبی اتحادیوں کو بھی نہیں بخشا بشمول یورپی یونین، جسے 20فیصد ٹیرف کا سامنا ہے، اور جاپان، جسے 24فیصد کی شرح کا ہدف دیا گیا ہے۔ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے لگائے گئے جوابی ٹیرف کے نفاذ کی تاریخیں بھی الگ الگ ہیں۔کم سے کم شرح جو کہ 10فیصد ہے کا نفاذ پانچ اپریل جبکہ سب سے زیادہ شرح نو اپریل سے لاگو ہوں گی۔امریکی جوابی محصولات کے جواب میں چین نے جمعرات کو کہا ہے کہ وہ ان کی شدید مخالفت کرتا ہے۔چین نے اپنے مفادات اور حقوق کے تحفظ کے لیے جوابی کارروائی کا بھی کہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

جاری فوجی آپریشن میں بڑے پیمانے پر توسیع کا اعلان کیا ہے تاہم اسرائیلی وزیر دفاع کا بیان بغیر توجہ کے نہیں گزرا بلکہ اس نے غزہ میں قید اسرائیلی یرغمالیوں کے خاندانوں کے دلوں میں دہشت پیدا کر دی۔میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی یرغمالیوں اور لاپتا افراد کے فورم کی جانب سے جاری ایک بیان میں پوچھا گیا کہ کیا علاقائی مفادات کے حصول کی خاطر یرغمالیوں کو قربان کردینے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے؟ فورم کے مطابق معاہدے کے ذریعے اور جنگ کو ختم کر کے یرغمالیوں کی آزادی یقینی بنانے کے بجائے اسرائیلی حکومت لڑائی کے لیے مزید فوجیوں کو غزہ بھیج رہی ہے۔فورم کے بیان کے مطابق قیدیوں کے خاندانوں نے جب آج صبح بیدار ہو کر وزیر دفاع کا بیان دیکھا تو وہ دہشت میں مبتلا ہو گئے، جس میں یسرائیل کاٹز نے غزہ کی پٹی میں وسیع اراضی پر کنٹرول کے مقصد سے فوجی آپریشن میں توسیع کا اعلان کیا۔

بقیہ بقیہ جات 19

یسرائیل کاٹز نے اعلان کیا ہے کہ تل ابیب فلسطینی اتھارٹی کو مغربی کنارے کا کنٹرول سنبھالنے کی اجازت نہیں دے گا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے ایک انٹرویو میں کہا کہ جس طرح ہم جنین، طولکرم اور نور شمس کے پناہ گزین کیمپوں میں فلسطینی دہشت گردی کو کچل رہے ہیں، اسی طرح ہم فلسطینی اتھارٹی کی طرف سے یہودا اور سامرا پر کنٹرول حاصل کرنے اور یہودی بستیوں کو نقصان پہنچانے کی کسی بھی کوشش کو روکیں گے۔انہوں نے مغربی کنارے کے لیے اسرائیلی اصطلاح یہودا اور سامرہ کا استعارہ استعمال کرتے ہوئے کہا کہ گذشتہ ایک سال کے دوران ہم نے یہودا اور سامرا میں غیر قانونی عرب ڈھانچوں کو گرانے کا ریکارڈ توڑا ہے۔انہوں نے بستیوں کی توسیع اور نئی اسرائیلی بستیوں کی تعمیر کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس جنگ کو جیتنے کے لیے ہمیں اضافی اسٹریٹجک ٹولز کا استعمال کرنا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 20

پریس کانفرنس میں مزید کہا کہ ہم یوکرین میں جنگ بندی کے معاہدے تک پہنچنے کے لیے صدر ٹرمپ کی کوششوں کو سراہتے ہیں۔ گرین لینڈ کے بحران کے بارے میں روٹے نے کہا کہ یہ ان چیلنجوں کی عکاسی کرتا ہے جن کا ہمیں سرد شمالی پانیوں کے علاقے میں سامنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 21

۔میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی طالب علم صالح الجبوراد سمیت دو طلبہ ملک چھوڑنے پر مجبور، نارتھ کیرولائنا اسٹیٹ یونیورسٹی نے امریکی حکومت سے ویزا منسوخی پر وضاحت کا مطالبہ کردیا۔نارتھ کیرولائنا اسٹیٹ یونیورسٹی نے طلبہ کی معاونت جاری رکھنے کا اعلان کردیا۔یونیورسٹی کا کہنا تھا کہ متاثرہ طلبہ اپنی تعلیم بیرون ملک آن لائن سے مکمل کرسکیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 22

دہشت گرد مسجد میں گھس گئے، جنہیں مقامی افراد نے گھیر کر گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کردیا۔دہشت گردوں اور مقامی افراد کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جب دہشتگردوں کو فرار کا کوئی موقع نظر نہ آیا تو انہوں نے مقامی افراد سے مذاکرات کیے۔جس کے بعد دہشت گردوں کو دوبارہ نہ آنے کی شرط پر چھوڑ دیا گیا۔پولیس کے مطابق مقامی افراد اور دہشت گردوں میں مذاکرات پولیس کے آنے سے پہلے ہوئے۔دہشت گردوں نے قرآن پر حلف لیا کہ وہ پھر گاؤں لنگر خیل پکہ نہیں آئیں گے، جس پر ان کی جان بخشی کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 23

ساتھ واپس لاہور پہنچ رہے ہیں، اپنے پیاروں کے ساتھ عید کی چھٹیاں گزارنے کے بعد لوگوں کی بڑی تعداد نے لاہور کا رخ کر لیا ہے۔پردیسیوں کی واپسی کے باعث شہر کے لاری اڈوں اور ریلوے سٹیشن پر بھی رش دیکھنے میں آرہا ہے۔پردیسیوں کا کہنا ہے کہ عید کی چھٹیاں گزرنے کا پتا ہی نہیں چلا، روزی کی خاطر اپنے پیاروں سے دور ہیں مگر عید پر ان کے ساتھ خوب لطف اٹھایا، اب کام کرنے کا وقت ہے۔خیال رہے کہ حکومت کی جانب سے 31مارچ سے 2اپریل تک عید کی چھٹیوں کا اعلان کیا گیا تھا، سرکاری ملازمین ہفتہ اور اتوار کے ساتھ 5 چھٹیوں سے لطف اندوز ہوئے اور آج 3اپریل سے سرکاری دفاتر اور کاروباری مراکز معمول کے مطابق کھلے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 24

کی جانب سے بل پر کڑی تنقید کی گئی۔میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی سیاسی جماعت کانگریس کے رہنما راہول گاندھی کا کہنا تھا کہ وقف ترمیمی بل کا مقصد مسلمانوں کو پسماندہ اور جائیداد حقوق کو غصب کرنا ہے۔راہول گاندھی نے کہا کہ بی جے پی اور اتحادیوں کا آئین پر یہ حملہ مسلمانوں پر حملہ ہے۔راہول گاندھی کا کہنا تھا کہ وقف ترمیمی بل مستقبل میں دوسری برادریوں کو نشانہ بنانے کی مثال بنے گا۔ان کا مزید کہنا تھا کہ یہ بل ہندوستان کے تصور پر حملہ اور مذہبی آزادی کی خلاف ورزی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 25

شہید پاک آرمی کے ایک بہادر افسر تھے جنہیں 1971 کی پاک بھارت جنگ میں غیر معمولی بہادری کے اعتراف میں پاکستان کے اعلیٰ ترین فوجی اعزاز نشان حیدر سے نوازا گیا، وہ 4اپریل 1938 کو ضلع گجرات کے قصبہ ڈنگہ میں پیدا ہوئے، ابتدائی تعلیم کے بعد انہوں نے جذبہ حب الوطنی کے ساتھ 13اکتوبر 1963 کو فرنٹیئر فورس رجمنٹ میں کمیشن حاصل کیا، میجر اکرم نے 1965 کی جنگ میں بھی حصہ لیا اور کئی کامیاب آپریشنز کی قیادت کی، 1971 کی جنگ کے دوران وہ مشرقی پاکستان کے علاقے ہلی میں تعینات تھے جہاں ان کی کمپنی کو بھارتی فوج کی شدید یلغار کا سامنا کرنا پڑا، انہوں نے محدود وسائل کے باوجود دشمن کی پیش قدمی کو روکے رکھا اور بے مثال جرات کا مظاہرہ کیا، 5دسمبر 1971 کو میجر اکرم دشمن کے ساتھ بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کر گئے، ان کی بہادری اور قربانی کے اعتراف میں انہیں پاکستان کے اعلیٰ ترین فوجی اعزاز نشان حیدر سے نوازا گیا، میجر محمد اکرم کی آخری آرام گاہ مشرقی پاکستان (موجودہ بنگلہ دیش) میں ہے اور ان کی یاد میں پاکستان میں مختلف تقریبات منعقد کی جاتی ہیں تاکہ ان کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا جاسکے، میجر اکرم کی زندگی اور قربانی پاکستان کی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھی جائے گی اور وہ نوجوان نسل کے لیے ایک مثال ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 26

نسٹم انسپکٹر راشد سومرو، اہلکار وزیر احمد اور باورچی رفیق چاچڑ کو اغوا کر کے لے گئے۔ڈاکوؤں کی جاری کردہ ویڈیو میں مغوی اہلکار حکومت سے اپیل کر رہا ہے کہ ڈاکوؤں کے گرفتار رشتہ دار رہا کیے جائیں، ورنہ انہیں قتل کر دیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 27

خان نے کہا کہ جیل حکام نے کہا تھا عید کی چھٹیوں میں کسی کی ملاقات نہیں ہوگی، پھر چند لوگوں کو ان سے ملنے بھی دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ کیا یہ پابندی صرف فیملی ارکان کے لیے تھی؟

بقیہ بقیہ جات 28

خالد اور نسیم صابر کیساتھ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔چودھری منظور نے حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ آپ کارپوریٹ فارمنگ کے نام پر پنجاب کے چھوٹے کاشتکاروں کا قتل کر رہے ہیں، پیپلز پارٹی یہ نہیں ہونے دیگی، ہم ہر جگہ کاشتکاروں کیساتھ کھڑے ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ آپ نے نان ایشو کھڑا کیا، پہلے 2صوبوں کے حالات خراب ہیں اب تیسرے میں بھی کرنا چاہتے ہیں۔یہ منصوبہ بالکل فزی ایبل نہیں، بتائیں کون سی نہر بند کر رہے ہیں۔چودھری منظور نے واضح کیا کہ صدر مملکت صرف پارلیمنٹ کے بل اور آرڈیننس کی منظوری دیتے ہیں، وہ ایک میٹنگ تھی جس کے منٹس کو غلط طریقے سے پھیلایا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پانی کا مسئلہ بہت حساس ہے اور اس پر پاک بھارت مسئلہ رہا ہے۔آپ چولستان کینال بنا رہے ہیں جس سے بنجر رقبہ آباد کیا جائے گا، پہلے کہتے ہیں کہ یہ صرف سیلاب کے دنوں میں چلے گی۔نئی نہروں پر سندھ میں بہت احتجاج ہو رہا ہے۔چودھری منظور نے واضح کیا کہ سیلاب جولائی سے ستمبر تک آتے ہیں۔بتایا جائے کہ چولستان کینال کو کب سے پانی دیں گے، باقی 9ماہ اس کینال کو کہاں سے پانی دیں گے، وہاں زمینیں دینے والوں کو 9ماہ کیسے پانی دیں گے۔ممبر سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی نے کہا کہ کہتے ہیں کہ 14ڈی بحال کرینگے، آپ یہ کر سکتے ہیں یہ ہر صوبے کا حق ہے مگر پاکستان کے نہری نظام میں 20فیصد پانی پہلے سے کم ہے، اس وقت 95 ایکڑ فٹ پانی ہے جبکہ 20ملین سسٹم سے غائب ہوچکا ہے۔انہوں نے زور دیکر کہا کہ اس پانی کی کمی کو تمام صوبوں میں تقسیم ہونا ہے۔چودھری منظور نے کہا کہ یہ پنجاب اور چولستان کا مسئلہ ہے جس سے اوکاڑہ ،ساہیوال، رحیم یار خان، بہاولنگر سب متاثر ہوں گے۔میڈیا سوالوں کے جواب میں چودھری منظور نے کہا کہ یہ انسانی تاریخ کا پہلا واقعہ ہے جس میں ریورس انجینئرنگ کر رہے ہیں، ماہرین بھی حیران ہیں کہ یہ کیا ہو رہا ہے؟انہوں نے انکشاف کیا کہ جو بھی نئی نہر نکالتے ہیں اس کا چودہ فیصد ضائع ہوجاتا ہے جبکہ چولستان نہر کا چالیس فیصد ضائع ہونے کا خدشہ ہے، آپ چولستان میں کتنے تالاب بنائیں گے۔وہاں کائی جم جائے گی۔چودھری منظور کا کہنا تھا کہ حکومت نے مالیہ میں دس گنا اضافہ کر دیا ہے۔چودھری منظور نے کہا کہ سسٹم میں پانی موجود نہیں، جس صوبے کا مسئلہ ہے اسکے لوگ بات کریں۔پاکستان میں چار پانچ برس کے بعد زیادہ پانی آتا ہے۔پیپلز پارٹی نے اپنے دور میں کسانوں کو بہترین سپورٹ پرائس دی لہٰذا ملکی معیشت کو کھڑا کرنا ہے تو ایگرو بیسڈ اکانومی لانا پڑے گی۔کپاس ہماری ضرورت سے کم پیدا ہورہی ہے۔زراعت پر ٹیکس لگایا جا رہا ہے۔کسان تباہ ہوگا تو ملک تباہ ہوگا۔یہ سمجھنے کی ضرورت ہے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سنا ہے وزیراعظم آج حاتم طائی کی قبر پر لات مار رہے ہیں،65روپے یونٹ بجلی پیدا کر کے 6روپے کی کمی کی جا رہی ہے۔نہریں قومی منصوبہ نہیں یہاں تماشا لگایا جا رہا ہے۔ہم الائنس کو نہیں، ایشو ٹو ایشو حکومت کو سپورٹ کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 29

سروس آج دوسرے روز بھی معطل ہے۔ذرائع کے مطابق کوئٹہ میں ایک مرتبہ پھر موبائل فون پر انٹرنیٹ سروس معطل کردی گئی ہے۔ شہر میں موبائل فون پر انٹرنیٹ سروس منگل کی شب معطل ہوئی تھی، جس کی وجہ سے شہریوں کو پریشانی اور مشکلات کا سامنا ہے۔گزشتہ دو تین ہفتوں کے دوران شہر میں موبائل فون پر انٹرنیٹ کی یہ تیسری بار معطلی ہے۔موبائل فون انٹرنیٹ سروس شہر اور گردونواح میں احتجاج کے مواقع پر معطل کی جاتی رہی ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ موبائل فون پر انٹرنیٹ سروس سیکیورٹی خدشات کی بنیاد پر معطل کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 30

مستقل مندوب منیر اکرم کو ان کی شاندار خدمات پر خراج تحسین پیش کیا گیا، جنہوں نے عالمی سطح پر پاکستان کی نمائندگی اور سفارتی تعلقات کو مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔تقریب میں شرکت پر نئے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد کا بھی پرتپاک استقبال کیا گیا، سفیر عاصم افتخار احمد نے اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب کا منصب سنبھالتے ہوئے کہا کہ وہ منیر اکرم کی بطور سفیر خدمات کو ہمیشہ سراہتے رہیں گے اور ان کے کام سے حاصل کردہ تجربات کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھیں گے۔استقبالیہ تقریب میں پاکستان کے مختلف سفارتی عہدیداروں اور اقوام متحدہ کے اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی اور منیر اکرم کی خدمات کی تعریف کی، عاصم افتخار احمد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ پاکستان کی اقوام متحدہ میں مزید فعال اور مضبوط نمائندگی کے لئے کام کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 31

کی دوسری کھیپ جمعرات کی صبح روانہ کی گئی۔چینی میڈیا کے مطابق امدادی سامان میں 800خیمے، 2000 کمبل، کھانے کی چیزیں اور پینے کے پانی سمیت دیگر فوری ضروریات کی اشیا شامل ہیں۔اس کے علاوہ، چائنا ریڈ کراس سوسائٹی نے 15لاکھ یوآن کی نقد امداد بھی فراہم کی ہے جبکہ یون نان صوبے کی جانب سے 61لاکھ یوآن مالیت کا ریلیف سامان فراہم کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

ہیلتھ ڈے'' 7اپریل کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد دنیا بھر کے لوگوں کو صحت کی اہمیت سے آگاہ کرنا ہے۔اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر میں وزارت صحت، محکمہ صحت پنجاب، پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن، دیگر طبی تنظیموں اور این جی اوز کے زیر اہتمام تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں صحت مند زندگی گزارنے کی سنہری اصولوں بارے آگاہی دی جائے گی جبکہ اخبارات خصوصی مضامین شائع کریں گے۔دنیا بھر میں صحت کا عالمی دن سب سے پہلے 1950ء میں منایا گیا 1948ء میں عالمی ادارہ صحت (WHO) کے ذیلی ادارے ہیلتھ اسمبلی نے ہر سال 7اپریل کو صحت کا عالمی دن منانے کی منظوری دی جس کے بعد دنیا بھر میں 7اپریل کو ''ورلڈ ہیلتھ ڈے'' منایا جاتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 33

کیا گیا۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 7 گنیں، 48 موزر، 3رائفلیں، 428 پتنگیں اور 26 چرخیاں برآمد کی گئیں۔سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ عید الفطر کے موقع پر لاہور پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے الرٹ رہی۔انہوں نے کہا کہ ہوائی فائرنگ، ون ویلنگ اور پتنگ بازی کے تدارک کیلئے پولیس کی سپیشل ٹیمیں فیلڈ میں موجود رہیں۔سی سی پی او لاہور نے کہا کہ پبلک مقامات پر لیڈی پٹرولنگ سکواڈ نے خواتین اور بچوں میں احساس تحفظ اجاگر کرنے کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔بلال صدیق کمیانہ نے مزید کہا کہ عید الفطر کے موقع پر لاہور پولیس کے تمام ونگز نے شاندار ٹیم ورک کا مظاہرہ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 34

اپنے پاس سے بیانیہ گھڑنا قابل مذمت ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین سے بانی پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت اور پارٹی معاملات پر بات ہوئی۔شیخ وقاص اکرم نے یہ بھی کہا کہ علی امین پارٹی کی سیاسی کمیٹی کے سامنے بانی پی ٹی آئی کی ہدایات رکھیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 35

تمام معاملات میں ہدایات اور احکام نازل فرمائے فرائض و عبادات ، سیاست وحکومت کے قوانین، معاشرت اور سماجیات سے متعلق راہنمائی فرمائی ہے اور جہالت کی تاریکیوں میں ایک صالح دیانتدار ، بااخلاق اور مہذب معاشرہ کو تشکیل دیا، نظام و دستور ہر زمانے اور ہر قوم کے لیے جامع نظام ہے اللہ تعالیٰ کا بھیجا ہوا نظام حیات ہے اس کی افادیت ،قانون فطرت سے مطابقت اور امن و سلامتی پیدا کرنے کی صلاحیت کا اعتراف آج کفری قوتیں کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ ملک میں لادین قوتیں اسلامی اقدار اور اسلامی تہذیب کا جنازہ نکال رہا ہے اور خود ساختہ نظام کو مسلط کیا جا رہا ہے جس کی باعث بحران در بحران کا سامنا کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 36

،اظہر علی، شعیب محمد، یوسف علی، ربنواز، سلیمان لیاقت، محمد نواز خان، احسان رضا شاہ، محمد عمر، حافظ محمد شمیم، حنا سحرش، شہباز الحسن، ابوبکر، زاہد اقبال، آصف خان، محمد آصف، دانیال افضل، فہد اعوان، محمد رضوان، عابد حسین، وسیم قیصر، محمد شفیق، پرویز اختر، محمد طلحہ، شائستہ امداد، نازش سحر، عرفان احمد میمن، ابراہیم خان، نادیہ پروین، ارم یاسر، اسلم راجپر، شگفتہ اکبر، صبا جعفری، سید احمر حسین اور ہدایت اللہ شامل ہیں۔2023 میں جن چار ملازمین کو نوکری سے فارغ کیا گیا ان میں سعد انور، کامران وحید، احمد عمر اور عدیل احمد شامل ہیں جبکہ 2022 میں 6 ملازمین انسانی سمگلروں سے تعلقات کے باعث نوکری سے فارغ کیے گئے جن میں گلزار احمد، شاہدہ یاسمین، محمد عباس، نذر محمد، محمد احسن اور محمد وسیم شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 37

ہے۔پریس کانفرنس میں ڈی آئی جی کوئٹہ اعتزاز احمد گورایہ نے کہا کہ ٹرین حملے کے بعد آپریشن میں مارے گئے دہشت گردوں کی لاشیں بی وائی سی کے لوگ اسی رات لینے پہنچے، اسپتال انتظامیہ کو مار پیٹ کے لاشیں وہاں سے اٹھائی گئیں۔انہوں نے پرامن احتجاج کا کہا تھا، لیکن سی سی ٹی وی کیمرے توڑے گئے، آپٹک فائبر کو جلایا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 38

میں کرلی آئی ہے۔ان کا مزید کہنا ہے کہ تمام ایسے فیصلے کرنے کا حق رکھتے ہیں جو عوامی مفاد میں ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 39

ٹن سالانہ ہے تیز ترشاوہ پھلوں کی مجموعی پیداوار کا صرف 9 سے 10 فیصد برآمد کیا جاتا ہے جبکہ اس برآمدی حجم کو جدید سائنسی طریقے اپنا کر تین گنا تک بڑھایا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بغیر بیج کے مالٹا اور گریپ فروٹ کی اقسام تیار کی جا چکی ہیں اس کے علاوہ کنو میں بیجوں کی تعداد نہایت کم کیے جانے کے تناظر میں ترشاوہ پھلوں نے اہمیت کے لحاظ سے ایک نئی جہت اختیار کر لی ہے۔انہوں نے کہا کہ پھلوں کا زیادہ تر نقصان اہم امور سے باغبان حضرات کی ناواقفیت کی وجہ سے ہوتا ہے کیونکہ اکثر اوقات پھل کی زیادہ قیمت وصول کرنے کے لالچ میں پھل کو سیزن کے شروع میں توڑ لیا جاتا ہے جبکہ پھل پوری طرح تیار نہیں ہوتا جس سے پھل کی فعلیاتی پختگی اور تجارتی پختگی دونوں متاثر ہوتی ہیں نیز پھل جسامت میں کم رہتا ہے اسی طرح رنگت میں سبز اور بیرونی دلکشی و جاذبیت سے محروم ہونے کی وجہ سے مارکیٹ میں مناسب قیمت حاصل نہیں کرسکتا اور اس قسم کا پھل برآمدی حجم میں کمی کا باعث بنتا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس کے برعکس اگر پھل کو زیادہ دیر تک درخت پر رکھا جاتا ہے تو اس سے پھل میں جوس کی مقدار کم ہو جاتی ہے، ذائقے میں ناخوشگوار تغیر آ جاتا ہے، چھلکیں خشک ہو جاتی ہیں اور پھل کھٹاس و مٹھاس کے مناسب امتزاج سے محروم رہتا ہے۔انہوں نے کہا کہ باغبان اس ضمن میں ماہرین زراعت کے مشوروں پر عمل کریں تاکہ ترشاوہ پھلوں کی بہترین پیداوار کے حصول کے علاوہ انہیں مناسب معاوضہ بھی مل سکے۔

بقیہ بقیہ جات 40

کئی لاکھوں بارودی سرنگوں سے انسانی زندگیوں کو درپیش خطرات اور ان سے بچنے کیلئے مختلف احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے حوالے سے عالمی کوششوں پر روشنی ڈالی جائے گی۔اقوام متحدہ نے دنیا میں سب سے زیادہ ہلاکت خیز ہتھیار پر پابندی اور اس کی ہلاکتوں سے عوام شعور بیدار کرنے کی غرض سے 2006 کو اس حوالے سے پہلا عالمی دن منایا گیا۔بارودی سرنگیں ایک ایسا ہتھیار ہے کہ جو نہ صرف جنگ دوران ہلاکتوں کا سبب بنتا ہے بلکہ جنگ ختم ہونے کے بعد زمانہ امن میں بھی ہلاکت خیزی پھیلاتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

17ہزار 806پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 42

شریک دستے حقیقت سے قریب ترین سنیاریو تخلیق کرتے ہوئے مشقیں کرتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ مشترکہ عسکری مشقوں کا مقصد شریک فورسز کی صلاحیتوں میں اضافہ اور مختلف جنگی حوالوں سے جوانوں کی عملی تربیت کرنا ہے جن میں حملہ کرنا، دفاعی پوزیشن اور دشمن سے بچنے کے علاوہ گھات لگانا وغیرہ شامل ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

جانے والے پارسل سے 2عدد کمپیوٹر ٹیبل میں چھپائی گئی 996 گرام آئس برآمد ہوئی۔ملتان روڈ لاہور پر بس ٹرمینل کے قریب مسافر کے ٹرالی بیگ سے 30کلو چرس برآمد ہوئی۔حیدرآباد میں جامشورو کے قریب بس میں سوار ملزم سے 5 کلو چرس اور ایک کلو آئس برآمد کی گئی۔گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 44

بیان میں کہا ہے کہ مولانا حامد الحق شہید کی جدائی عید الفطر پر شدت سے محسوس ہوئی، حق کی آواز کو دبا دینے والے ظالم سفاک قاتلوں کا ابھی تک گرفتار نہ ہونا حکومتی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے، کے پی کے اور بلوچستان میں بے دردی سے علماء کو شہید کیا اور دہشتگردی کے واقعات لمحہ فکریہ ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ملک کی دل خراش صورتحال میں ہمیں عہد کرنا ہوگا کہ پاکستان سے انتہا پسندی، دہشت گردی اور نفرت و تعصب کا خاتمہ کرنا ہے اور عالم اسلام میں اتحاد، یکجہتی کو فروغ دینا ہے۔عالم اسلام میں اس وقت جو بے چینی اور اضطراب ہے، اس کو ختم کرنے میں دنیا بھر کے مذہبی رہنماؤں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔امن اور سلامتی کا ماحول پیدا کرنے کی اشد ضرورت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 45

عکاسی کرتا ہے۔ 2025 کے پہلے دو ماہ میں 22,740 میٹرک ٹن تل چین کو برآمد کئے گئے، پاکستانی تل کی برآمدات میں اس نمایاں اضافے سے زرعی شعبے کو فروغ اور معیشت کو استحکام ملے گا۔بڑھتی ہوئی برآمدات زرعی پیداوار میں بہتری، جدید کاشتکاری طریقوں اور تجارتی آسانیوں کا نتیجہ ہیں، تجارت میں بہتری سے غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر مستحکم، معیشت کو مزید فروغ ملنے کی توقع ہے۔ایس آئی ایف سی کی معاونت سے زرعی مصنوعات کی عالمی منڈیوں تک رسائی پاکستان کے اقتصادی استحکام میں معاون ثابت ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 46

سلمان کی جانب سے 70ملین ریال کا عطیہ سے کیا گیا تھا۔مملکت کی اعلیٰ قیادت کی جانب سے عطیہ مہم کے پانچویں ایڈیشن کو شروع کرتے ہی تمام شہروں سے لوگوں نے احسان پلیٹ فارم کے اکاؤنٹ میں عطیات ارسال کرنے کا آغاز کیا، رمضان المبارک کے دوران فطرانہ وصول کرنے کے لیے بھی الاحسان پلیٹ فارم پر سہولت فراہم کی گئی تھی جس کے ذریعے اسال 2.2 ملین ریال فطرانے کی مد میں جمع ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 47

تقریب میں گئے، جہاں سے منیر احمد واپس نہ آیا، اور تلاش کرنے پر اس کی لاش برآمد ہوئی۔ پراسیکیوشن کا دعویٰ تھا کہ ملزمان نے دو نامعلوم افراد کے ساتھ مل کر مقتول کو قتل کیا۔ تاہم، عدالت نے قرار دیا کہ موقع پر کوئی گواہ موجود نہیں تھا اور پراسیکیوشن اپنا کیس ثابت کرنے میں ناکام رہی۔عدالت نے اپنے فیصلے میں لکھا کہ اعلیٰ عدلیہ کے اصولوں کے مطابق اگر کیس میں شک پایا جائے تو اس کا فائدہ ملزم کو دیا جاتا ہے۔ لہٰذا، لاہور ہائیکورٹ نے 2021 میں ٹرائل کورٹ کی جانب سے دیا گیا سزائے موت کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے ملزمان کو رہا کرنے کا حکم جاری کر دیا۔واضح رہے کہ تھانہ سرگودھا پولیس نے 2019 میں مقتول کے قتل کا مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 48

شامل تھا، نومبر 2024 میں بھارتی مگ 29 لڑاکا طیارہ اتر پردیش کے قریب تباہ ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 49

عمل جاری ہے۔پولیس حکام کے مطابق ملزم بلاول کے خلاف رحیم یار خان اور کراچی میں 5 مقدمات درج ہیں، ملزمان سے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے

بقیہ بقیہ جات 50

نے اس صورت حال کے بارے میں کہا کہ جنگ حدوں کو عبور کر چکی ہے۔حکام نے کہا کہ یہ طبی عملے کے کارکنوں کی یہ حالت انتہائی صدمے کا باعث ہے۔ان طبی کارکنوں نے اپنی ہلاکت کے وقت یونیفارم پہنے ہوئے ہونے کے ساتھ ساتھ ہاتھوں پر دستانے بھی پہنے ہوئے تھے۔ میں ہی اجتماعی قبر میں ڈالا گیا ہے۔ انہیں اسرائیلی فوج نے اس وقت قتل کیا جب وہ فلسطینیوں کی جان بچانے کی کوشش میں مصروف تھے۔اقوام متحدہ کے مقامی افسر جوناتھن وٹ بال طبی عملے کے ان ارکان میں سے 8ارکان کا تعلق فلسطینی ہلال احمر سے تھا جبکہ ایک کا تعلق اقوام متحدہ سے تھا۔ سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتریس نے اس بارے میں طبی ارکان کے حوالے سے سخت تشویش کا اظہار کیا۔سیکرٹری جنرل کے اس سلسلے میں جاری کردہ بیان میں کہا کہ اسرائیلی فوج کی طرف سے طبی عملے کے ارکان کے ایمرجنسی قافلے پر بمباری سخت حیران کن اور تکلیف کا باعث ہے۔اس حملے کی وجہ سے 15 طبی کارکنوں سمیت 23افراد ہلاک ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 51

نیوال زخمی جوڑے کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کر کے مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

ہلکی رفتار سے چل رہی ہیں جن میں کمی کا تناسب 87 فیصد ہے۔

بقیہ بقیہ جات 53

کی عمارات پر بھی بمباری کی جارہی ہے۔اسرائیلی وزیراعظم نے کہا ہم اپنے قیدیوں کو ضرور واپس گھروں کو لے جائیں گے۔انہوں نے اپنے بیان میں یہ بھی کہا کہ اسرائیل غزہ کے علاقے پر قبضے کر رہا ہے، حملے کر رہا ہے اور بمباری کر رہا ہے اور غزہ کے ڈھانچے کو تباہ کر رہا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ اسرائیلی فوج مزید قبضہ کر رہی ہے اور مزاحمتی محور کا صفایا کر رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

حملے کے نتیجے میں بیوی اور ایک دوسری خاتون کی موت ہوگئی جبکہ متعدد خواتین زخمی ہوئیں۔بنگلہ دیشی نے خود کو گرفتاری سے بچانے کے لیے تیزاب ڈال کر خودکشی کی کوشش کی لیکن فورس نے اس کی کوشش ناکام بنادی اور اسے گرفتار کرلیا۔اس کے خلاف قانونی کارروائی کی جارہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 55

۔پولیس کے مطابق لاہور کے علاقے چوہنگ میں لڑکی کو شادی سے چند گھنٹے پہلے قتل کر دیا گیا۔اہل خانہ کے مطابق نامعلوم افراد نے لڑکی کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔پولیس نے اس کیس کی مزید تحقیقات اور ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

کے دوران شام، ایران اور عراق پر اسرائیلی طیاروں کی طرف سے کیے گئے حملوں نے ایرانی پراکسیوں کے فضائی دفاعی نظام کے خلاف ایک بڑے فضائی آپریشن کو انجام دینے کی راہ میں حائل بنیادی رکاوٹوں کو ہٹادیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 57

ہیں، تحریک انصاف کے کارکنان کو آج بھی غائب کیا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کے کارکنان اب بھی کیسز بھگت رہے ہیں، تحریک انصاف کو دہشتگرد بنا کر پیش کرنے سے ملک کے معاملات حل نہیں ہوں گے۔زرتاج گل نے کہا کہ حکومت کو ملک کا خیال نہیں، وزیراعظم کا رویہ بھی غیر سنجیدہ ہے، حکومت صرف تحریک انصاف کے پیچھے پڑی ہوئی ہے۔انہوں نے اس موقع پر مزید کہا کہ حکومت کسی کام کی نہیں، ان کا تو ووٹ بھی عوام کی امانت نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 58

میں بتایا گیا ہے کہ نئی دریافت سے یومیہ 122بیرل خام تیل حاصل ہوگا۔اس سے قبل گزشتہ ماہ ماڑی انرجیز لمیٹڈ نے شمالی وزیرستان سے تیل اور گیس کی دریافت کا اعلان کیا تھا۔گزشتہ ماہ ماڑی انرجیز کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق دریافت سے ابتدائی طور پر یومیہ 2 کروڑ 4لاکھ مکعب فٹ گیس اور یومیہ 117بیرل خام تیل حاصل ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 59

شیخ محمد عثمان، جنرل سیکرٹری سید حسن علی قادری، فنانس سیکرٹری سیف الرحمٰن زبیری ، جوائنٹ سیکرٹری عبدالرحمٰن اور ایگزیکٹو ممبران بھی موجود تھے۔حبیب الرحمٰن زبیری نے کہا کہ پائیدار معاشی نمو کے لئے ٹیکس اصلاحات اور صنعتی ترقی کے لیے ڈھانچہ جاتی تبدیلیاں ناگزیر ہیں۔انہوں نے کہا کہ دنیا کے ممالک کا جائزہ لیا جائے تو وہاں پر ریگولیٹری نظام کاروبار کرنے میں آسانی پیدا کرتا ہے جبکہ پاکستان اب بھی بیوروکریٹک پیچیدگیوں، کاروباری لاگت میں اضافے اور پالیسیوں میں عدم استحکام کا شکار ہے۔کامیاب ممالک کی مستقل مزاج پر مبنی پالیسیوں نے سرمایہ کاروں کے اعتماد کو فروغ دیا جس کے نتیجے میں کاروبار کو ترقی ملی جبکہ پاکستان میں صبح اور پالیسی جبکہ اگلے روز ایک نیا ایس آر او، سرکلر اور نوٹیفکیشن جاری ہو جاتا ہے جس سے کاروباری طبقات شدید اضطراب کا شکار ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ٹیکس کا پیچیدہ نظام بھی ایک بڑا مسئلہ ہے، جہاں مشکل ٹیکس کوڈز اور کم تعمیل کی شرح سرمایہ کاری کو روکتی ہے۔طویل مدتی اقتصادی استحکام کے لیے ایک جامع اصلاحاتی حکمت عملی کی ضرورت ہے جو حکمرانی، بنیادی ڈھانچے، ٹیکسیشن، اور کاروباری سہولت پر مرکوز ہو۔

بقیہ بقیہ جات 60

اور فرانزک ٹیم موقع پر پہنچ گئی جس نے شواہد اکٹھے کر کے مختلف پہلوؤں پر تحقیقات کا آغاز کردیا۔پولیس اور تحقیقاتی اداروں کی کارروائی کے بعد لاش کو مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 61

منانے کا اعلان کیا اور عالمی برادری اس اعلان پر لبیک کہتے ہوئے ایسا دن مناتی ہے لیکن دیکھنا یہ چاہیے کہ اقوام متحدہ، دیگر عالمی ادارے اور بین الاقوامی برادری اس دن کو مناتے وقت دیے جانے والے پیغام کو کتنی سنجیدگی سے لیتے ہیں۔اس سلسلے میں ان اداروں اور بین الاقوامی برادری کا سب سے بڑا امتحان یہ ہے کہ دنیا میں سب سے بڑی جمہوریت ہونے کے دعویدار ملک بھارت میں اقلیتوں کے ساتھ کیا سلوک کیا جارہا ہے اور ان کے بنیادی حقوق محفوظ ہیں یا نہیں۔غزہ میں مسلمانوں کی نسل کشی بھی عالمی ضمیر پر بوجھ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 62

فورس رجمنٹ میں شامل ہوئے 1971ء کی پاک بھارت جنگ میں انہیں مشرقی پاکستان میں ہلی کے محاذ پر تعینات کیا گیا تھا۔میجر اکرم شہید نے اس یادگار معرکے میں نہایت جرات اور استقامت کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کیا اور 5دسمبر 1971ء کو جام شہادت نوش کیا۔ان کی شاندار خدمات اور بہادری کے اعتراف میں انہیں پاک فوج کا اعلیٰ ترین فوجی اعزاز نشان حیدر عطاء کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 63

عمل ہوگا۔جدید ٹیکنالوجی کا خودکار نظام فوری نشاندہی کرے گا، ڈیٹا پروسیسنگ، تجزیہ، اور اطلاعات پر مبنی رپورٹس بھی فراہم کرے گا، تھرمل امیجنگ جدید ترین الگوردھم سے کام کرے گی، جدید ممالک کی طرح اس ٹیکنالوجی سے زراعت، حیوانات اور ماہی گیری کے منصوبوں کے فروغ میں بھی مدد لی جائے گی، شجرکاری کے علاوہ جنگلی حیات اور جنگلات کے وسائل کے تحفظ اور فروغ میں بڑی مدد ملے گی۔پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ جنگل کاٹنے دیں گے نہ آگ لگانے دیں گے نہ غیر قانونی شکار ہوگا، یہ غیر قانونی کام کرنے والے مجرموں کا جدید ٹیکنالوجی سے اب شکار ہوگا، تھرمل ٹیکنالوجی سے امن وامان کے حوالے سے بھی مدد لی جائے گی۔ان کا کہنا تھا کہ پنجاب کے شہروں اور جنگلات دونوں میں جرائم پیشہ سرگرمیوں کے تدارک میں تھرمل امیجنگ ٹیکنالوجی سے مدد لیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 64

اسرائیل نے غزہ کے بڑے علاقے پر قبضہ کر کے رفح اور خان یونس کے علاقوں کو جدا کر کے موراج کوریڈور کا نام دے دیا۔اسرائیلی فوج نے شام اور لبنان پر بھی فضائی حملے کیے۔شامی صوبے دار الحکومت میں صیہونی حملوں میں 11افراد شہید اور متعدد زخمی ہو گئے۔لبنان میں اسرائیلی حملے سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 65

مختلف امریکی اداروں کو حکومتی اخراجات کم کرنے کے لیے ختم کر دیں۔مزید یہ کہ مختلف اداروں میں حکومتی کارکنوں کی تعداد میں کمی کریں۔تاہم اب ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایلون مسک نے حالیہ دنوں میں یہ فیصلہ کرلیا ہے کہ وہ جلد حکومت کے امور سے الگ ہو کر اپنے کاروبار کی طرف پلٹ جائیں گے۔وائٹ ہاؤس کے نمائندے نے کہا کہ مسک کے زیر قیادت کام کرنے والی ٹاسک فورس ابھی اپنے اہداف مکمل کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکی۔

بقیہ بقیہ جات 66

پیشرفت جاری ہے۔بیجوں کی تیاری کے لئے روایتی طریقوں کی بجائے جدت کے ساتھ مشینری کا استعمال بڑھایا گیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ زراعت کی ترقی کسان کی شمولیت کے بغیر ممکن نہیں ،بطور مرکزی اسٹیک ہولڈرز کسانوں کو آگاہی دیئے بغیر مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہوسکتے ۔کسان معیاری بیجوں کے استعمال کو ترجیح دیں، پیداوار بڑھنے سے نہ صرف کسانوں کی آمدن بلکہ ملک کی معیشت بھی گروتھ کرے گی۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے زراعت کی ترقی کے وژن کی تکمیل کیلئے صوبائی وزیر زراعت اور سیکرٹری زراعت کی رہنمائی میں آگے بڑھ رہے ہیں جس کے بہترین نتائج بھی حاصل ہونا شروع ہوگئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 67

نے چھاپہ مارا تو ملزمان فرار ہو گئے جس تھانہ جھال چکیاں پولیس نے پانچ نامزد عزیز شاہ ، محمد علی ، محمد پرویز ، مبشر حیات بھٹی اختر ماچھی اور 4نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا اور ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارتے ہوئے پولیس مصروف تفتیش ہے جن کا کہنا ہے کہ مرغوں کی لڑائی و جوا کروانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں جن کو جلد گرفتار کرلیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 68

پاکستان کی صنعتی بنیاد مستحکم ہوگی، برآمدات کو فروغ ملے گا اور روزگار کے مواقع پیدا ہونگے۔انہوں نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں کمی لاہور چیمبر کا دیرینہ مطالبہ رہا ہے کیونکہ مہنگی توانائی کی وجہ سے صنعتوں کی مسابقتی صلاحیت کم ہو رہی تھی۔ یہ فیصلہ صنعتوں کو پیداوار بڑھانے، برآمدات کو فروغ دینے اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے میں مدد دے گا۔میاں ابوذر شاد، انجینئر خالد عثمان اور شاہد نذیر چودھری نے کہا کہ پاکستان میں کاروباری لاگت زیادہ ہونے کی وجہ سے معاشی ترقی میں مسلسل رکاوٹ آرہی تھی۔بجلی کی قیمتوں میں کمی سے صنعتوں کو درپیش مالی دباؤ میں کمی آئے گی اور کاروباری سرگرمیوں میں تیزی آئے گی۔لاہور چیمبر کے عہدیداروں نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، بجلی کی قیمتوں میں کمی سے انہیں بھی بہت فائدہ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 69

گرفتار اور 199 مقدمات درج کیے گئے۔منشیات فروشوں کے قبضہ سے 39 کلوگرام سے زائد چرس، 03 کلوگرام ہیروئن، 2 کلوگرام کے قریب آئس اور 4 ہزار لیٹر شراب برآمد کی گئی۔انسداد پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 101 ملزمان گرفتار اور 98 مقدمات درج کئے گئے۔پتنگ بازی میں ملوث افراد کے قبضہ سے 1000 پتنگیں اور 85ڈور کی چرخیاں برآمد کی گئیں۔عید الفطر کے ایام میں لاہور میں ون ویلنگ پر 108 قانون شکن گرفتار اور 97 مقدمات درج کیے گئے۔لاہور میں ہوائی فائرنگ کرنے پر 02 قانون شکن گرفتار کر کے مقدمات درج کیے گئے۔لاہور میں پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 20 افراد گرفتار اور 18 مقدمات درج کیے گئے۔لاہور میں عید الفطر کے ایام میں 43 منشیات فروش گرفتار، مقدمات درج اور بڑی مقدار میں منشیات برآمد کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 70

نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ حماس نے وساطت کاروں کے ذریعے پیش کی گئی اسرائیل کی حالیہ تجویز پر جواب نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔اس لیے کہ قابض قوت مصری قطری تجویز کو ناکام بنا کر کسی بھی سمجھوتے کو سبوتاژ کرنا چاہتی ہے۔دوسری جانب حماس کے ایک رہنما نے بتایا کہ تنظیم وساطت کاروں اور عالمی برادری سے اپیل کر رہی ہے کہ قابض حکام سے اس چیز کے احترام کی پاسداری کرائے جس پر اس نے دستخط کیے اور وساطت کاروں کی تجویز کا مثبت جواب دے۔

بقیہ بقیہ جات 71

کہ پاکستان تھائی لینڈ اور میانمار کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتا ہے۔وزیراعظم نے مدد کی پیشکش کرتے ہوئے ان کے تحفظ اور اس تباہی سے جلد بحالی کی خواہش کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ بقیہ جات 72

کیا اور انہیں عید الفطر کے پرمسرت موقع پر مبارکباد پیش کرنے کے ساتھ ساتھ نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔گفتگو کے دوران وزیراعظم نے پاکستان اور عمان کے درمیان ثقافتی، مذہبی اور جغرافیائی قربت پر مبنی تاریخی برادرانہ تعلقات کا ذکر کیا۔انہوں نے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور دفاع سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کی خواہش کا اعادہ کیا۔اس سلسلے میں، وزیراعظم نے پاکستان کے وزیر تجارت کے مسقط کے حالیہ کامیاب دورے پر اطمینان کا اظہار کیا، جس سے دونوں فریقین میں باہمی تعاون سے شراکت کے نئے مواقع تلاش کرنے کی راہ ہموار ہوگی۔وزیراعظم نے عمان کے سلطان کو پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت بھی دی۔عزت مآب سلطان ہیثم بن طارق نے وزیراعظم کی جانب سے عید کی مبارکباد کو قبول کرتے ہوئے پاکستانی عوام کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 73

کیا ہے۔اپنے بیان میں صدر مملکت نے زلزلے میں ہلاکتوں اور مالی نقصان پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں میری ہمدردیاں تھائی لینڈ اور میانمار کی عوام اور زلزلہ متاثرین کے ساتھ ہیں۔انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں زلزلہ متاثرین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 74

امیں درخواست جمع کروائی ہے، بجلی قیمتوں میں یہ کمی اپریل، مئی اور جون 2025ء کیلئے تمام تقسیم کار کمپنیوں اور کے الیکٹرک کے تمام صارفین کیلئے ہوگی، نیپرا حکومتی درخواست پر 4 اپریل کو سماعت کرے گا جس میں بجلی سستی کرنے کے حکومت کے فیصلے کی توثیق کا قوی امکان ہے۔ذرائع کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ حکومت نے 6روپے فی یونٹ تک بجلی سستی کرنے کے ریلیف پیکیج کا منصوبہ بنایا ہے اور 1 روپیہ 71پیسے فی یونٹ کی یہ کمی اسی ریلیف پیکیج کا حصہ ہوگی، وفاقی کابینہ اپنے 26 مارچ کو ہونے والے اجلاس میں لائف لائن گھریلو صارفین کے علاوہ تمام صارفین کیلئے ٹیرف سبسڈی میں 1 روپیہ 71پیسے فی کلوواٹ گھنٹہ (kWh) اضافے کی منظوری دی تھی جب کہ حکومت نے نیپرا میں جمع کروائی جانے والی درخواست میں کہا ہے کہ ٹیرف ڈیفرینشل سبسڈی میں اضافے کا مقصد مالیاتی بوجھ کو متوازن کرنا اور پاور سیکٹر کی پائیداری کو برقرار رکھنا ہے۔بتایا جارہا ہے کہ حکومت کو آئی ایم ایف سے بجلی ٹیرف میں 1 روپے یونٹ کی کمی کی اجازت مل چکی ہے، حکومت کی جانب سے بجلی صارفین کے لیے ریلیف پیکج پر بھی کام جاری ہے، عالمی مالیاتی فنڈ کی منظوری سے اس پیکج کا اعلان کیا جائے گا، اسی دوران عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے بجلی کے ٹیرف میں ایک روپے یونٹ کمی کی اجازت دی، اس حوالے سے آئی ایم ایف کی جانب سے کہا گیا کہ تمام صارفین کو بجلی کی قیمتوں میں ایک روپے یونٹ کا ریلیف ملے گا، یہ ریلیف کیپٹیو پاور پلانٹس پر لیوی سے حاصل ریونیو سے دیا جائے گا، کیپٹیو پاور پلانٹس کی جانب سے گیس کے استعمال پر لیوی عائد کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 75

ہوئے۔اجلاس میں نیشنل اور پراونشل انٹیلی جنس فیوژن اینڈ تھریٹ اسسمنٹ سنٹرز کے قیام پر بھی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ نیشنل انٹیلیجنس فیوژن اینڈ تھریٹ اسسمنٹ سنٹرز کے قیام کی منظوری دی جا چکی ہے، تمام صوبوں میں بھی پراونشل انٹیلیجنس فیوژن اینڈ تھریٹ اسسمنٹ سنٹرز کے قیام پر کام جاری ہے۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی سے نمٹنے کیلئے وزیراعظم، آرمی چیف اور تمام سٹیک ہولڈرز ایک صفحے پر ہیں۔دہشت گردی کے موثر سدباب کیلئے صوبائی سطح پر کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کو مکمل طریقے سے فعال کیا جانا انتہائی ضروری ہے۔وفاقی سطح پر ایف آئی اے کے کاؤنٹر ٹیررازم ونگ کو بھرپور طریقے سے فعال کیا جائے گا۔تمام ادارے غیر ملکی شہریوں کی فول پروف سکیورٹی کے ایس او پیز سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائیں گے۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کو درپیش چیلنجز کے پیش نظر ہر ممکن مدد فراہم کریں گے۔انہوں نے کہا کہ فرنٹیئر کانسٹیبلری کی تنظیم نو کے بعد اسے نیشنل ریزرو پولیس میں تبدیل کیا جارہا ہے۔وفاقی سطح پر ایف آئی اے کے کاؤنٹر ٹیررازم ونگ کو بھرپور طریقے سے فعال کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 76

کی ایک حیثیت ہے ایک دوسرے کے خلاف بات کرنے کا مقصد کیا ہے۔جے یو آئی اور پی ٹی آئی کے مابین اختلافات ہیں لیکن بڑے مقصد کیلئے ساتھ چلنے کو تیار ہیں۔پنجاب میں بزدار کی حکومت کرپٹ ترین حکومت تھی۔مولانا فضل الرحمان کو پی ٹی آئی کے حوالے سے تحفظات ہیں۔

بعدالت جناب چوہدری اکرم صاحب

تحصیلدار لالیاں

انتقال وراثت نمبر 31959

اختری بیگم زوجہ منیر حسین قوم مغل ساکن تحصیل لالیاں ضلع چنیوٹ بغرض تصدیق پیش ہوا ہے۔وارثان بازگشت عمر بی بی۔لشکر علی۔پہلے فوت شد۔منیر حسین بعد میں فوت شد۔شاہ جمال۔زاہد علی۔ندیم اختر۔ساجد علی۔شوقیہ پروین۔فوزیہ (زندگان) انکے علاوہ اگر کوئی حق وراثت رکھتا ہے۔تو سات یوم کے اندر زیر دستخطی کے روبرو پیش ہو کر وضاحت کرے۔بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا۔دستخط مجاز دمہر عدالت جاری ہوا۔

وزیر اعظم کی جانب سے بجلی کی قیمتوں میں کمی انڈسٹری کیلئے بہت بڑا ریلیف ہے، لاہور چیمبر

بجلی کی قیمت میں صنعتوں کے لیے 7.59 روپے فی یونٹ اور گھریلو صارفین کے لیے 7.41 روپے فی یونٹ کی کمی سے پیداواری لاگت میں نمایاں کمی آئے گی

پاکستان میں کاروباری لاگت زیادہ ہونے کی وجہ سے معاشی ترقی میں مسلسل رکاوٹ آرہی تھی، میاں ابوذر شاد، انجینئر خالد عثمان اور شاہد نذیر چودھری کی گفتگو

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان اور نائب صدر شاہد نذیر چودھری نے وزیر اعظم شہباز شریف کے بجلی کی قیمتوں میں کمی کے فیصلے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اسے انڈسٹری اور گھریلو صارفین کے لیے بہت بڑا ریلیف قرار دیا ہے۔ انہوں نے وزیر اعظم کے فیصلے کو سراہتے ہوئے کہا کہ بجلی کے زیادہ نرخ طویل عرصے سے کاروباری برادری کے لیے بڑا چیلنج بنے رہے ہیں۔ بجلی کی قیمت میں صنعتوں کے لیے 7.59 روپے فی یونٹ اور گھریلو صارفین کے لیے 7.41 روپے فی یونٹ کی کمی سے پیداواری لاگت میں نمایاں کمی آئے گی، صنعتی مسابقت میں اضافہ ہوگا اور مہنگائی سے پریشان عوام کو بڑا ریلیف ملے گا۔ لاہور چیمبر کے عہدیداران نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں کمی کا یہ فیصلہ معاشی بحالی، صنعتی ترقی اور مہنگائی پر قابو پانے میں مددگار ثابت ہوگا، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

آئی جی پنجاب کی عید الفطر کے ایام میں بہترین سکیورٹی انتظامات پر پولیس فورس کو شاباش

سی سی پی او لاہور، آر پی اوز، ڈی پی اوز، ٹریفک افسران سمیت سینئر افسران فیلڈ میں موجود رہے، آئی جی پنجاب

موثر پٹرولنگ، مانیٹرنگ، مربوط سکیورٹی انتظامات کی وجہ سے عید الفطر پُر امن گزری، ڈاکٹر عثمان انور کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے عید الفطر کے ایام میں بہترین سکیورٹی انتظامات پر پولیس فورس کو شاباش دی ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ سی سی پی او لاہور، آر پی اوز، ڈی پی اوز اور ٹریفک افسران سمیت سینئر افسران فیلڈ میں موجود رہے۔ موثر پٹرولنگ، مانیٹرنگ اور مربوط سکیورٹی انتظامات کی وجہ سے عید الفطر پُر امن گزری۔ ون ویلنگ، ہوائی فائرنگ، منشیات فروشی، پتنگ بازی میں ملوث افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ عید الفطر پر لاہور سمیت صوبہ بھر سے ون ویلنگ میں ملوث 147 قانون شکن گرفتار اور 135 مقدمات درج کیے گئے۔ ہوائی فائرنگ میں ملوث 07 قانون شکن گرفتار اور 12 مقدمات درج کر کے ناجائز اسلحہ برآمد کیا گیا۔ عید الفطر کے ایام میں 203 منشیات فروش (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

ملتان: کمشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خاں ڈپٹی کمشنر محمد علی بخاری کے ہمراہ "پیرا" کی نئی عمارت کا جائزہ لے رہے ہیں

سرگودھا میں معمولی تلخ کلامی پر پڑوسی نے فائرنگ کر کے مخالف میاں بیوی کو شدید زخمی کر دیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں معمولی تلخ کلامی پر پڑوسی نے فائرنگ کر کے مخالف میاں بیوی کو شدید زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے پولیس زخمی جوڑے کو ہسپتال منتقل کر کے مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ ساہیوال کے گاں لکھی وال میں معمولی تلخ کلامی پر پڑوسی نے فائرنگ کر کے مخالف ممتاز اور اس کی بیوی ناہید بی بی کو شدید زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے پولیس تھانہ سا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

بھارتی فضائیہ کا جیگوار جنگی طیارہ گر کر تباہ، ایک پائلٹ بچ نکلا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی فضائیہ کا ایک جیگوار جنگی طیارہ گجرات کے جام نگر میں گر کر تباہ ہو گیا۔ ایک پائلٹ بحفاظت باہر نکلنے میں کامیاب ہو گیا جبکہ دوسرے کی تلاش جاری ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق گرنے کے بعد طیارے میں آگ لگ گئی، حادثے کی جگہ جام نگر شہر سے 12 کلومیٹر دور سوورده گاں میں ہے۔ بھارتی فضائیہ کے حکام کے مطابق یہ دو نشستوں والا جیگوار طیارہ معمول کی تربیتی پرواز پر تھا۔ گزشتہ ماہ بھی بھارتی فضائیہ کے دو طیارے گر کر تباہ ہو گئے تھے جن میں لڑاکا طیارہ جیگوار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

اجتماعی قبریں جنگ کے غیر محدود ہو جانے کی مظہر ہیں، اقوام متحدہ

طبی کارکنوں نے اپنی ہلاکت کے وقت یونیفارم اور دستانے بھی پہنے ہوئے تھے، حکام

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے غزہ میں امدادی حکام نے غزہ میں قائم کی گئی ایک اجتماعی قبر سے طبی عملے کے 15 ارکان کی لاشیں ملی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق طبی عملے کے ارکان کی یہ لاشیں اجتماعی قبر سے اس واقعے کے بعد نکالی گئی ہیں جب اسرائیلی فوج نے طبی عملے کی ایمبولینس پر فائرنگ کی گئی تھی اور لاشوں کو اجتماعی قبر میں ڈال دیا گیا۔ اقوام متحدہ کے حکام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

کراچی میں موسم بدستور گرم رہنے کا امکان: محکمہ موسمیات

کراچی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36 سے 38 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہنے کا امکان

کراچی (این این آئی) کراچی میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36 سے 38 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہنے کا امکان ہے۔ شہر قائد میں گزشتہ 24 گھنٹوں میں کم سے کم درجہ حرارت 21.5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ کراچی میں شمال مغرب کی سمت سے گرم اور خشک ہوائیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

قیدیوں کی رہائی کے لیے غزہ پر قبضے کی کوششیں جاری ہیں، نیتن یاہو

ہم اپنے قیدیوں کو ضرور واپس گھروں کو لے جائیں گے، اسرائیلی وزیر اعظم

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیلی فوج غزہ کے علاقے کو قبضے میں کر رہی ہے۔ تاکہ حماس پر دباؤ ڈالے اور قیدیوں کو رہا کرے جو اب بھی غزہ میں قید ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ ایک دباؤ کے لیے کیا جا رہا ہے تاکہ ہم اپنے ان 34 قیدیوں کی لاشوں کو بھی حاصل کر سکیں۔ اس مقصد کے لیے غزہ پر بمباری کی جا رہی ہے۔ حتیٰ کہ اقوام متحدہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

بہاولپور: کمشنر بہاولپور ڈویژن مسرت جبیں چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو میں مقیم بچے کو عیدی دے رہی ہیں

عمران خان نے اسٹیبلشمنٹ سے بات کا کسی کو ٹاسک نہیں دیا، شیخ وقاص

علی امین گنڈاپور اور بیرسٹر سیف کی بانی سے ملاقات سے متعلق غلط خبریں چل رہی ہیں، نجی ٹی وی سے گفتگو

کوئی بانی پی ٹی آئی کو مذاکرات کے لیے قائل کرنے نہیں گیا تھا، حکومتی پارٹی کو خوش کرنے کے لیے اپنے پاس سے بیانیہ گھڑنا قابلِ مذمت ہے

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنے کے لیے کسی کو کوئی ٹاسک نہیں دیا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ علی امین گنڈاپور اور بیرسٹر سیف کی بانی سے ملاقات سے متعلق غلط خبریں چل رہی ہیں۔ شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ کوئی بانی پی ٹی آئی کو مذاکرات کے لیے قائل کرنے نہیں گیا تھا، حکومتی پارٹی کو خوش کرنے کے لیے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

لاہور: جے یو آئی تحصیل شالیمار کے ناظم عمومی عثمان خان کی رہائشگاہ پر جماعتی رہنما عید ملن ٹی پارٹی میں شریک ہیں

انسانی اسمگلروں سے گٹھ جوڑ، ایف آئی اے کے 51 ملازمین نوکری سے فارغ

اسلام آباد (این این آئی) انسانی سمگلروں کے ساتھ مبینہ ملی بھگت کے الزام پر ایف آئی اے کے 51 ملازمین کو نوکری سے فارغ کرنے کا انکشاف ہوا ہے، یہ ملازمین پچھلے 3 سالوں میں نوکری سے فارغ کیے گئے۔ پارلیمنٹ کو فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق 2022 میں 6، 2023 میں 4 جبکہ 2024 میں 41 ایف آئی اے ملازمین برطرف کیے گئے۔ 2024 میں جن ملازمین کو نوکری سے برطرفی کی سزا دی گئی ان میں محمد عاقب، ثمینہ رشید، نمرہ، حبیب احمد، سعید اللہ، ساجد اسماعیل، کشور بخاری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

الزام تراشی جماعتِ اسلامی کے رہنماؤں کی عادت بن چکی ہے، ترجمان سندھ حکومت

پیپلز پارٹی اپنے قیام سے تمام فیصلے جمہوری انداز میں کرتی آئی ہے، سمعتا افضال کا ردِعمل آگیا

کراچی (این این آئی) امیر جماعتِ اسلامی کراچی منعم ظفر کے بیان پر ترجمان سندھ حکومت سمعتا افضال کا ردِعمل سامنے آگیا۔ ترجمان سندھ حکومت نے کہا ہے کہ الزام تراشی جماعتِ اسلامی کے رہنماؤں کی عادت بن چکی ہے، عوام کو گمراہ کرنا اور حقائق مسخ کرنا جماعتِ اسلامی کی روایت ہے۔ سمعتا افضال نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اپنے قیام سے تمام فیصلے جمہوری انداز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

پاکستان میں تقریباً 2 لاکھ ہیکٹر زرقبہ ترشاوہ پھلوں کے زیر کاشت ہے، ماہرین

مکوآنہ (این این آئی) جامعہ زرعیہ فیصل آباد کے ماہرین زراعت نے کہا کہ زراعت کو تجارتی بنیادوں پر استوار کر کے زرعی اجناس کی پیداوار کو بڑھانے اور جدید ٹیکنالوجی کو فروغ دے کر نہ صرف پیداواری لاگت کو کم کیا جا سکتا ہے بلکہ ان کی ویلیو ایڈیشن بھی کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان میں پیداوار اور رقبہ کے لحاظ سے ترشاوہ پھل دیگر تمام پھلوں سے سرفہرست ہیں کیونکہ پاکستان میں تقریباً 2 لاکھ ہیکٹر زرقبہ ترشاوہ پھلوں کے زیر کاشت ہے جبکہ ترشاوہ پھلوں کی پیداوار تقریباً 21 لاکھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں ملا جلا رجحان، 38 پوائنٹس کا اضافہ

بازارِ حصص کا 100 انڈیکس 38 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 17 ہزار 845 پر آگیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں عید کی چھٹیوں کے بعد جمعرات کو تعطیلات کے بعد پہلے کاروباری دن ملا جلا رجحان دکھائی دے رہا ہے۔ بازارِ حصص کا 100 انڈیکس 38 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 17 ہزار 845 پر آگیا۔ آج اب تک کے کاروبار کے دوران انڈیکس 1 لاکھ 17 ہزار 873 پوائنٹس کی بلندی پر بھی پہنچا۔ عید سے قبل کاروبار کے اختتام پر انڈیکس 1 لاکھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں بارودی سرنگوں کے بارے میں آگہی کا عالمی (آج) 4 اپریل جمعہ کو منایا جائیگا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں بارودی سرنگوں کے بارے میں آگہی کا عالمی (آج) 4 اپریل جمعہ کو منایا جائے گا اس موقع پر مختلف سرکاری اور غیر سرکاری تنظیموں کی جانب سے واک، تصویری اور دستاویزی فلموں کی نمائش، علمی مباحثے اور پریس کانفرنسوں کا اہتمام کیا جائے گا جن میں جنگ زدہ ممالک میں بچھائی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

سعودی شاہی فضائیہ اور مختلف فورسز کی مشترکہ عسکری مشقیں جاری

مقصد صلاحیتوں میں اضافہ اور جوانوں کی عملی تربیت کرنا ہے، سعودی حکام

ریاض (این این آئی) سعودی شاہی فضائیہ اور مختلف فورسز کی امریکا کے نیلس بیس پر مشترکہ عسکری مشقیں گرین فلیگ 2025 جاری ہیں، ان کا مقصد شریک فورسز کی صلاحیتوں میں اضافہ اور مختلف جنگی حوالوں سے جوانوں کی عملی تربیت کرنا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق وزارت دفاع کے حوالے سے کہا کہ سبز پرچم کے عنوان سے جاری عسکری مشقیں عالمی سطح پر انتہائی اہم ہیں جن میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

فیصل آباد: لوگوں کی بڑی تعداد اپنے کاموں پر واپس جانے کیلئے ریلوے اسٹیشن پر جمع ہیں

لاہور میں افسوس ناک واردات، شادی سے چند گھنٹے پہلے لڑکی قتل

نامعلوم افراد نے لڑکی کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا، کیس کی مزید تحقیقات اور ملزمان کی تلاش شروع

لاہور (این این آئی) لاہور میں افسوس ناک واردات کے نتیجے میں لڑکی جان سے چلی گئی۔ پولیس کے مطابق لاہور کے علاقے چوہنگ میں لڑکی کو شادی سے چند گھنٹے پہلے قتل کر دیا گیا۔ اہل خانہ کے مطابق نامعلوم افراد نے لڑکی کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ پولیس نے اس کیس کی مزید تحقیقات اور ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔ دوسری جانب لوہاری گیٹ کے علاقے میں بیٹے نے تلخ کلامی پر باپ کو قتل کر دیا اور فرار ہو گیا۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کر دی ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

ایلون مسک جلد کابینہ چھوڑ دیں گے، امریکی صدر ٹرمپ

مسک کے زیر قیادت کام کرنے والی ٹاسک فورس کامیاب نہیں ہو سکی، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنی کابینہ کے علاوہ کئی دوسرے قریبی افراد کو بتایا ہے کہ ارب پتی ایلون مسک جلد اپنے حکومتی کردار سے دستبردار ہو جائیں گے۔ امریکی اخبار کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے تین مختلف افراد کے ساتھ یہ بات کی ہے۔ صدر ٹرمپ نے ٹیسلا اور سپیڈکس کے سربراہ کو ذمہ داری سونپی تھی کہ وہ حکومت کے لیے فنڈنگ ممکن بنوائیں اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

لاہور: لاری اڈہ پر لگے اسٹال سے مسافر بچوں کیلئے جوتے خرید رہے ہیں

کراچی، شارٹ ٹرم کڈنیپنگ میں ملوث 2 جعلی پولیس اہلکار گرفتار

ایک ملزم خود کو پولیس افسر اور دوسرا خود کو پولیس اہلکار ظاہر کرتا تھا: ذرائع

ملزمان سول ایوی ایشن ملازم اور پولیس اہلکار کو اغوا کر چکے، ملزم بلاول کے خلاف 5 مقدمات درج ہیں

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے گلشن بلاک 4 میں کارروائی کر کے پولیس نے شارٹ ٹرم کڈنیپنگ میں ملوث 2 جعلی پولیس اہلکاروں کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ایک ملزم خود کو پولیس افسر اور دوسرا خود کو پولیس اہلکار ظاہر کرتا تھا، ملزمان سول ایوی ایشن ملازم اور پولیس اہلکار کو اغوا کر چکے ہیں۔ ملزمان سے 2 پستول، 20 بیگ، پولیس یونیفارم، درجنوں بیجز، جدید ہتھکڑی، 8 موبائل فونز، جعلی بلٹ پروف جیکٹ، کئی گھڑیاں اور جدید ایل سی ڈی برآمد ہوئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم بلاول کے خلاف رحیم یار خان اور کراچی میں 5 مقدمات درج ہیں، ملزمان سے مزید تفتیش کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)

سعودی عرب، قومی عطیہ پلیٹ فارم الاحسان کا پانچواں ایڈیشن

ایک ارب 880 کروڑ ریال کے عطیات جمع کر لئے گئے، عرب ٹی وی

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے قومی عطیہ پلیٹ فارم الاحسان کے ذریعے عطیہ مہم کے پانچویں ایڈیشن میں ایک ارب 80 کروڑ ریال جمع کیے گئے، رمضان المبارک کے دوران 19 ملین ریال سے زائد عطیات کی وصولی ہوئی۔ عرب ٹی وی کے مطابق نیشنل چیریٹی پلیٹ فارم الاحسان کے پانچویں ایڈیشن کا آغاز خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد محمد بن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

قرآن وسنت کے مطابق زندگی گزارنا اصل زندگی ہے، جے یو آئی

اللہ تعالیٰ کے پاک کلام قرآن سے دوری کے باعث مسلمان زبوں حالی کا شکار ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ قرآن وسنت کے مطابق زندگی گزارنا اصل زندگی ہے، سوا ارب آزاد مسلمان سیاسی، معاشی استحصال کا سامنا کر رہے ہیں عالم اسلام غیروں کا غلام بن چکا، اللہ تعالیٰ کے پاک کلام قرآن سے دوری کے باعث آج مسلمان دنیا بھر میں زبوں حالی کا شکار ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

ترجمان بلوچستان حکومت کی اپوزیشن کو پیشکش

مذاکراتی کمیٹی کے سربراہی اپوزیشن یا ڈاکٹر مالک بلوچ کو دینے کو تیار ہیں، شاہد رند

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا ہے کہ اپوزیشن حالات بہتر کر سکتی ہے تو مذاکراتی کمیٹی کے سربراہی اپوزیشن یا ڈاکٹر مالک بلوچ کو دینے کو تیار ہیں۔ شاہد رند نے پریس کانفرنس سے خطاب میں اعلان کیا کہ ڈائیلاگ کے لیے فورم موجود ہیں، لیکن بی این پی صوبائی اسمبلی اور محمود اچکزئی اور پی ٹی آئی قومی اسمبلی میں آنے کو تیار نہیں۔ ترجمان بلوچستان حکومت نے بی این پی کے لانگ مارچ کو کوئٹہ آنے سے روکنے کے فیصلے پر جواب دیا کہ سیکیورٹی تھریٹ کی بنا پر کچھ فیصلے کرنے پڑتے ہیں۔ شاہد رند نے کہا کہ بی این پی لانگ مارچ کے موقع پر کوئٹہ میں دہشت گرد حملے کا خطرہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

چنیوٹ: ایک بزرگ آدمی بچوں کے غبارے بیچ رہا ہے

دبئی بھیجے جانے والے مصالحوں کے پیکٹ سے 164 کلو سے زائد آئس برآمد

مختلف کارروائیوں میں 8 کروڑ 72 لاکھ روپے مالیت کی منشیات برآمد کی گئی، ترجمان اے این ایف

کراچی (این این آئی) کراچی پورٹ سے دبئی بھیجی جانے والی مصالحوں کے پیکٹ سے 164.160 کلو آئس برآمد ہوئی۔ ترجمان اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کے مطابق مختلف کارروائیوں میں 8 کروڑ 72 لاکھ روپے مالیت سے زائد کی 208.643 کلو گرام منشیات برآمد کر لی گئی۔ کراچی پورٹ سے دبئی جانے والی کھیپ میں مصالحے کے پیکٹس سے 164.160 کلو آئس برآمد ہوئی جبکہ کوئٹہ میں کوریئر آفس میں برطانیہ بھیجے جانے والے پارسل سے ایک کلو ہیروئن برآمد کی گئی۔ پشاور انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر جدہ جانے والے مسافر کے سامان میں موجود سلائی مشین میں چھپائی گئی 1.887 کلو آئس برآمد کی گئی۔ ترجمان کے مطابق راولپنڈی میں واقع کوریئر آفس میں ایک کارروائی میں دوحا بھیجے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

مولانا حامد الحق شہید کی جدائی عید الفطر پر شدت سے محسوس ہوئی، جے یو آئی (س)

خیبر پختونخواہ، بلوچستان میں بیدردی سے علماء کو شہید کیا گیا، دہشتگردی کے واقعات لمحہ فکریہ ہیں

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) پنجاب کے امیر پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، مرکزی سالار و امیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین، ناظم اعلیٰ لاہور مولانا طیب عثمان الحسینی، سیکرٹری اطلاعات لاہور قاری رحمت اللہ لاشاری، پیر اکبر ساقی، مولانا عرفان شاکر، مولانا عبد الجبار، مولانا عبیداللہ بھکروی، مولانا صلاح الدین ایوبی و دیگر نے اپنے مشترکہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

ایس آئی ایف سی کی معاونت سے زرعی برآمدات میں نمایاں اضافہ

2025 کے پہلے دو ماہ میں 22,740 میٹرک ٹن تل چین کو برآمد کئے گئے

لاہور (این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کی معاونت سے زرعی برآمدات میں نمایاں اضافہ دیکھنے کو ملا ہے۔ ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے زرعی برآمدات میں تیزی اور عالمی منڈیوں تک رسائی آسان ہوئی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق پاکستان کی چین کو تل کی برآمدات میں 179 فیصد کا نمایاں اضافہ عالمی مارکیٹ میں پاکستانی زرعی مصنوعات کی پیشرفت کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

غزہ: مقبوضہ یروشلم کے قریب اسرائیلی بمباری سے تباہ شدہ غزہ کے علاقے کا منظر

حکومت کو ملک کا خیال نہیں، وزیر اعظم کا رویہ بھی غیر سنجیدہ ہے، زرتاج گل

سوال پوچھنے والوں کو اٹھانا بند کر دیں، کیسز کے ذریعے بانی پی ٹی آئی اور ورکرز کو ذہنی طور پر توڑنا چاہتے ہیں: رہنما پی ٹی آئی

جعفر ایکسپریس واقعے کی بنیاد پر پی ٹی آئی کے کارکنان کے گھروں پر چھاپے مارے جا رہے ہیں، جوڈیشل کمپلیکس میں میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کی رہنما زرتاج گل نے کہا ہے کہ غائب کرنے سے مسائل حل نہیں ہوں گے، سوال پوچھنے والوں کو اٹھانا بند کر دیں۔ اسلام آباد میں جوڈیشل کمپلیکس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے زرتاج گل نے کہا کہ جعفر ایکسپریس واقعے کی بنیاد پر پی ٹی آئی کے کارکنان کے گھروں پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ زرتاج گل نے کہا کہ کیسز کے ذریعے بانی پی ٹی آئی اور ورکرز کو ذہنی طور پر توڑنا چاہتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

لاہور: مقامی پارک میں کھلے ہوئے پھول خوبصورت منظر پیش کر رہے ہیں

زیادہ پیداوار دینے والے بیجوں کی تیاری کیلئے ریسرچ پر خصوصی توجہ مرکوز کی ہے، علی ارشد رانا

لاہور (این این آئی) مینیجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن علی ارشد رانا نے کہا ہے کہ زیادہ پیداوار دینے والے بیجوں کی تیاری کیلئے ریسرچ پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی ہے، سٹڈی کے طور پر پاکستان کے موسمی حالات سے مطابقت رکھنے والے ممالک کی زرعی اجناس کی پیداوار کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ہم پر عزم ہیں کہ پنجاب سیڈ کارپوریشن کو کارپوریٹ طرز کا ادارہ بنایا جائے گا جس کیلئے انوویشن کی طرف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

درختوں کی غیر قانونی کٹائی، جدید ٹیکنالوجی سے نگرانی کا آغاز

جنگلات میں جدید ٹیکنالوجی سے 24 گھنٹے سیٹلائٹ نگرانی کے نظام کا آغاز کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) جنگل میں آگ لگانے اور درختوں کی غیر قانونی کٹائی کرنے والوں کی شامت آگئی جب کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب کے جنگلات میں تھرمل امیجنگ کی جدید ترین ٹیکنالوجی سے چوبیس گھنٹے سیٹلائٹ نگرانی کے نظام کا آغاز کر دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب تھرمل امیجنگ کی جدید ٹیکنالوجی استعمال کرنے والا پہلا صوبہ بن گیا، مری اور راولپنڈی کے جنگلات میں تھرمل امیجنگ سے نگرانی، رات کا گشت شروع کر دیا گیا، تھرمل امیجنگ سے جنگل میں آگ، درختوں کی کٹائی اور غیر قانونی سرگرمیوں کی فوری اطلاع ممکن ہوگئی۔ جدید ٹیکنالوجی سے درجہ حرارت کا پتہ لگایا جاتا ہے، سیٹلائٹ کے ذریعے لی جانے والی تصاویر اور لائیو فیڈ سے متعلقہ علاقے میں تمام سرگرمیاں دیکھی جا سکتی ہیں، آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے ماہرین کی ٹیم کے ذریعے منصوبے پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

نشان حیدر اعزاز حاصل کرنے والے شیر دل جوان میجر محمد اکرم شہید کا 87 واں یوم پیدائش (آج) 4 اپریل کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) نشان حیدر اعزاز حاصل کرنے والے شیر دل جوان میجر محمد اکرم شہید کا 87 واں یوم پیدائش (آج) 4 اپریل کو منایا جائے گا۔ مختلف شہروں میں منعقدہ تقریبات میں میجر اکرم شہید کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ میجر محمد اکرم شہید 4 اپریل 1938ء کو ضلع گجرات کے علاقہ ڈنگہ میں پیدا ہوئے۔ وہ 13 اکتوبر 1963ء کو پاکستان آرمی میں کمیشن حاصل کر کے فرنٹیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

سرگودھا: گرمی کی بڑھتی ہوئی شدت کے پیش نظر بچے لوئیر جہلم کینال میں نہا رہے ہیں

شمالی وزیرستان سے تیل اور گیس کے نئے ذخائر دریافت

ابتدائی تخمینے میں وزیرستان بلاک سے یومیہ 2 کروڑ مکعب فٹ گیس حاصل ہو سکے گی، ماڑی پٹرولیم

میران شاہ (این این آئی) شمالی وزیرستان سے تیل اور گیس کے نئے ذخائر دریافت ہوئے ہیں۔ اس حوالے سے ماڑی پٹرولیم کی جانب سے اعلامیہ جاری کیا گیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ ابتدائی تخمینے میں وزیرستان بلاک سے یومیہ 2 کروڑ مکعب فٹ گیس حاصل ہو سکے گی۔ اعلامیہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

سندر، جواں سالہ لڑکی کو بارات والے دن قتل کر دیا گیا

نامعلوم افراد 23 سالہ عائشہ کو سر میں گولی مار کر قتل کر کے فرار ہو گئے

لاہور (این این آئی) سندر کے علاقہ موہلنوال عزیز کالونی میں جواں سالہ لڑکی کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ نامعلوم افراد نے 23 سالہ عائشہ کو سر میں گولی مار کر قتل کیا اور فرار ہو گئے۔ اہل خانہ کے مطابق مقتولہ کی آج ہی کے دن بارات طے تھی، اطلاع ملتے ہی پولیس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

پہلی ششماہی میں جی ڈی پی کی شرح نمو محض 1.54 فیصد رہی، حبیب الرحمٰن زبیری

لاہور (این این آئی) ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ کے چیئرمین قاری حبیب الرحمٰن زبیری نے کہا ہے کہ حکومت معیشت کی ترقی کی دعویدار ہے جبکہ مالی سال 2025 کی پہلی ششماہی میں جی ڈی پی کی شرح نمو محض 1.54 فیصد رہی جو کم از کم گزشتہ دس برسوں میں سب سے کم ترین ششماہی شرح ہے، حقیقت میں پاکستان کی معاشی صورتحال بدستور پیچیدہ بنی ہوئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے معیشت کے جائزے کے حوالے سے مذاکرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ کے صدر زوہیب الرحمٰن زبیری، سینئر نائب صدر عاشق علی رانا، نائب صدور واصف علی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)



لاہور: آزادی فلائی اوور سے تاریخی بادشاہی مسجد کا خوبصورت منظر

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم ضمیر (کل) 5 اپریل ہفتہ کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم ضمیر (کل) 5 اپریل ہفتہ کو منایا جائے گا۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اعلان کے مطابق ہر سال 5 اپریل کو یہ دن منایا جاتا ہے اور اسے منانے کا مقصد یہ ہے کہ عالمی سطح پر انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں کی بنا پر لوگوں کے درمیان مستحکم اور پُر امن تعلقات قائم کیے جائیں۔ دنیا کے سب سے بڑے ادارے نے ایسے دن کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

اسرائیل کا اقوام متحدہ پناہ گزین کیمپ پر حملہ، 80 افراد شہید

بے گھر افراد بیتِ حنون اور بیتِ لاحیہ کے علاقوں سے جبری انخلا کے بعد عارضی کیمپ میں پناہ لیے ہوئے تھے

اسرائیل نے غزہ کے بڑے علاقے پر قبضہ کر کے رفح اور خان یونس کے علاقوں کو جدا کر کے موراج کوریڈور کا نام دے دیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل کی جانب سے اقوام متحدہ کی پناہ گزین ایجنسی کے طبی مرکز پر حملہ کیا گیا ہے جس میں بچوں اور عورتوں سمیت 22 افراد کا قتل عام کیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق بے گھر افراد بیتِ حنون اور بیتِ لاحیہ کے علاقوں سے جبری انخلا کے بعد عارضی کیمپ میں پناہ لیے ہوئے تھے کہ اسرائیلی فضائیہ نے ان پر بمباری کر دی۔ اس کے علاوہ غزہ پر اسرائیلی حملوں میں مزید 80 فلسطینی شہید ہو گئے۔ دوسری جانب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

لاہور: خانہ بدوش فیملی رکشے پر سوار ہو کر اپنی منزل کی جانب گامزن ہے

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔

آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور